حسنات الحرمین

حضرت خواجہ احمد معصوم ابن حضرت مجدد الف ثانی قدس سرہما کے دوران سفر حرمین الشریفین کے ملفوظات و مکاشفات

جامع

حضرت علامہ شریعت محمد عبید اللہ بن حضرت خواجہ محمد معصوم سرہندی

ترجمہ فارسی

محمد شاکر بن ملا بدر الدین سرہندی

تحقیق و تعلیق و ترجمہ اردو

محمد اقبال مجددی

مکتبہ سراجیہ خانقاہ احمدیہ سعیدیہ ○ موسیٰ زئی شریف

ضلع ڈیرہ اسمٰعیل خان۔ (پاکستان)

Marfat.com

اورنگزیب عالمگیرؒ کی جنگ تخت نشینی کے ایک اہم ماخذ کی اولین اشاعت

حسنات الحرمین

حضرت خواجہ محمد معصوم بن حضرت مجدد الف ثانی قدس سرہما کے سفر حرمین الشریفین کے ملفوظات و مکاشفات

جامع

حضرت مروج الشریعت محمد عبید اللہ بن حضرت خواجہ محمد معصوم سرہندیؒ

ترجمۂ فارسی

محمد شاکر بن ملا بدر الدین سرہندی

تحقیق و تعلیق و ترجمۂ اردو

محمد اقبال مجددی

مکتبۂ سراجیہ خانقاہِ احمدیہ سعیدیہ، موسیٰ زئی شریف
ضلع ڈیرہ اسمٰعیل خان،
۱۹۸۱ء

Marfat.com

سلسلۂ مطبوعات نمبر ۸

جملہ حقوق بحق محمد اقبال مجددی محفوظ

کتاب ——— حسنات الحرمین
مولف ——— حضرت خواجہ محمد معصومؒ سرہندی
جامع (عربی) ——— خواجہ محمد عبیداللہ مروج الشریعت
ترجمہ فارسی ——— محمد شاکر بن ملا بدرالدین سرہندی
تحقیق و تعلیق و ترجمۂ اردو ——— محمد اقبال مجددی
کتابت سرورق ——— حافظ محمد یوسف سدیدی
کتابت متن ——— محمد ریاض تلمیذ الحاج محمد اعظم منور رقم
ناشر و پروف ریڈر ——— محمد سعد سراجی مرشد بابا
طبع اول ——— ۱۴۰۲ھ / ۱۹۸۱ء
مطبع ——— حمایت اسلام پریس لاہور
قیمت ——— PRICE RS.36/-

لائبریری کیٹلاگ کارڈ

محمد معصوم، خواجہ سرہندی :
حسنات الحرمین (ملفوظات و مکاشفات .....)
تصوف ــ تاریخ I ۔ محمد عبیداللہ بن خواجہ محمد معصوم سرہندی، جامع
II ۔ محمد شاکر بن بدرالدین سرہندی، مترجم فارسی III ۔ محمد اقبال مجددی، تحقیق و اردو ترجمہ
IV ۔ عنوان
۲۹۷ ء ۴۰۹

ملنے کے پتے

۱۔ راجہ برادرز بک سیلر، رحیم بازار۔ ڈیرہ اسماعیل خان
۲۔ میاں احمد۔ معرفت قاری شاہ نواز، مسجد سیداں والی پاکستانی چوک اچھرہ لاہور
۳۔ حافظ محمد سعید۔ جامعہ شادریہ جامع مسجد رحیم یار خان

Marfat.com

فہرستِ عنوانات

فہرستِ عکسیات ۵
انتساب ۷
عرضِ ناشر ۹
افتتاحِ سخن (از مرتب) ۱۱
مقدمہ ۱۳
حضرتِ خواجہ محمد معصومؒ ۱۵
ولادت ۱۵
منصبِ ارشاد ۱۶
اولاد و خلفاء ۱۷
حضرتِ خواجہ کی تصانیف ۱۸
مکتوباتِ معصومیہ ۱۸
مکاشفاتِ غیبیہ ۱۹
اذکارِ معصومیہ ۲۰
بیاضِ حضرت خواجہ ۲۱
حضرات کا سفرِ حرمین الشریفین ۲۲
حضرتِ خواجہ کے خلفاء ساکن حرمینؒ ۲۵
شیخ محمد مراد شامی ۲۵
سید زین العابدین یمنی مدنی محدث ۲۸
حضرتِ خواجہ کے قیامِ حرمین کے اثرات ۲۹
آپ کے قیامِ حرمین کے دوران تالیف ہونے والی کتب سلسلہ نقشبندیہ ۳۰
عربستان میں سلسلہ مجددیہ کی ترویج ۳۴
تعلقات حضرت خواجہ محمد معصوم و حضرت شیخ آدم بنوڑی۔ ایک غلط فہمی کا ازالہ ۳۵
مولف حسنات الحرمین حضرت مروج الشریعت ۴۴
درس و تدریس ۴۵
تالیفات ۴۶
مکتوباتِ معصومیہ (تدوین) ۴۶
یواقیت الحرمین ۴۷
رسالہ فی قرأت خلف الامام ۴۷
رسالہ در عدم تعمیل کفار ۴۸
رسالہ در ردِ فخر الدین رازی ۴۹
خزینۃ المعارف ۴۹
اولاد ۵۰
شیخ محمد ہادی ۵۰
تصانیف شیخ محمد ہادی ۵۱
خانوادۂ مترجم حسنات الحرمین ۵۵
حسنات الحرمین ۶۲
فارسی ترجمہ ۶۳

Marfat.com

حسنات الحرمین کی مقبولیت ۶۳
حسنات الحرمین کے خطی نسخے ۶۶
اس عہد کا مذہبی ماحول ۷۲
وحدت الوجود اور وحدت الشہود ۷۲
داراشکوہ کے عقائد کا پس منظر ۷۴
شیخ محب اللہ الہ آبادی ۷۸
محسن فانی کشمیری ۸۲
سرمد ۸۴
بابا لال بیراگی ۸۶
چندر بھان برہمن ۷۹
میاں باری ۹۱
شیخ سلیمان مصری ۹۲
شاہ فتح قلندر ۹۲
دیگر صوفیاء خام اور دارا ۹۴
گرو ہر رائے اور دارا ۹۵
داراشکوہ کے عقائد ۹۷
داراشکوہ اور علمائے کرام کی توہین ۱۰۶
اورنگ زیب کے علماء و مشائخ سے تعلقات ۱۱۱
حضرت خواجہ محمد معصوم اور اورنگزیب ۱۱۱
شیخ برہان الدین شطاری ۱۱۵
شیخ عبداللطیف سلطان پوری ۱۱۶
خواجہ محمد سعید سرہندی ۱۱۸
اورنگ زیب کی دینداری ۱۱۹
جنگِ تخت نشینی میں راسخ العقیدہ ۔
علماء و مشائخ کا کردار ۱۲۲
اورنگ زیب کے نقشبندی مشائخ
سے روابط ۱۳۷
نبائر حضرتِ مجدد الف ثانی اورنگزیب
کی مصاحبت میں ۱۴۴
خلفائے حضراتِ مجددیہ اور
اورنگ زیب ۱۵۲
اورنگ زیب کی سٹیٹ پالیسی کے
پسِ پردہ صدائے مجددی کا احساس ۱۵۷
حسنات الحرمین (فارسی متن)
مع توضیحات و حواشی ۱۶۱
حسنات الحرمین (اُردو ترجمہ) ۲۱۱
مآخذِ مقدمہ و حواشی ۲۵۸
مخطوطات ۲۵۸
مطبوعاتِ عربی ۲۵۹
مطبوعاتِ فارسی ۲۶۰
مطبوعاتِ اُردو ۲۶۴
انگریزی مآخذ ۲۶۷
اشاریہ ۲۷۰

Marfat.com

عکسیات شامل حسنات الحرمین

۱۔ نقشہ جزیرۂ عرب و بندرگاہ مخا جہاں حضرت خواجہ محمد معصوم نے قیام فرمایا۔ ۱۴

۲۔ حضرت خواجہ محمد معصوم سرہندی کے مزار کا گنبد۔ (ماخوذ از تصویری کتابچہ سرہند طبع مکتبہ ایشیق، استنبول۔ ترکی) ۴۳

۳۔ درگاہِ حضرت خواجہ محمد معصوم سرہندی کا دروازہ (از کتابچہ سرہند) ۴۳

۴۔ حسنات الحرمین کے جامع خواجہ عبیداللہ مروج الشریعت کا مزار (ماخوذ از کتابچہ سرہند) ۵۴

۵۔ حسنات الحرمین کے قلمی نسخۂ انڈیا آفس کا پہلا ورق ۶۸

۶۔ حسنات الحرمین (نسخۂ انڈیا آفس) کا ورقِ ثانی ۶۹

۷۔ ایضاً آخری دو ورق ۷۰

۸۔ حسنات الحرمین کے خطی نسخہ مملوکہ مولانا محمد ہاشم جان مرحوم، ٹنڈو سائیں داد (سندھ) کا پہلا ورق ۷۱

۹۔ اورنگ زیب کا ایک غیر مطبوعہ خط بنام حضرت خواجہ محمد سعید و خواجہ محمد معصوم سرہندی جو دارا شکوہ کو شکست دینے کے فوراً بعد خوش خبری کے طور پر سرہند ارسال کیا گیا۔ مبنی بر خطی مکتوباتِ حضرت مجدد، کتب خانہ گنج بخش، مرکز تحقیقات فارسی راولپنڈی۔ ۱۳۲

۱۰۔ اورنگ زیب کا ایک غیر مطبوعہ خط بنام حضرت خواجہ سیف الدین سرہندی مبنی بر

Marfat.com

نسخہ خطی مذکورہ نمبر ۹ ۱۴۹

۱۱۔ سلطنت مغلیہ کا وہ نقشہ جو حضرت خواجہ محمد معصوم سرہندی کے وصال سے صرف دو سال بعد برنیر کے سفرنامہ کے ساتھ ۱۶۷۰ء میں پیرس سے طبع ہوا ۱۵۹

۱۲۔ حضرت مجدد کی مسجد کا وہ مقام جہاں کعبہ حسنا نے نزول فرمایا ۲۱۷

(ماخوذ از کتابچہ سرہند)

Marfat.com

انتساب

پروفیسر حافظ محمود شیرانی مرحوم کے نام
جن کی تحقیقی کاوشوں سے متاثر ہو کر مرتب
کتاب ہذا نے اس "گلشنِ ہمیشہ بہار"
میں قدم رکھا۔

احقر
محمد اقبال مجددی

Marfat.com

عرضِ ناشر

دورِ حاضر میں جبکہ تحقیق و تدقیق کے کام نے جانبداری و طرفداری کا نام پالیا ہے اور بررسی کو ذاتی خیالات و رجحانات کے ترجمہ و ترجمانی کا فرض سمجھ لیا گیا ہے اور مستشرقین و مستغربین کی شکر چڑھی گولیوں نے جدید تعلیم یافتہ معاشرے کے دل و دماغ کو اپنے مہلک اثرات کے گھیراؤ میں لے لیا ہے تو اس امر کی ضرورت اور شدید ہو جاتی ہے کہ ایسی نادر خطی کتب کی اشاعت عام تام کی جائے جو مآخذ و مراجع اور کتب حوالہ کی حیثیت رکھتی ہیں اور جن کی علمی و تاریخی حیثیت و اہمیت مسلم و مقدم ہے اور جن کی عدم طباعت و اشاعت کے سبب اپنے اور بیگانے شعوری و لاشعوری طور پر تاریخی مسلمات کا چہرہ مسخ کر رہے ہیں۔

زیرِ نظر کتاب ـــــ حسنات الحرمین ـــــ اسی قسم کی ناگزیر کتاب ہے جو ابھی تک غیر مطبوعہ حالت میں گوشۂ خفا میں مستور و مہجور رہی جبکہ اس کی اشاعت اب سے بہت پہلے ہو جانی چاہیئے تھی لیکن کل امرٍ مرھون باوقاتھا کے مصداق یہ تعطل و انقطاع بھی تو ناگزیر تھا۔

کارکنانِ مکتبہ سراجیہ کے لیے اس دُرِّ بے بہا کی منظرِ عام پر جلوہ گری بہجت و مسرت کا پیام اور وقار و افتخار کا انعام ہے۔ الحمد للہ ثم وثم۔

محمد اقبال صاحب مجددی سلمہ بے شمار آفرین کے حقدار اور بسیار تحسین کے سزاوار ہیں کہ آپ نے علمی و تاریخی معادن سے اس گوہرِ گراں مایہ کا سراغ لگایا اور مکتبہ سراجیہ کی گزارش پر اس کا ترجمہ و مقدمہ اور حواشی تحریر کر کے اس کے ہر رُخ تاباں کو اور نمایاں کر دیا۔

Marfat.com

بادی النظر میں یہ کتاب حضرت قبلہ مولانا خواجہ محمد معصوم مجدّدی سرہندی رحمۃ اللہ علیہ کے ملفوظات حسنات کا مجموعہ ہے لیکن تصوّف و رُوحانیت سے متعلق احباب کے لیے ایک ارمغانِ رُوحانی کی حیثیت رکھتی ہے جبکہ تاریخی و تحقیقی کام کرنے والے حضرات کے لیے ایک علمی و تاریخی سوغات ہے۔ یہ نادر کتاب ایک ایسا آئینہ ہے جو مغل دورِ حکُومت کی تین مشہور شخصیتوں شاہجہان، داراشکوہ اور اورنگ زیب عالمگیر کے باہمی تعلقات و مناقشات اور خانوادہ مجدّدیہ کا کردار حکومتِ وقت میں نت نئے ظہور پذیر ہونے والے تغیرات پر اس خانوادہ مبارکہ کے اثرات اور امتِ اسلامیہ ہندیہ کے حق میں رونما ہونے والے ثمرات و نتائج کی بھرپور رُونمائی کرتا ہے اور ساتھ ہی اس حقیقت کا انکشاف بھی ہوتا ہے کہ خانوادہ مجدّدیہؒ اور اس کے متعلقین و منتسبین کا تحریری سرمایہ کھنگالے بغیر اس دور کی صحیح ترین اور مکمل ترین تاریخ مرتب نہیں کی جا سکتی۔ فقط

المخلص

خاکسار مُحمّد سعد سراجی مرشد بابا
مالک مکتبہ سراجیہ خانقاہ احمدیہ سعیدیہ
موسیٰ زئی شریف ضلع ڈیرہ اسماعیل خان

۲۸ ربیع الاوّل ۱۴۰۲ ہجری

Marfat.com

اِفتتاحِ سُخن

۱۹۶۷ء کے اوائل کی بات ہے راقم ابتدائی درجے کا ایک طالب علم تھا جبکہ نجیب اشرف ندوی مرحوم کے نوشتہ مقدمہ رقعات عالمگیر کے مطالعہ کا موقعہ ہاتھ آیا۔ جس سے اورنگ زیب عالمگیر کی شخصیت کے خاکے نقوشِ ذہن پر مرتسم ہونا شروع ہوئے اور ۱۹۷۳ء تک اس گراں قدر مقدمے کا کئی مرتبہ بالاستیعاب مطالعہ کیا۔ جس سے نہ صرف اورنگ زیب کی پختگیٔ کردار بلکہ اسلام کے دفاع کے لیے اس کے ابتدائی دور کی خدمات کا وہ نقش دل و دماغ پر ثبت ہوا کہ راقم کے شب و روز اس قسم کی کتابوں کی تلاش میں بسر ہونے لگے۔ اس دوران میں اورنگ زیب عالمگیر کو "محی الدین" بنانے والے سلسلہ عالیہ نقشبندیہ کی سیاسی اور سماجی خدمات سے آگاہ ہونے کا جذبہ بھی پیدا ہوا اور آج یہی جذبہ جنون کے ابتدائی مراحل طے کر کے طالب علمی کے پہلے زینے پر قدم رکھ چکا ہے ——

۱۹۷۵ء کے آغاز میں جب اللہ تعالیٰ نے پاکستان میں اس سلسلہ کے ذاتی کتب خانوں سے استفادہ کا موقعہ ارزانی فرمایا تو پیشِ نظر کتاب "حسنات الحرمین" کے خطی نسخوں کا سراغ لگانا شروع کیا نیز ۱۹۷۶ء کے ایران و افغانستان کے علمی سفر کے دوران اس کتاب کے خطی نسخوں کی تلاش برابر جاری رہی اور اب تک بحمد للہ اس کے پانچ خطی نسخوں کے وجود کا علم ہو چکا ہے۔

گذشتہ ایک سال سے جناب صاحبزادہ محمد سعد سراجی مرشد بابا (ابن حضرت

Marfat.com

مولانا خواجہ محمد اسمٰعیل سراجی مجددی سجادہ نشین خانقاہ احمدیہ سعیدیہ[1] موسیٰ زئی شریف پاکستان) اس کتاب کو مرتب کرنے کا برابر اصرار کر رہے تھے۔ ان کی اس تشویق و ترغیب نے اس کام کو آگے بڑھانے میں مہمیز کا کام کیا اور آج اس سلسلہ کا یہ اہم ماخذ اسی طریقہ کی مشہور خانقاہ میں اُن کے قائم کردہ مکتبہ سراجیہ کے زیرِ اہتمام طباعت و اشاعت کی سعادت حاصل کر رہا ہے۔ مکتبہ سراجیہ اب تک کئی اہم کتابیں شائع کر چکا ہے اور مستقبل قریب میں بعض اہم کتابوں کی طباعت و اشاعت کا ارادہ ہے۔

مخدومی حکیم محمد موسیٰ امرتسری مدظلہ نے اس کتاب کے مقدمہ کے بعض حصّوں کا مطالعہ کیا اور مفید مشورے دیئے۔ اسی طرح شیخ اکبر ابنِ عربی کے بعض رموز کے سلسلہ میں جناب مرزا غلام قادر کی خدمت میں حاضر ہو کر استفادہ کیا، جناب مولانا عبدالحکیم شرف قادری نے اس کتاب میں شامل بعض احادیث کی تخریج میں رہنمائی کی، دوست عزیز میاں احمد صاحب نے کتاب کی طباعت کے سلسلہ میں تعاون کیا۔ خُداوند کریم ان تمام اصحاب کو جزائے خیر دے۔ آمین

کارکنانِ کتب خانہ انڈیا آفس، لندن بھی شکریہ کے مستحق ہیں جنہوں نے میری درخواست پر حسنات الحرمین کے نسخے کا روٹو گراف ارسال کیا اور دیگر نسخوں سے تقابل کی اجازت دی۔

مخلص محمد اقبال مجددی

۲۸ صفر ۱۴۰۲ھ / ۲۵ دسمبر ۱۹۸۱ء

(یوم وصال حضرت مجدد الف ثانیؒ)

دارالمورخین

گیلانی سٹریٹ، منور عزیز پارک

نیو وسن پورہ۔ لاہور

---

[1] خانقاہ احمدیہ سعیدیہ حضرت قبلہ شاہ احمد سعید احمدی دہلوی مہاجر مدنی کے خلیفہ نامدار حضرت خواجہ حاجی دوست محمد قندھاری (رحمۃ اللہ علیہما) کی قائم کردہ ہے اور ان کے جانشین یکے بعد دیگرے حضرت خواجہ محمد عثمان دامانی حضرت خواجہ محمد سراج الدین اور حضرت حافظ محمد ابراہیم قلندرؒ راہ نمائی فرماتے رہے اور رشد و ہدایت کا یہ سلسلہ ابھی تک اسی طرح جاری و ساری ہے۔

Marfat.com

مقدمہ

Marfat.com



۱۔ نقشہ جزیرہ عرب و بندرگاہ منجا جہاں حضرتِ خواجہ محمد معصوم نے قیام فرمایا۔

Marfat.com

حضرتِ خواجہ محمدؐ معصوم قدّس سرہ

حضرتِ خواجہ، حضرت مجدّد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کے جانشین، مرجع خلائق، مصلح، انتہائی پابند شرع، قاطع بدعت، اسلاف کے صحیح ترین مقلد، سیاسی امور میں حضرت خواجہ عبیداللہ احرار کے متبع اور "عروۃ الوثقیٰ" کی جامع ترین تصویر تھے۔

ولادت

حضرت خواجہ محمد معصوم کی ولادت بستی ملک حیدر (قریباً دو میل خام از سرہند) میں شوال ۱۰۰۷ھ/مئی ۱۵۹۹ء کو ہوئی[1]۔ اسم گرامی محمد معصوم، کنیت ابوالخیرات، لقب مجدالدین اور خطاب عروۃ الوثقیٰ ہے۔ آپ سولہ سال کی عمر میں تحصیلِ علم سے فارغ ہو گئے۔ حضرت شیخ محمد طاہر لاہوری[2] (ف ۱۰۴۰ھ/۱۶۳۰ء) خلیفۂ

---

[1] صفر احمد معصومی : مقاماتِ معصومیہ۔ قلمی (نسخہ ب)، ص ۸۲

سال ولادت میں اختلاف ہے۔ مولف حضرات القدس (۲/۲۶۲) نے ۱۰۰۹ھ لکھا ہے اور اس کی اتباع جواہر علویہ، مناقب احمدیہ و مقامات سعیدیہ اور مولف خزینۃ الاصفیا نے کی ہے حالانکہ مولف حضرات القدس سے سہو ہوا ہے۔ انہوں نے خود حضرت مجدد کا یہ قول نقل کیا ہے کہ محمد معصوم کی ولادت میرے لیے بہت مبارک ثابت ہوئی ہے کیونکہ اس ولادت سے چند ماہ بعد مجھے حضرت خواجہ باقی باللہ قدس سرہ کی ملازمت نصیب ہوئی۔ یہ مسلمہ ہے کہ حضرت مجدّد، حضرت خواجہ سے ۱۰۰۷ھ میں منسلک ہو گئے تھے۔ لہٰذا حضرت خواجہ محمد معصوم کا صحیح سالِ ولادت ۱۰۰۷ھ ہے۔ زبدۃ المقامات اور مقاماتِ معصومیہ سے اس کی تصدیق ہوتی ہے (زید ابوالحسن : مقاماتِ خیر ۵۹)

[2] صفر احمد : مقاماتِ معصومیہ ص ۱۱۳

Marfat.com

حضرت مجدّد اور اخوند سجاول سرہندی (مولف شرح وقایہ) اور سُلطان العُلماً ملّا بدرالدین سلطانپوری[1] سے آپ نے تحصیلِ علم کی۔ اور قیام حرمین الشریفین کے دوران آپ نے اپنے خلیفہ مولانا سیّد زین العابدین محدث مدنی سے اجازتِ حدیث بھی لی تھی۔[2]

منصبِ ارشاد

حضرت مجدّد الف ثانی قدس سرہ نے اپنے وصال سے قبل ہی اپنے فرزند حضرت خواجہ مُحمّد معصوم کو اپنا جانشین مقرر فرما دیا تھا اور اپنے ایک مکتوب بنام حضرت خواجہ محمد سعید و خواجہ محمد معصوم میں بہت واضح طور پر تحریر فرمایا :

"بعد نماز بامداد مجلسِ سکوت داشتم ظاہر شد کہ خلعتے کہ داشتم از من جُدا شد و خلعت دیگر بمن متوجہ شُد کہ بجائے آن خلعت نشیند بخاطر آمد کہ ایں خلعتِ زائلہ را بکسے خواہند دادیا نہ و آرزوے آن شد کہ اگر آن را بدہند بہ فرزندی ارشدی محمد معصوم بدہند بعد از لمحہ دید کہ بفرزندی مرحمت فرمودند و آن خلعت او را بتمام پوشانیدند و ایں خلعت زائلہ کنایت از معاملہ قیومیت بودہ است کہ بہ تربیت و تکمیل تعلق داشتہ[3] ..... الخ

حضرت امامِ ربّانی رحمۃ اللہ علیہ نے وضاحت فرما دی ہے کہ اس خلعت سے مراد منصب قیومیت ہے جو ارشاد و تعلیم و تربیت سے عبارت ہے۔

حسنات الحرمین اور روضۃ القیومیہ میں ہے کہ قیامِ حرمین کے دوران آپ

---

[1] صفر احمد : مقاماتِ معصومیہ ص ۸۳۱

[2] ایضاً : ص ۴۸

[3] مجدّد الف ثانی : مکتوبات ۳/۱۰۴

Marfat.com

کو الہام ہوا کہ "تمہیں محض خلقت کے ارشاد کے لیے پیدا کیا گیا ہے۔"[1]
چنانچہ آپ سے خلقِ کثیر نے ظاہری و باطنی علوم میں فیض پایا اور طالبانِ حق کو اس فیض سے بہرہ ور کرتے رہے۔[2]

آپ کا وصال ۹ ربیع الاوّل ۱۰۷۹ھ / ۱۷ اگست ۱۶۶۸ء کو سرہند میں ہوا۔

اولاد و خلفاء

حضرتِ خواجہ کے چھ صاحبزادے اور پانچ صاحبزادیاں تھیں یعنی حضرت صبغت اللہ، حضرت محمد نقشبند ثانی حجۃ اللہ، خواجہ عبید اللہ مروج الشریعت، شیخ محمد اشرف، خواجہ سیف الدین اور خواجہ محمد صدیق۔ دُخترانِ عفت مآب میں امۃ اللہ، عائشہ، عارفہ، عاقلہ اور صفیہ کے اسمائے گرامی ان کی اولادِ مبارک اور ان سب کے احوال و مقامات پر بہت کچھ لکھا جا چکا ہے۔[3]

ان سب حضرات کے حالات و کمالات اس مختصر مقدمہ میں لکھنا ممکن نہیں ہے ہم نے صرف حضرت محمد عبید اللہ مروج الشریعت جو حسنات الحرمین کے مولف ہیں کے مفصل حالات لکھنے پر اکتفا کیا ہے۔

اللہ تعالیٰ نے آپ کے نفس گرم، توجہ مبارک اور صحبت میں کچھ ایسی برکت دی تھی کہ آپ کے حینِ حیات ہی آپ کے خلفاء پورے عربستان، ماوراء النہر

---

[1] روضہ ۹۸/۲ و حواشی حسنات الحرمین۔
[2] تفصیل کے لیے دیکھئے مقدمۂ ہذا تحت "اولاد و خلفاء"
[3] ان حضرات کی اولاد گرامی کے حالات و انساب کے لیے ملاحظہ ہو:
احمد کی : ہدیۂ احمدیہ۔ کانپور
محمد حسن جان : انساب الانجاب۔ طبع ٹنڈو سائیں داد سندھ
زید ابوالحسن : مقاماتِ خیر۔ طبع دہلی ۱۳۹۲ھ ص ۶۱
محمد فضل اللہ مجددی : عمدۃ المقامات۔ طبع ٹنڈو سائیں داد سندھ ۱۳۵۵ھ

Marfat.com

اور افغانستان سے سرہند تک اس طرح پھیل گئے تھے کہ معلوم ہوتا تھا کہ دعوت و عزیمت کے مبارک منصب پر فائز ہو کر آپ جہان کو منوّر فرما رہے ہیں۔ حضرت شاہ احمد سعید نے لکھا ہے کہ آپ کے دستِ مبارک پر نو لاکھ افراد نے بیعت کی اور آپ کے خلفاء تقریباً سات ہزار تھے۔[1]

مولف مقاماتِ معصومیہ نے جو آپ کے نواسے تھے، آپ کے بہت سے خلفاء کے نام ان کی وطنی نسبتوں سمیت تحریر کیے ہیں جن میں سے بعض کی صحبت انہیں میسر آئی تھی۔ انہوں نے ان میں تیس خلفا کے مفصل حالات بھی لکھے ہیں۔[2]

حضرتِ خواجہ کی تصانیف

اگرچہ حضرتِ خواجہ کو دعوت و ارشاد کے سلسلہ میں بے پناہ مصروفیت کے باعث علمائے اسلام کی طرح تصنیف و تالیف کے مواقع میسّر نہیں آئے لیکن اس کے باوجود آپ نے طالبانِ حق کی راہنمائی کے لیے اپنے مکتوبات کی تین ضخیم جلدیں اور کئی رسائل یادگار چھوڑے ہیں۔

مکتوباتِ معصومیہ

اپنے والد بزرگ حضرت امامِ ربّانی مجدد الف ثانی قدس سرہ کی طرح آپ نے بھی اپنے مکتوبات جمع کروانے کا اہتمام فرمایا تھا اور یہ تینوں جلدیں آپ کے حین حیات ہی میں یعنی بترتیب ۱۰۶۳، ۱۰۷۲، ۱۰۷۳ھ میں مرتب ہو کر ہدایت و روحانی رہنمائی

---

[1] احمد سعید مجددی : مناقب احمدیہ و مقاماتِ سعیدیہ۔ ۳۴

[2] آپ کے بعض عرب اور مقیم عربستان خلفاء کے کمالات کے لیے ملاحظہ ہو مقدمہ ہذا تحت "حضرت خواجہ معاصرین حرمین"

Marfat.com

کے سرچشمہ کا کام دینے لگی تھیں۔ آپ کے مکتوبات کی ایک بڑی خصوصیت یہ ہے کہ ان میں مکتوبات حضرتِ مجدد کے بعض مغلق مقامات اور بعض توضیح طلب امُور کو نہایت ہی واضح الفاظ میں بیان کر کے اس سلسلہ علیہ پر بڑا احسان کیا ہے[1]۔

یواقیت الحرمین

رسالہ ہذا۔ اس کی تفصیل متعلقہ مقام پر ملاحظہ فرمائیں۔

مکاشفاتِ غیبیہ

یہ رسالہ حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کے مکاشفات پر مشتمل ہے حضرت مجددؒ نے متفرق اوراق پر اپنے مکاشفات تحریر فرمائے تھے۔ جسے حضرت خواجہ محمد معصوم قدس سرہ نے مستقل رسالہ کی شکل دے دی۔ مقاماتِ معصُومیہ میں ہے:۔

"مکاشفاتِ غیبیہ را حضرت ایشان (خواجہ محمد معصوم) قدسنا اللہ تعالےٰ بسرہ الاقدس ومبداء ومعاد را خواجہ محمد صدیق بدخشی قدس سرہ جمع نمودہ اند، یعنی خطبہ آنہا از خود ساختہ ورسائل یافتہ من البدایت الی النہایت عبارت حضرت مجدد الف ثانی است رضی اللہ تعالیٰ عنہ[2]....."

حضرتِ خواجہ نے یہ رسالہ ۱۰۵۱/۱۶۴۱ء میں مرتب فرمایا تھا[3]۔

---

[1] مکتوباتِ معصومیہ کی یہ تینوں جلدیں دو مرتبہ شائع ہو چکی ہیں۔ دوسری مرتبہ جناب ڈاکٹر غلام مُصطفیٰ خان نے مرتب فرما کر شائع کیے۔

[2] صفر احمد: مقاماتِ معصومیہ ۷۷

[3] خطبہ حضرت خواجہ محمد معصوم در ابتداء مکاشفاتِ غیبیہ۔ طبع کراچی ۵

Marfat.com

ڈاکٹر غلام مصطفٰے خان صاحب کے مختصر مقدمہ[1] کے ساتھ یہ رسالہ ۱۹۶۵ء میں ادارہ مجددیہ کراچی نے پہلی مرتبہ مع اُردُو ترجمہ مکاشفاتِ غیبیہ مجددیہ کے نام سے شائع کیا۔

اذکارِ معصُومیہ

حضرتِ خواجہ نے شب و روز کے اذکارِ مسنونہ کو ایک رسالہ کی صورت میں مرتب فرمایا تھا۔ حضرت خواجہ میرزا خان کو غفلت سے اجتناب کرنے اور رسالہ مذکورہ کے مطابق عمل کرنے کا حکم اس طرح فرمایا ہے :

> ایں فقیر رسالہ اذکار و ادعیۂ ماثورہ موقتہ و غیر موقتہ با ذکر فضائل بعضے ازان کتب احادیث معتبر نوشتہ است نقل آنرا فرستادہ مطالعہ خواھند فرمود[2] ..... الخ

حضرت خواجہ نے اپنے ایک مکتوب بنام مولانا محمد حنیف میں اس کا ذکر کیا ہے فرماتے ہیں :۔

---

[1] حضرت ڈاکٹر غلام مصطفٰے خان صاحب مدظلہ نے اس رسالہ کے سرورق اور اپنے مقدمہ میں اسے خواجہ محمد ہاشم کشمی کا مرتبہ رسالہ لکھا ہے۔ حالانکہ رسالہ کے مطالعہ سے یہ بات عیاں نہیں ہوتی کہ اسے خواجہ کشمی نے ترتیب دیا ہے۔ ڈاکٹر صاحب نے ص۱۵ میں مندرج اجازت نامہ برائے خواجہ کشمی سے یہ قیاس فرمالیا ہے (مقدمہ ص۴) جبکہ اس رسالہ میں شامل دیگر اجازت ناموں میں بھی اجازت دہندگان کے اسماء اسی طرح درج ہوئے ہیں۔ پھر حضرت خواجہ کے نواسے میر صفر احمد کی شہادت مذکورہ بالا کے بعد قیاس آرائی کی گنجائش نہیں رہتی۔ اسی طرح اس رسالہ کا نام مکاشفات غیبیہ جو قدیم کتابوں میں درج چلا آرہا ہے یکسر بدل دینا بھی درست معلوم نہیں ہوتا۔

[2] محمد معصوم خواجہ : مکتوبات ۲/۱۰۱

Marfat.com

بعضے ازیں قسم وظائف اوراد و اعمال را ایں فقیر جمع نمودہ است[1]۔

یہ رسالہ چھ فصلوں پر مشتمل ہے۔ اسے حکیم سیفی مرحوم نے باعانتِ محکمہ اوقاف لاہور ۱۳۸۴ھ میں خوبصورت کتابت وطباعت کے ساتھ شائع کیا۔

بیاض حضرت خواجہ محمد معصومؒ

اس بیاض میں حضرت خواجہ نے اپنے والد و مرشد بزرگ حضرت مجدد کے وہ اسرار و مکاشفات تحریر فرمائے تھے جو آپ نہ تو خلفاء کے سامنے بیان کرتے تھے اور نہ ہی عموماً ان اسرار کا اظہار کرتے تھے۔ بعد میں حضرت خواجہ اپنے مکاشفات بھی اسی بیاض میں تحریر کرتے رہے۔ حضرت خواجہ محمد ہاشم کشمی کی نظر سے یہ بیاض کئی مرتبہ گزری تھی، لکھتے ہیں :-

ایں مخدوم زادہ (خواجہ محمد معصوم) را غایت اطلاع است بر اسرار و معارف پدر بزرگوار خود چہ آن معارف کہ داخل مکتوبات گردیدہ و چہ غیر آن از اسرار خاصہ کہ در خلوات از زبان مبارک آنحضرت شنودہ اند و بعضے را ازانہا در بیاضۂ خاصہ خود تسوید فرمودہ، چوں بایں بندہ نظر

---

[1] محمد معصوم خواجہ : مکتوبات ۱/۱۴

محترم ڈاکٹر غلام مصطفےٰ خان صاحب نے مقدمہ مکتوبات معصومیہ (۱۵) میں مکتوب (۱/۱۴) کی مندرجہ بالا عبارت سے سہواً اس رسالہ کو مولانا محمد حنیف (مکتوب الیہ) کا جمع کردہ رسالہ قیاس فرمالیا ہے حالانکہ حضرت خواجہ کی عبارت بہت واضح ہے ——— نیز صاحب عمدۃ المقامات (۲۶۸) نے حضرت خواجہ کے رسالہ زیبا در فن حدیث در کیفیت ادعیہ ماثورہ موقتہ وغیر موقتہ..... کا جس طرح ذکر ہے اس سے عام قاری کو التباس ہو سکتا ہے کہ حضرت خواجہ نے فن حدیث پر ایک رسالہ تالیف کیا ہوگا لیکن ساتھ ہی مؤلف عمدۃ المقامات نے اس رسالہ کا جو موضوع بتایا ہے وہ واضح کر دیتا ہے کہ یہ زیر بحث رسالہ اذکار ہی ہے۔

Marfat.com

عنایتی داشتند و محرم می دانستند باکثر آنہا اطلاع بخشیدہ بودند بہ نقل بعضی اجازت فرمودہ [1] .....

وبائے طاعون کے دوران بھی یہ بیاض حضرت خواجہ کے پاس تھی۔ اس وبا کے دوران بھی اس میں مکاشفات کا اندراج ہوا تھا۔ ایک مکاشفہ خواجہ کشمی نے حضرت خواجہ سے نقل کیا ہے [2]۔ اس مبارک بیاض سے مولانا بدرالدین سرہندی نے بھی حضرات القدس کی تالیف کے دوران استفادہ کیا تھا [3]۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ بعد میں اس بیاض کی نقلیں اس سلسلہ کے بعض حضرات نے حاصل کر لی تھیں۔ مقاماتِ معصومیہ کے مؤلف جو حضرت خواجہ کے نواسے ہیں اس بیاض کے بکثرت اقتباسات دیتے ہیں۔ جس سے قیاس ہوتا ہے کہ یہ بیاض مقاماتِ معصومیہ کی تالیف (۱۱۳۴ھ/۱۷۲۲ء) تک موجود تھی۔ اگر روضۃ القیومیہ (حدود ۱۱۶۴ھ/۱۷۵۰ء) اور عمدۃ المقامات (۱۲۳۳ھ/۱۸۱۸ء) کے مؤلفین نے زبدۃ، حضرات اور مقاماتِ معصومیہ سے نقل کرنے کی بجائے اس بیاض کے اقتباسات براہ راست بیاض سے دیئے ہیں تو یہ اس کے ۱۸۱۸ء تک موجود ہونے کا ثبوت ہے۔

حضرات کا سفر حرمین الشریفین

صوفیۂ کرام اور خصوصاً مشائخ نقشبندیہ کی تحریرات میں اس "پاک سرزمین" پر

---

[1] محمد ہاشم کشمی : زبدۃ المقامات۔ طبع نولکشور ۳۱۸

[2] ایضاً ۲۷۲، ۱۹۱-۱۹۲

[3] بدرالدین سرہندی : حضرات القدس ۲/۱۰۸

اگر زبدۃ المقامات، حضرات القدس اور مقاماتِ معصومیہ میں سے اس بیاض کے اقتباسات یکجا کیے جائیں تو اس کا ایک خاکہ ضرور سامنے آسکتا ہے۔

Marfat.com

حاضر ہونے کی خواہش اور بسا اوقات نہایت اضطراب کے ساتھ حرمین شریفین کے بارے میں "مکاشفاتِ غیبانہ" کا ذکر ملتا ہے۔ حضرت امام ربّانی قدس سرہ اسی مقدس سرزمین پر حاضری کے ارادہ سے نکلے تھے لیکن "کعبۂ مقصود" دہلی ہی میں مل گیا، پھر سرہند شریف میں "نزولِ کعبہ" کا واقعہ اور مکاشفہ اس ذوق وشوق کی نشاندہی کرتا ہے۔

حضرت خواجہ محمد معصوم قدس سرہ ۱۰۶۷ھ/۱۶۵۷ء میں حج کے لیے ہندوستان سے روانہ ہوئے لیکن آپ کے ایک مکتوب سے جو ۱۰۵۷ھ/۱۶۴۷ء کا تحریر کردہ ہے آپ کے یہ سفر اختیار کرنے کی خواہش کا اظہار کرتا ہے۔[1]

حضرت خواجہ اپنے ایک خلیفہ شیخ بایزید بن بدیع الدین سہارنپوری کو اپنے ارادۂ سفر کی اطلاع دیتے ہوئے لکھتے ہیں :-

امید داریم کہ اواخر ایں ماہ کہ ذی الحج باشد از بست و دوم تا بست و نہم انتقال از سرہند واقع شود و از راہ بندر سورت بہ کعبۂ مقصود و وصول میسر آید..... ہر چند عقل عقیل نظر بہ عالم اسباب پابندی شود لیکن در راہ عشق پارہ از بند عقل باید برآمد[2]..... الخ

مکتوب کے اس اقتباس سے مفصلہ ذیل نتائج اخذ ہوتے ہیں :-

حضرت خواجہ حج کے ارادہ سے ۲۲ ذی الحج کو سرہند سے روانہ ہوئے اور حدود ۲۹ ذی الحج کو بندر سورت سے گزرنے کی قیاسی تاریخ بتائی۔

حضرت خواجہ جب روانہ ہوئے تو یقیناً اس وقت سال روانگی ۱۰۶۷ھ تھا جیسا کہ حسنات کے ابتدائیہ میں مترجم نے وضاحت کی ہے۔ اس لیے اس مکتوب کا سال تحریر ۱۰۶۷ھ/۱۶۵۷ء متعین ہو جاتا ہے۔

---

[1] محمد معصوم، مکتوبات ۳/۷۰

[2] ایضاً ۲/۷۴

Marfat.com

حضرات صاحبزادگان ہندوستان کے مختلف شہروں کے طویل سفر اور سلسلہ مجددیہ کے بزرگوں کے مزارات کی زیارت کرتے ہوئے سورت پہنچے تھے۔

حضرات جب سرہند شریف سے رخصت ہوئے تو پہلا قیام پانی پت کی بڑی مسجد میں ہوا۔[1] بہت سے مزارات کی زیارت کے لیے بھی گئے۔ سب سے پہلے اپنے جد بزرگ حضرت شیخ عبدالاحد، پھر امام رفیع الدین[2] اور حضرتِ مجدد اور پھر پانی پت میں مزار حضرت شیخ شرف الدین بوعلی قلندر اور شیخ احمد ترک، دہلی میں حضرت خواجہ باقی باللہ، خواجہ قطب الدین بختیار کاکی، حضرت نظام الدین اولیا، شیخ نصیر الدین چراغ دہلی، امیر خسرو وغیرہ۔[3]

حضرات دیگر کئی مزارات پر بھی گئے حضرت خواجہ محمد نعمان بدخشی خلیفہ حضرت مجدد، اور حضرت مجدد کے شہرۂ آفاق سوانح نگار مولانا محمد ہاشم کشمی کے مزار پر خصوصیت سے جانے کا ذکر ملتا ہے۔ حضرت وحدت لکھتے ہیں کہ حضرت شیخ محمد سعیدؒ قدس سرہ نے جب برہانپور کے قیام کے دوران خواجہ کشمی کے مزار پر جانے کا قصد کیا تو عالم مثال میں وہ ہمارے استقبال کے لیے آئے ہوتے معلوم ہوئے جس کا انہوں نے دُور سے ہی ادراک کر لیا:

قال سیدنا الشیخ (محمد سعید) فی برھانپور لما اردت زیارت قبر خلیفه مجدد الالف الثانی خواجه ھاشم البدخشی استقبلنی من مقامه فادرکنی علیٰ مسافة[4] ..... الخ

---

[1] صفر احمد : مقاماتِ معصومیہ ۴۸۶

[2] وحدت عبدالاحد سرہندی : لطائف المدینہ۔ قلمی ورق ۱۲-ا

[3] ایضاً : ورق ۱۲-ب-۱۳-ا ہر مزار کی خصوصیات اور ان پر اپنے مکاشفات کا ذکر بھی کیا گیا ہے۔

[4] ایضاً : ورق ۱۳-ب

Marfat.com

اسی طرح یہ حضرات اس سلسلہ کے دوسرے اصحاب کے مزارات پر بھی حاضر ہوئے جن کی تفصیل حضرت وحدت نے لطائف المدینہ میں دی ہے۔

مختلف مندرجات سے معلوم ہوتا ہے کہ تقریباً تمام صاحبزادگان اس سفر میں شریک ہوئے۔ اگر روضۃ القیومیہ کے اس بیان پر اعتماد کیا جائے تو یہ ایک بہت بڑا اہل اللہ کا لشکر تصور کیا جائے گا۔ وہ لکھتے ہیں :

حضرت خواجہ اپنے دونوں بھائیوں (حضرت خواجہ محمد سعید و خواجہ محمد یحییٰ) اور سات ہزار خاص مریدوں جن میں دو ہزار آپ کے خلفاء اور سات سو حضرت مجدد کے، جن میں سو بڑے خلفاء بھی تھے .... روانہ ہوئے[1] .....

حضرت خواجہ کے خلفاء ساکن حرمین

حضرت خواجہ محمد معصومؒ کے کئی خلفاء حرمین الشریفین میں مقیم اور ارشاد و تبلیغ اور درس و تدریس میں مصروف تھے ان سب کے حالات اور کمالات کا احاطہ اس مقدمہ میں مشکل ہے چند شخصیات کا مجمل تعارف کروایا جا رہا ہے۔

شیخ محمد مراد شامی[2]

اگرچہ ان کا قیام شام اور دمشق میں تھا لیکن اکثر حرمین الشریفین میں مقیم رہتے تھے۔ عربی، فارسی اور ترکی زبانوں کے ماہر تھے۔ ان کے والد شیخ علی "سمرقند کے نقیب الاشرف" تھے۔ شیخ محمد مراد ہندوستان آئے اور حضرت خواجہ محمد معصوم سے

---

[1] کمال الدین محمد احسان : روضۃ القیومیہ ۲/ ۸۹

[2] ان کا پورا نام و نسب اس طرح ہے۔ شیخ مراد بن علی بن داؤد، بن کمال الدین بن صالح ابن محمد حسینی حنفی بخاری نقشبندی (مرادی : سلک الدرر ۴/ ۱۲۹)

Marfat.com

استفادہ کیا۔ واپسی پر بلادِ عجم کا سفر بھی کیا، سمرقند اور بلخ کے مشائخ سے ملے اور مشہور شاعر مرزا صائب سے ایران میں ملاقات ہوئی۔ دوسرے حج کے بعد ۱۰۸۰ھ/۱۶۷۰ء میں وہ دمشق گئے۔ ۱۰۹۲ھ/۱۶۸۱ء میں رُوم اور قسطنطنیہ کے سفر کے بعد ۱۰۹۷ھ/۱۶۸۶ء میں تیسری مرتبہ حج کیا اور ایک سال حرمین الشریفین میں مقیم رہے۔ ۱۱۱۹ھ/۱۷۰۸ء میں انہوں نے چوتھی مرتبہ حج کی سعادت حاصل کی۔ انہوں نے اپنے علاقے میں ایک مدرسہ قائم کیا جو مدرسۂ نقشبندیہ کہلاتا تھا۔

شیخ محمد مراد کو دس ہزار احادیث مع اسناد حفظ تھیں۔ ان کی وفات ۲۱ ربیع الآخر ۱۱۳۲ھ/۱۷۲۰ء میں جامع ابی ایوب خالد انصاری میں ہوئی اور مدفن درس خانہ مدرسہ المعروفہ محلہ نیشانجی پاشا قسطنطنیہ ہے۔[1]

شیخ محمد مراد کے جو حالات ان کے علاقائی مآخذ میں بیان ہوئے ہیں ان کی روشنی میں سرہند میں تالیف ہونے والے اعتقادی تذکروں میں بہت سی غلطیوں کی نشاندہی کی جاسکتی ہے۔ مثلاً سب سے زیادہ مبالغہ مؤلفِ روضۃ القیومیہ[2] نے کیا ہے کہ شیخ مراد امی محض تھے، حالانکہ شیخ مراد کی قریب العہد اور ان کے پوتے کی تالیف سلک الدرر کے حوالے سے ہم لکھ آئے ہیں کہ وہ حافظ حدیث تھے۔ انہوں نے ان کے اساتذہ کے نام بھی لکھے ہیں۔ مقاماتِ معصومیہ میں ان کے نام کی نسبت "کشمیری ثم شامی" سے

---

[1] مرادی محمد خلیل : سلک الدرر ۴/ ۱۲۹-۱۳۰
شیخ مراد کے سال وفات میں تذکرہ نویسوں میں اختلاف پایا جاتا ہے۔ مؤلف مقامات معصومیہ نے حدود ۱۱۲۴ یا ۱۱۲۵ھ لکھا ہے (۸۴۳) ظاہر ہے کہ مؤلف سلک الدرر شیخ مراد کے اخلاف میں تھے اس لیے ہم نے ان کے مندرجہ سال وفات ۱۱۳۲ھ کو ترجیح دی ہے جب کہ مؤلف مقاماتِ معصومیہ نے صحیح سال کے تعین کی بجائے "حدود" لکھ کر اس باب میں اپنی اپنی لاعلمی کا اظہار فرمایا ہے۔

[2] روضہ ۲/ ۲۳۷ ہم نے مقاماتِ معصومیہ کے حواشی میں ایسے متضاد بیانات کی نشاندہی کر دی ہے۔

Marfat.com

اندازہ ہوتا ہے کہ وہ اصلاً کشمیر کے ہوں گے یا کشمیر آکر مقیم ہوتے ہوں لیکن ان کے علاقائی ماٰخذ اس کی تصدیق نہیں کرتے اور نہ ہی رجال کشمیر کے سلسلہ میں کشمیری ماٰخذ۔[1]

مؤلف روضۃ القیومیہ نے لکھا ہے کہ جب حضرت خواجہ حج کے لیے حجاز مقدس میں حاضر ہوئے تو شیخ مراد بھی کئی ہزار شامیوں کے ہمراہ حضرت کے استقبال کے لیے مکہ میں حاضر ہوئے۔[2] تاہم یہ امر مسلمہ ہے کہ ان کی وجہ سے شام اور ترکی میں سلسلہ نقشبندیہ کو بڑا فروغ ہوا۔ شیخ محمد مراد بھی کئی کتابوں کے مؤلف بھی تھے انہوں نے مکتوباتِ حضرت مجدد کے بعض حصوں کا عربی میں ترجمہ بھی کیا تھا۔[3] ایک رسالہ فی آداب الطریقۃ النقشبندیہ[4] اور نقشبندی سلسلہ کے آداب پر بہت سے رسائل اور مکتوبات وغیرہ ہیں۔[5]

شیخ محمد مراد کی سب سے مشہور تالیف "المفردات القرآنیہ" ہے، جو دو جلدوں میں ہے۔ اس میں آیات کی تفسیر اس طرح ہے کہ پہلے عربی میں پھر فارسی اور آخر میں ترکی زبان میں کی گئی ہے — یہ کتاب سلک الدرر کی تالیف تک علماء میں

---

[1] تاریخ کشمیر اعظمی میں جن شیخ محمد مراد ڈنگ کشمیری نقشبندی کے حالات ملتے ہیں ان کے والد کا نام مفتی محمد طاہر ہے جب کہ زیر نظر شخصیت کے والد کا نام شیخ علی ہے۔ تفصیل کے لیے دیکھئے ہمارا مقالہ شیخ محمد مراد ڈنگ کشمیری (مشمولہ نورِ اسلام۔ اولیائے نقشبند نمبر) البتہ فہرست سازوں نے جامع المفردات کے بیان میں مؤلف کے نام کے ساتھ کشمیری لکھا ہے۔ جس سے قیاس ہوتا ہے کہ شاید شیخ مراد نے خود بھی اپنے نام کے ساتھ کشمیری لکھا ہو۔

[2] روضہ ۹۳/۲

[3] صفر احمد : مقاماتِ معصومیہ ۸۴۱

[4] بغدادی، اسمٰعیل : ہدیۃ العارفین ۳۱۶/۲ طبع بیروت

[5] مرادی : سلک الدرر ۱۳۰/۴
کحالہ عمر رضا : معجم المؤلفین ۱۱/۱۲ طبع بیروت

Marfat.com

بہت ہی مقبول تھی۔[1]

ہمیں بعض مستند ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ جامع المفردات کے چند نہایت خوشخط قلمی نسخے ترکی کے کتب خانوں میں اب تک محفوظ ہیں۔

شیخ مراد کے دو صاحبزادوں میں سے شیخ مُصطفٰے نے بھی حضرت خواجہ محمد معصُوم سے کسبِ فیض کیا تھا۔[2] ہمارے خیال میں حضرت کا جو طویل عربی مکتوب[3] جس شیخ مُصطفٰے کے نام ہے وہ یہی شیخ مُصطفٰے مرادی ہیں۔

شیخ محمد مراد کے دوسرے صاحبزادے شیخ محمد دمشقی مرادی[4] (ف ۱۱۶۹ھ/ ۱۷۵۵ء) حضرت خواجہ محمد زبیر سرہندی کے خلیفہ تھے۔[5]

شیخ محمد مراد، حضرت خواجہ کے فرزندوں کا بھی اسی طرح احترام کرتے تھے۔ جب حضرت خواجہ کے وصال کے بعد آپ کے صاحبزادے شیخ محمد صبغۃ اللہ حج کے لیے گئے تو شیخ محمد مراد نے حاضر خدمت ہو کر ایک لاکھ روپے بطور نذر پیش کیے۔[6]

سیّد زین العابدین یمنی محدث مدنی

حضرت خواجہ کے عرب خلفاء میں ان کا نام بھی سرفہرست ہے۔ روضۃ القیومیہ کے ایک بیان سے اندازہ ہوتا ہے کہ سیّد زین العابدین عرب سے سرہند میں حاضر ہو کر فیض یاب ہوئے تھے۔[7] حضرت خواجہ نے اپنے قیام حرمین الشریفین کے دوران

---

[1] مرادی : سلک الدرر ۱۳۰/۴

[2] صفر احمد : مقاماتِ معصومیہ ۸۴۳ (ان کا نام روضۃ القیومیہ سے ماخوذ ہے ۲۳۷/۲)

[3] محمد معصوم : مکتوبات ۵۲/۲

[4] مرادی : سلک الدرر ۱۱۴/۴-۱۱۶ (مفصل حالات)

[5] کمال الدین محمد احسان : روضۃ القیومیہ ۲۹۷/۴

[6] صفر احمد : مقاماتِ معصومیہ ۸۴۲ [7] کمال الدین محمد احسان : ۲۴۴/۲

Marfat.com

ان سے اجازتِ حدیث لی تھی[1]۔ حضرت خواجہ کا ایک عربی مکتوب بھی ان کے نام ہے[2]۔

ان کے علاوہ بھی حضرت خواجہ نے کئی علماء حرمین کو اجازتِ ارشاد دی تھی، ان میں سے بعض کے اسماء تذکروں میں محفوظ ہیں۔

شیخ عمر دشافعی یمنی نے بھی آپ سے خلافت پائی اور اپنے پیر کی اتباع میں حنفی مسلک اختیار کرنا چاہا لیکن حضرت نے منع کیا۔ یمن میں ان سے اس سلسلہ کو بڑا فروغ ہوا۔

خواجہ محمد صادق بخاری بھی حضرت کی طرف سے عرب میں ہی مصروف کار تھے[3]۔ مولانا عبداللہ حجازی بھی آپ کے خلیفہ تھے اور شیخ محمد مراد کے ہمراہ حضرت خواجہ کی حرمین الشریفین سے واپسی کے وقت مکہ میں حاضر تھے[4]۔ اسی طرح مولانا محمد امین بدخشی جو حضرت شیخ آدم بنوڑی کے خلیفہ، ان کے سوانح نگار اور حضرت خواجہ سے بھی منسلک تھے وہ عربستان میں نہ صرف سلسلۂ نقشبندیہ کی اشاعت میں مصروف تھے بلکہ ان کی بدولت مخالفین سلسلہ مجددیہ کی مخالفت سرد ہوئی اور انہوں نے اس سلسلہ میں تحریری طور پر بہت اہم کام کیا[5]۔

حضرت خواجہ کے قیام حرمین کے اثرات

حضرت خواجہ محمد معصوم قدس سرہ کے سفرِ حرمین کے بڑے مثبت اثرات مرتب

---

[1] صفر احمد : مقاماتِ معصومیہ ۴۸

[2] محمد معصوم : مکتوبات ۲/۴۱۔ ان کی نسبت یمنی روضۃ القیومیہ سے اور محدث مدنی کا لقب مقاماتِ معصومیہ سے ماخوذ ہے۔

[3] محمد احسان : روضہ ۲/۲۴۴

[4] ایضاً : ۲/۱۱۴

[5] تفصیل کے لیے دیکھئے مقدمہ ہذا تحت حضرت خواجہ کے قیام حرمین کے دوران تالیف ہونے والی کتب سلسلہ مجددیہ۔

Marfat.com

ہوئے تھے اوران اثرات کے بہت سے پہلو ہیں۔ ہم صرف دونکات پر بحث کر رہے ہیں۔

اوّل اس سفر کے دوران تالیف ہونے والی کتب سلسلہ نقشبندیہ۔

دوم اس سلسلہ کی نشرواشاعت عربستان میں۔

آپ کے قیام حرمین کے دوران تالیف ہونے والی کتب سلسلہ

ان سنین (۱۰۶۷-۱۰۶۸ھ/۱۶۵۷-۱۶۵۸ء) میں سلسلہ مجدّدیہ پر ہندوستان اور عرب میں کئی اہم کتابیں مرتب ہوئیں۔ جن میں اوّل کتب مناقب واحوال دوم حضرتِ خواجہ اوراعیان سلسلہ کی تائید میں مؤثر کتب اور سوم حقیقتِ کعبہ کے مسئلہ پر کئی رسائل اس دوران تالیف ہوئے جن کا مختصر تعارف یہ ہے:۔

(۱) لطائف المدینہ۔ حضرت شیخ عبدالاحد وحدت سرہندی نے اپنے والد حضرت خواجہ محمد سعید سرہندی کے احوال، ملفوظات اور سفر حرمین کے دوران آپ کے مکاشفات فصیح عربی زبان میں ۱۰۶۸ھ/۱۶۵۸ء کو ہی مرتب کر لیے تھے۔ مولانا محمد امین بدخشی نے نتائج الحرمین میں حضرت خواجہ محمد سعید کے جن مکاشفات کو حضرت وحدت کے حوالہ سے نقل کیا ہے وہ اس رسالہ سے ماخوذ ہیں۔ ہم نے تحقیق وحواشی سے اس اہم رسالہ کو مرتب کر لیا ہے انشاء اللہ جلد طبع ہو جائے گا۔

(۲) مولانا بدخشی نے لکھا ہے کہ مخدوم زادوں نے اپنے قیامِ حرمین کے دوران اپنے مکاشفات پر کئی رسائل لکھے تھے۔ ان میں حضرت وحدت کے نام کے ساتھ علامہ محمد فرخ مجددی کے رسالہ مکاشفات کا بھی ذکر کیا ہے۔[1]

---

[1] بدخشی محمد امین: نتائج الحرمین ورق ۲۴۴ ب ۲۴۵ - ا
بدخشی: مقامات احمدیہ ومعصومیہ ۴۵ (اُردو ترجمہ طبع لاہور)

Marfat.com

(۳) مولانا بدخشی نے ہی صراحت کی ہے کہ اس قیام کے دوران حضرت خواجہ سیف الدین بن حضرت خواجہ محمد معصوم نے حضرت خواجہ کے مناقب لکھ کر بدخشی کو دیے کہ وہ انہیں نتائج الحرمین میں شامل کرلیں[۱]۔

(۴) مؤلفِ حضرات القدس مولانا بدرالدین سرہندی کے فرزندوں نے حضرتِ خواجہ محمد سعید بن حضرت مجدّد کے حالات پر اس دوران کئی رسائل تالیف کیے۔ مولانا بدخشی لکھتے ہیں :

"شیخ بدرالدین و فرزندان او در مناقب ایشان رسالہا و مکتوبہا و کرامتہا جمع کردہ اند"۔[۲]

(۵) تالیفات مولانا محمد امین بدخشی : حضرت خواجہ محمد معصوم اور حضرت شیخ آدم بنوڑی کے خلیفہ مولانا بدخشی نے بھی اس دوران میں کئی اہم کتابیں تالیف کیں۔ ان کی کتابوں کی خاصی تعداد ہے۔ ان میں ہم صرف متعلقہ کتابوں کا ذکر کر رہے ہیں۔

مقاماتِ احمدیہ و مناقب حضرات المعصومیہ۔ یہ کتاب مولف نے حضرت خواجہ کے حرمین الشریفین میں حاضر ہونے پر عربی زبان میں لکھی تھی۔ نتائج الحرمین کی تکمیل حدود ۱۰۹۳ھ/۱۶۸۲ء کے بعد اس کا خلاصہ فارسی زبان میں بھی کیا تھا۔ نیز انہوں نے وضاحت کی ہے کہ مجھے "علوم و معارف و مناقب حضرت خواجہ پر کئی رسائل لکھنے کی سعادت نصیب ہوئی"۔[۳]

---

[۱] بدخشی : مناقب احمدیہ و مقامات معصومیہ ۴۸

[۲] بدخشی : نتائج الحرمین ۔ ورق ۲۹۳ ۔ ا، ب

[۳] بدخشی : نتائج الحرمین ۔ ورق ۲۷۸ ۔ ب

رسالہ مناقب احمدیہ و مقاماتِ معصومیہ کا ایک بہت ہی غیر مربوط اور متن سے خاصا مختلف سا اُردو ترجمہ لاہور سے ۱۹۴۰ء میں طبع ہوا تھا۔

Marfat.com

مولانا بدخشی کی سب سے اہم کتاب نتائج الحرمین ہے جو تین ضخیم جلدوں پر مشتمل ہے۔ اس کا بنیادی موضوع حضرت شیخ آدم بنوڑی (ف ۱۰۵۳ھ/۱۶۴۳ء) کے احوال، مناقب اور افکار کا بیان ہے لیکن ضمناً اس میں سلسلہ مجدّدیہ کے بارے میں ایسی معلومات درج ہوگئی ہیں جن سے دوسرے مآخذ یکسر خالی ہیں مثلاً اس کی تیسری جلد میں حضرت مجدد الف ثانی، حضرت خواجہ محمد سعید اور حضرت خواجہ محمد معصوم قدس اسرارہم کے حالات و کمالات کا بہترین طریقہ سے تذکرہ کیا گیا ہے۔ خصوصاً حضرات کے سفر حج کی سب سے زیادہ تفصیلات اس میں درج ہوئی ہیں کیونکہ اس کے مؤلف حضرت خواجہ کے قیام حرمین کے دوران ہمہ وقت حضرتِ خواجہ کے ہمراہ رہتے تھے۔ نیز حضرت شیخ آدم بنوڑی کے ہجرت حرمین (۱۰۵۲ھ) سے لے کر سال تکمیل (۱۰۹۳ھ/۱۶۸۲ء) تک حرمین الشریفین میں سلسلہ نقشبندیہ کی نشر و اشاعت کیلئے جو سعی کی گئی اس کی سب سے زیادہ معلومات کی حامل بھی یہی کتاب ہے۔

(۶) مناقب کے ساتھ ساتھ اس قیام کے دوران بعض حاسدین نے حضرت خواجہ کی 'مذمت' میں بھی رسائل لکھے تھے[1] جن کے جواب علماء نے موثر طور پر دیے تھے اور ردّ و قبول کا یہ سلسلہ حضرت سے پہلے اور وصال کے بعد تک بھی جاری رہا، کتاب "مواہب القیوم فی تائید احمد و معصوم" اسی سلسلہ کی ایک کڑی ہے۔

(۷) حضرت کے حرمین الشریفین پہنچنے سے پیشتر ہی وہاں حقیقتِ کعبہ کا مسئلہ علماء کے درمیان زیرِ بحث تھا۔ نقشبندی حضرات کا خیال تھا کہ "کعبہ سنگ و کلوخ کا نام نہیں ہے بلکہ حقیقتِ کعبہ تمام حقائق سے افضل ہے حتیٰ کہ حقیقتِ

---

[1] بدخشی : مناقب احمدیہ ۴۰

Marfat.com

انبیاء کرام سے بھی۔"

یہ مسئلہ اس وقت شدت سے بحث کا موضوع بن جاتا ہے جب حضرت مجدّد الف ثانی قدس سرہ کے خلیفۂ اجل حضرت شیخ آدم بنوڑی ۱۰۵۲ھ/۱۶۴۲ء میں ہجرت کر کے حرمین الشریفین میں مقیم ہو جاتے ہیں اس وقت سے حضرات مخدوم زادگان کے حرمین پہنچنے تک (یعنی ۱۰۶۸ھ) اس موضوع پر کئی رسائل تائیدی و تردیدی وجود میں آچکے ہوتے ہیں۔ خود حضرات سرہند نے ۱۰۶۷ھ/۱۶۵۷ء میں سرہند سے اس موضوع پر مفصل رسائل تالیف کر کے حرمین کے علماء کے پاس بھیجتے تھے۔[1] جن میں انہوں نے اپنے مذکورہ بالا مسلک کی تائید میں پُر زور دلائل بھی دیے۔ مولانا محمد امین بدخشی خلیفۂ حضرت شیخ آدم بنوڑی نے اس موقع پر سب سے اہم کردار ادا کیا اور اس موضوع پر ایک مفصلہ رسالہ "المفاضلہ بین الانسان والکعبہ" کے نام سے لکھ کر اس قسم کے تمام تالیف شدہ رسائل کا جائزہ لیا ہے۔[2] انہوں نے عربی و فارسی میں اس موضوع پر کئی اہم رسائل تالیف کرنے کا بھی ذکر کیا ہے اور اپنی سب سے مشہور کتاب نتائج الحرمین میں اس مسئلہ کے لیے تقریباً چالیس صفحات وقف کیے ہیں۔[3] اگر معاملہ یہاں تک ہی رہتا تو زیادہ اختلاف پیدا نہ ہوتا لیکن جب حاسدین سے اس موضوع پر دلائل نہ بن سکے تو وہ سلسلہ مجددیہ کی مخالفت کے لیے دوسرے ذرائع استعمال کرنے لگے۔[4] اور یہ سلسلہ عرصہ تک وہاں چلتا رہا۔ دونوں اطراف سے تائیدی و تردیدی رسائل

---

[1] بدخشی : المفاضلہ ورق ۱

[2] یہ رسالہ ابھی تک طبع نہیں ہوا۔ اس کے بہت سے اقتباسات نتائج الحرمین میں پائے جاتے ہیں۔

[3] بدخشی : نتائج الحرمین۔ نسخہ۔ ل ورق ۱۹۴-۲۱۶

[4] بدخشی : المفاضلہ (اس رسالہ میں اس سلسلہ کی نشر و اشاعت کہ راہ میں جو رکاوٹیں پیش آئیں ان کا ذکر بھی کیا گیا ہے۔)

Marfat.com

لکھے جاتے رہے[1]۔

عربستان میں سلسلہ مجدّدیہ کی ترویج

جس طرح سلسلۂ علیہ نقشبندیہ مجدّدیہ کی اشاعت ہندوستان، ماوراء النہر، ایران اور مغربی علاقوں میں ہوئی اس طرح عرب میں یہ سلسلہ بڑی سرعت سے رائج ہوا۔ سلسلہ نقشبندیہ کے فعال ترین بزرگ مصنف حضرت خواجہ محمد پارسا (ف ۸۲۲ھ/۱۴۲۰ء) مدفون جنت البقیع (مدینہ منورہ) حضرت خواجہ باقی باللہ کے خلیفۂ اجل شیخ تاج الدّین سنبھلی کا قیامِ حرمین اور اس سلسلہ کی معروف کتاب رشحات کا عربی ترجمہ[2]، پھر مکتوبات حضرت مجدّد کے عربی تراجم نے مل کر اس سلسلہ کی ترویج کے لیے ایسا ماحول پیدا کر دیا جس سے اس میں روز بروز اتنی ترقی ہوئی کہ حضرت خواجہ محمد معصوم ۱۰۶۸ھ/۱۶۵۸ء میں جب حرمین الشریفین پہنچے تو ان کا جس طرح خیر مقدم کیا گیا اس کا مفصل تذکرہ اور آپ کے بہت سے عربی خلفاء میں سے چند ایک کا تعارف بھی کروایا جا چکا ہے۔

مولانا محمد بن فضل اللہ محبّی نے خلاصۃ الاثر فی اعیان القرن الحادی والعشر میں، شیخ محمد خلیل مرادی نقشبندی (جن کے جدِ اعلیٰ حضرت محمد مراد مذکور حضرت خواجہ کے خلیفہ تھے) نے سلک الدرر فی اعیان القرن الثانی والعشر میں اور مولانا محمد امین بدخشی نے نتائج الحرمین میں ایسی تمام سرگرمیوں کا تفصیل سے ذکر کیا ہے جن کا تعلق اس سلسلہ کی ترویج سے ہے اور اس سلسلہ سے وابستہ بہت سے اصحاب کے بلند احوال اور کمالات کا دلنشین پیرایۂ بیان میں تذکرہ کیا ہے، جن کی روشنی میں ان اثرات کا جائزہ لینا بہت آسان ہو جاتا ہے جو ان نفوس قدسی کے دم قدم سے اس پاک سرزمین پر مرتب ہوئے۔

---

[1] ہم نے اس موضوع پر ایک مفصل مقالہ "حضرت مجدد کے دفاع میں لکھی جانے والی کتابیں" لکھا ہے، مشمولہ معارف اعظم گڑھ ۱۹۸۲ء

Marfat.com

تعلقاتِ حضرت خواجہ محمدؒ معصومؒ اور حضرت شیخ آدم بنوڑیؒ

ایک غلط فہمی کا ازالہ

روضۃ القیومیہ کے ذریعہ عوام وخواص میں یہ بات مشہور ہوگئی ہے کہ حضرت خواجہ محمد معصومؒ اور حضرت شیخ آدم بنوڑیؒ کے تعلقات بہت کشیدہ تھے بلکہ ڈاکٹر ایس ایم اکرام نے تو ان سرہندی حضرات کی دو پارٹیاں بنانے کی کوشش کی ہے۔ تعجب ہے کہ ڈاکٹر اکرام صاحب روضۃ القیومیہ پر ہر قسم کی تنقید کرتے ہوئے اُسے غیر محتاط، غالی معتقد، کم علم اور غیر ثقہ سب کچھ کہے جارہے ہیں اور قارئین کو احتیاط کے ساتھ اس کے مطالعہ کی تلقین بھی مسلسل کرتے ہیں لیکن ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ان کے نزدیک جہاں مجددی سلسلہ کے خلاف کوئی روایت ملتی ہے جس سے ان کے موقف کو سہارا ملتا نظر آتا ہے اُسے تو روضۃ القیومیہ پر تبصرہ کیے بغیر قبول کر لیتے ہیں اور جہاں کہیں ان کے اپنے خیالات پر زد پڑتی ہے وہاں روضۃ القیومیہ انہیں رطب ویابس کا مجموعہ نظر آنے لگتا ہے۔

بالکل ایسا ہی معاملہ روضۃ القیومیہ کی ان متضاد روایات کے بارے میں ہے۔ جو حضرت خواجہ اور حضرت شیخ آدمؒ سے متعلق ہیں۔ اس لیے ہمارے نزدیک ان روایات کا بھی بڑی تنقید کے ساتھ مطالعہ کرنا ضروری ہے۔

روضۃ القیومیہ میں ۲۶ سال قیومیت (۱۰۵۱ھ) کے تحت لکھا ہے:

..... جب شیخ صاحب (آدم بنوڑی) کے مرید تعداد میں زیادہ ہوگئے۔ چنانچہ ہزارہا پٹھان آپ کے مرید ہوگئے تو آنحضرت (خواجہ محمد معصوم) کی اطاعت سے سر پھیر لیا اور علانیہ کہنے لگے کہ جو کچھ میرے نصیب میں تھا

Marfat.com

مجھے حضرت قیوم اوّل سے مل چکا ہے۔ مجھے اب کسی اور کی ضرورت نہیں۔ شیخ صاحب کے مرید بھی انہیں حضرت مجدد الف ثانی کا نائب خیال کرتے اور انہیں حضرت قیوم ثانی رضی اللہ عنہ سے افضل سمجھتے تھے

..... آنحضرت کے ناراض ہونے کی دوسری وجہ یہ ہوئی کہ ایک دفعہ شاہ جیو شیخ محمد یحییٰ بن حضرت مجدد الف ثانیؒ بنوڑ گئے تو انہوں نے شیخ آدم سے ایسی گفتگو سنی جس کا مطلب یہ تھا کہ حضرت جیو مجھ سے فیض حاصل کریں..... اسی بات کو بہت لمبا چوڑا کر کے اور کچھ باتیں ملا کر لوگوں نے حضرت قیوم ثانی کو لکھیں۔

صاحبِ روضۃ القیومیہ نے حضرت شیخ آدمؒ کے متعلق خواجہ محمد معصومؒ کا ایک مکتوب بنام حضرت شاہ جیو بھی کہیں سے نکال لیا ہے۔ مکتوب یہ ہے۔

بعض نامکمل اور ادھورے سالک اپنے خواب اور واقعات پر گمان کر کے اکابر دین کی برابری کرتے ہیں لیکن برابری کہاں ان سے برابری کی خواہش ایک خیال محال ہے جو محض نادانی اور خام خیالی ہے۔ بہت سے نادان از روے جہل مرکب اپنے واقعات پر بھروسہ کر کے خیالاتِ فاسدہ میں خود بھی مبتلا ہیں اور اوروں کو بھی گمراہ کیا ہے۔ ایسے لوگ گمراہ ہیں۔ انہوں نے ضائع کیا، کھویا اور گنوایا۔ اصل تو در کنار ابھی شاخ کے خیال تک کو نہیں پہنچے۔ محض خواب ہیں ان کی مثال چوہے کی سی ہے، جو ہلدی کی گانٹھ پہ پنساری بن بیٹھتا ہے۔[1]

صاحب روضۃ القیومیہ نے ۱۰۵۱ھ کے واقعات میں یہ سب کچھ لکھا ہے جیسا کہ مولانا بدخشی نے خود وضاحت کی ہے کہ وہ ان ایام میں خانقاہ سرہند میں مقیم تھے۔ اگر اس

---

[1] کمال الدین محمد احسان : روضۃ القیومیہ ۶۴/۲

قسم کا کوئی واقعہ پیش آتا تو کہیں اشارتاً ہی اس کا ذکر کرتے۔ بلکہ نتائج الحرمین کے مطالعہ کے بعد تو یہ بات بہت واضح ہو جاتی ہے کہ صاحبزادگان سرہند اور حضرت شیخ آدمؒ کے درمیان تعلقات میں کسی قسم کی کشیدگی نہیں تھی۔ چند مثالیں ملاحظہ ہوں۔

حضرت شیخ آدم بنوڑیؒ کے حضرت خواجہ محمد سعیدؒ بن حضرت مجدّد الف ثانیؒ کے ساتھ بہت اچھے مراسم تھے چنانچہ شیخ آدمؒ نے اپنے مریدوں اور فرزندوں کو تعلیم و تربیت کے لیے حضرت خواجہ کے پاس بھیجا تھا اور شیخ آدم، حضرت خواجہ کو حضرت مجدّد کا قائم مقام جانتے اور تعظیم کرتے تھے۔ ان دنوں (۱۰۵۰ھ) مولانا بدخشی بھی خانقاہ سرہند میں مقیم تھے فرماتے ہیں:۔

"ایشان (خواجہ محمد سعید) حضرت سیّدی (شیخ آدم) را بسیار دوست می داشتند و فرزندان و فقرائے ایشان تربیت می کردند لہذا سیدی فرزندانِ خود را بایشان سپردہ بودند توجہ می خواستند و خود ہم تواضع نمودہ در حلقہ و خلوت ایشان می نشستند و بجای پیر خود تعظیم می کردند ایں جامع علیہ الرحمۃ در سال ہزار و پنجاہ ز ایشان مہربانی بسیار دیدہ"[1]

حضرت خواجہ غلام محمد بن شیخ آدمؒ کو خود شیخ آدمؒ نے اپنے مخدوم زادوں کی خدمت میں حصولِ علم ظاہر و باطن کے لیے سرہند بھیجا ہوا تھا مولانا بدخشی ۱۰۵۰ھ میں سرہند میں مخدوم زادہ غلام محمد کے درس ہدایہ و مطول میں خود شریک تھے، فرماتے ہیں:

"مخدومی شیخ غلام محمد اکثر علوم را بخدمت حضرات پیرزادہائے خود بزرگوار یعنی مولانا خواجہ محمد سعید و سیدنا خواجہ محمد معصوم و سیّدی شاہ محمد یحییٰ سلمہم اللہ تعالیٰ تحصیل علوم ظاہری و باطنی میکردم بخدمت ایشان (شیخ غلام محمد) ہم آشنائی و خصوصیت داشتم و در درسِ ایشان در ہدایہ و مطول شریک بودم از ایشان

---

[1] محمد امین بدخشی: نتائج الحرمین نسخہ ا، ورق ۲۹۳۔ ا

بغایت مہربانی میدیدم ..... چوں در سہرند ملازمت حضرات عزیزاں
میفرستادند سفارش تربیت باطنی ایشان راہم میکردند۔[1]"

حضرت شیخ ابونصر انبانی[2] جنہوں نے باطنی تربیت حضرت مجدد الف ثانیؒ سے پائی تھی۔ حضرت مجدّد قدس سرہ کی وفات کے بعد حضرت شیخ آدم کی خدمت میں مزید باطنی تربیت کے لیے حاضر ہوئے تو شیخ آدم نے یہ قبول نہیں کیا اور کہا میرے پیر بزرگوار کے مخدوم زادگان کے پاس جاؤ، کیونکہ وہی مریدوں کے مربی ہیں۔ بدخشی، شیخ ابونصر کی زبانی لکھتے ہیں :

"بعد از وفات ایشان قدس سرہ (حضرت مجدد الف ثانی) پیش حضرت خلیفۃ الزمانی علیہ الرضوان (شیخ آدم) آمدم ایشان را قبول نکردند و گفتند پیش حضرات مخدوم زادہائے پیر بزرگوارِ ما بروید کہ ایشان مربی مریداں اند و حضرت ایشان لازم ترند۔"[3]

حضرت خواجہ محمد معصوم اور حضرت شیخ آدم میں کوئی اختلاف نہیں تھا۔ حضرت خواجہ محمد معصوم اپنے مریدوں کو شیخ آدم کی صحبت اختیار کرنے کی تاکید فرماتے تھے اور حضرت شیخ آدم اپنے مریدوں کو حضرت خواجہ کی صحبت سے فیض یاب ہونے کی تلقین مکرر فرماتے تھے، لکھا ہے :

"در صحبتِ مخدومی و سیّدی بودم امور مکروہہ و اغراض نفسانیہ از ہیچ یک ندیدم بلکہ ہر یک مرید خود را بدیگری ترغیب میکردند چنانچہ بارہا شنیدہ ام کہ سیّدی ببریدان میگفتہ اند کہ حضرات مخدوم زادہای ما بکمالات صوری و

---

[1] محمد امین بدخشی : نتائج الحرمین ورق ۱۳۲ ب
[2] ایضاً : ورق ۲۲۵-ا
[3] ایضاً : ورق ۲۴۹-ب

Marfat.com

معنوی آراستہ اند ہر کہ را رغبتِ صحبت ایشان باشد، ہیچ مانعی نیست اگر خواہند من او را بردہ سفارش کنم۔[1]

روضۃ القیومیہ کے مصنف نے نتائج الحرمین کا ایک اقتباس نقل کرتے ہوئے لکھا ہے کہ حضرت شیخ آدم بنوڑی نے کہا کہ "حضرت خواجہ محمد معصوم کی صحبت اختیار کرو اگر کوئی مجھ سے شرم کرتا ہے تو میں خود اس کی سفارش کرنے کو تیار ہوں۔ چنانچہ آپ نے بعض کی سفارش حضرتِ خواجہ سے کی لیکن جواب کا شرف حاصل نہ ہوا۔[2]"

نتائج الحرمین کے منقولہ بالا اقتباسات کی روشنی میں حضرت شیخ آدمؒ پر یہ محض بہتان ہے۔ خود مولانا محمد امین بدخشی نے حضرات مخدوم زادگانِ سرہند سے تین سال تک مسلسل سرہند میں رہ کر ظاہری و باطنی علوم کی تحصیل کی تھی۔ ۱۰۵۱ھ میں حضرت خواجہ نے اپنی ایک خاص مجلس میں مولانا بدخشی سے کہا کہ میاں شیخ آدم بڑے بزرگ ہیں ان دنوں ان کی مجالس خوب گرم ہیں اور انہوں نے قادری سلوک بھی حاصل کیا ہے۔ اگر تمہیں ان کی صحبت اختیار کرنے کا اشتیاق ہے تو کوئی ممانعت نہیں۔ حضرت خواجہ نے بات یہیں پر ختم نہیں کر دی بلکہ صحبتِ شیخ آدم اختیار کرنے کے سلسلہ میں "ترغیبِ مکرر" سے کام لیا فرماتے ہیں:

چند سالی کہ در ملازمتِ حضرات مخدوم زادہای بزرگوار بودم و تحصیل ضروریات دین میکردم دریں مدت چند سال ہرگز چیزی نشنیدم کہ موجب استخلاف شد بلکہ ہمیشہ تعظیم یک دیگر باشد۔ میکردند خصوصاً شیخ محمد معصوم جیو نشستہ بودم باوجود حظِ وافر در خاطر شوق بنوڑ خطور میکرد بناگاہ ایشان مطلع گردیدہ مرا مخاطب نمودند کہ یا فلانی میاں شیخ آدم بسیار بزرگ اند

---

[1] ایضاً : ورق ۲۴۹ ب

[2] کمال الدین محمد احسان : روضۃ القیومیہ ۶۴/۲

مجلسہای گرم دارند۔ اکنون شنیدہ می شود کہ ایشان میگویند کہ از حضرت میراں محی الدین ہم پیشتر گذشتہ ام اگر باشد ہیچ مانعی نیست و دریں ترغیب تکرار میکردند ازیں سخن کمال انصاف و غایت نیک نفسی ایشان معلوم میشود۔ آنرا از طفیل آن خاطر رحمانی و اجازت آن ناصح ربانی صحبت آن عارف ربانی در اشرف مکان بحصول پیوست[1]۔"

مولانا بدخشی نے حضرت شیخ آدم بنوڑی کے ہمراہ حرمین کا سفر اختیار کرنے کے لیے باقاعدہ حضرت خواجہ محمد معصوم سے اجازت لی تھی فرماتے ہیں :

"مقصود آن است کہ در صحبت سیدی (شیخ آدم) و رضای مخدومی (خواجہ محمد معصوم) آمدم شاہد آنکہ ہر دو عزیز را بہ خود مہربان دیدہ افادہ ہا یافتم در علوم و معارف و مناقب ایشان رسالہ ہا نوشتم"[2]۔

روضۃ القیومیہ کے مصنف نے یہ بھی لکھا ہے کہ "شیخ آدم کے مرید بھی انہیں حضرت مجدد الف ثانی کا نائب خیال کرتے اور انہیں حضرت قیوم ثانی رحمۃ اللہ سے افضل سمجھتے تھے"[3]۔

مندرجہ بالا مبحث کے بعد اس مہمل اقتباس پر تبصرہ کی ضرورت تو نہیں ہے لیکن پھر بھی یہ کہہ دینا لازم ہے کہ نتائج الحرمین میں شیخ آدم کے جتنے خلفاء کے حالات مندرج ہیں کسی نے ایسی کوئی بات نہیں کہی بلکہ شیخ کے خلفاء تو مبتدیوں کو خانقاہ سرہند میں استقامت کے ساتھ مقیم رہنے کی تلقین کرتے تھے۔ خود مولانا بدخشی کے ایک ہم سبق مولانا شیخ عثمان پشاوری جو شیخ آدم کے خلیفہ بھی تھے، مولانا کو خانقاہِ سرہند میں قیام

---

[1] بدخشی : نتائج الحرمین ورق ۱۸۷ ب - ۱۸۸-۱

[2] ایضاً : ورق ۲۷۸ ب

[3] کمال الدین محمد احسان : روضۃ القیومیہ ۲/۶۳

Marfat.com

پر مجبور اور مستقل مزاج رہنے کی تلقین کرتے رہے۔ لکھا ہے :

"درخانقاہِ سہرند پیش فقیر می آمدند و باقامت و استقامت در ہمیں خانقاہ ترغیب میکردند و میگفتند آنچہ ما از بنوڑ حاصل کردیم شما ہم داریم۔"[1]

نتائج الحرمین میں متعدد ایسی مثالیں موجود ہیں جن سے ان دونوں حضرات کے مخلصانہ تعلقات کا پتہ چلتا ہے۔ ایک مثال اور ملاحظہ ہو :

"چنانکہ مخدومی فقیر را بسیدی ترغیب کردند..... و سیدی ہم جمعی را بہ مخدومی ترغیب میکردند و میگفتند کہ حضرات مخدوم زادہای بکمالات صوری و معنوی آراستہ اند ہر کرا رغبت بصحبت ایشان باشد مبارک است اگر خواہد من اورا بردہ سفارش کنم۔"[2]

صاحب روضۃ القیومیہ نے حضرت شیخ آدم بنوڑی کی اہانت کے سلسلہ میں حضرت خواجہ محمد معصومؒ سے جو منقولہ بالا مکتوب منسوب کیا ہے۔ اسے ڈاکٹر ایس ایم اکرام نے بغیر کسی ردّ و قدح کے قبول کر لیا ہے۔ یہ تعجب کا مقام اس لیے نہیں ہے کہ مکتوب نقل کرنے سے پیشتر ڈاکٹر اکرام، مجددی حضرات کے سیر مقامات پر تنقید کرتے چلے آرہے تھے کہ اچانک انہیں شیخ آدم کے سیر مقامات کے خلاف ایک وضعی مکتوب ملا جسے انہوں نے یہ کہتے ہوئے اپنی کتاب میں جگہ دے دی :

مجددیوں نے اپنی طرف سے ایسے واقعات کا اشتہار دیا ہے کہ عقل حیران ہوتی ہے اور خیال آتا ہے کہ اگر ان بزرگوں نے پرانے صوفیوں کی بعض غلطیوں کی اصلاح کی ہے تو کیا انہوں نے بلندیوں اور خوش اعتقادوں کو اُلجھانے کا اس سے زیادہ سامان تو نہیں پیدا کر دیا ! احوال و مقامات

---

[1] محمد امین بدخشی : نتائج الحرمین ورق ۲۳۰ب۔ نسخہ ا۔

[2] ایضاً : ورق ۲۷۹۔ا

پر بھروسہ رکھنے سے انسان جن خام خیالیوں میں مبتلا ہو جاتا ہے اس کا اندازہ اس خط سے ہو سکتا ہے جو حضرت مجدّد کے جانشین خواجہ محمد معصوم نے اپنے چھوٹے بھائی کو اپنے والد کے ایک مشہور خلیفہ شیخ آدم بنوڑی کی نسبت لکھا ہے[1]:

معلوم ہوتا ہے کہ ڈاکٹر اکرام روضۃ القیومیہ سے خواجہ صاحب کا یہ مکتوب نقل کرتے وقت روضۃ القیومیہ کے غیر ثقہ اور غیر مستند ہونے کا اپنا سبق بھول گئے تھے۔ اگر بنظر تحقیق دیکھا جاتے تو حضرت خواجہ کے مکتوبات کے مجموعہ میں یہ مکتوب سرے سے موجود ہی نہیں ہے۔ یہ حقیقت ہے کہ:

مخدوم زادہ سیّد محمد اولیاؔ بن حضرت شیخ آدم نے اپنے برادر بزرگ شیخ غلام محمدؒ کی وفات (۱۰۶۵ھ) کے بعد سجادہ نشینی قبول کرنے سے انکار کر دیا اور اس باب میں نہایت انکسار فرمایا تو والد بزرگوار کے خلفائے کبار نے جمع ہو کر منصبِ مشیخت قبول کرنے کی درخواست کی تو پھر بھی انکار کر دیا۔ آخر جب مخدوم زادگانِ سرہند نے سُنا تو خود بنوڑ تشریف لائے اور انہیں مسندِ سجادگی پر بٹھا کر اپنی دستار عنایت کی اور خلافت دے کر عزت بخشی لکھا ہے:

"تا آنکہ حضرات عزیزان سہرند شنیدہ در بنوڑ تشریف آوردہ ایشانرا سجادہ نشین ساختند و دستارِ خود را برایشان نہادند خلافت دادند۔"[2]

اگر روضۃ القیومیہ میں منقول مکتوب (دربارۂ حضرت شیخ آدم) صحیح ہوتا تو صاحبزادگان ایسا اقدام نہ کرتے اپنی دستار و خلافت سے نہ نوازتے۔

اس لیے ہمارے نزدیک یہ مکتوب بالکل وضعی ہے اور ان حضرات کے مابین کوئی نزاع نہیں تھی۔

---

[1] اکرام ایس ایم: رود کوثر ۲۹۷ [2] محمد امین بدخشی: نتائج الحرمین نسخہ ا، ورق ۱۳۶-ا

چونکہ حسنات الحرمین میں حضرتِ خواجہ کے مزار شیخ آدم پر جانے کا ذکر آیا ہے اس لیے ہمیں اس موضوع پر تفصیل سے لکھنا پڑا۔

Marfat.com

۲- سرہند میں حضرت خواجہ محمد معصوم کے مزار کا گنبد (ماخوذ از کتابچہ سرہند)

Muhammed Ma'sum Hazre.lerinin türbelerinin görünüşü
A view of Hadrat Muhammed Ma'sum's tomb



Muhammed Ma'sum Hazretlerinin türbelerinin kapısı
The gate of Hadrat Muhammed Ma'sum's tomb

۳- درگاہِ حضرت خواجہ محمد معصوم سرہندی کا دروازہ (ماخوذ از کتابچہ سرہند)

Marfat.com

مؤلف حسنات الحرمین

حضرت مروج الشریعۃ محمد عبید اللہ

حضرت مروج الشریعۃ صاحبِ ملفوظاتِ ہذا حضرت خواجہ محمد معصوم کے فرزند، حضرت مجدد الف ثانی کے پوتے اور مکتوباتِ معصومیہ کی جلد اوّل کے جامع ہیں۔

ان کی ولادت رجب ۱۰۳۸ھ/۱۶۲۹ء میں ہوئی۔[1]

ابتدائی اور اکثر متداول علوم کی تحصیل اپنے عم بزرگ حضرت خواجہ محمد سعید خازن الرحمۃ سے کی، مولانا بدرالدین سلطانپوری[2] اور اپنے والد سے بھی پڑھا تھا۔ مؤلف مقاماتِ معصومیہ کا بیان ہے:

اکثر تحصیل علوم ظاہرہ بخدمت عم اشرف خود حضرت خازن الرحمۃ و پیش جامع العلوم ملّا بدرالدین نمودہ اند..... در آخر عمر مبارک حضرت ایشان رضی اللہ تعالیٰ عنہ صحیح مسلم پیش آنحضرت می خواندند۔[3]

کم سنی میں ہی زیرک و حاضر جواب تھے۔ سات سال کے تھے کہ مولانا عبدالحکیم سیالکوٹی سرہند گئے تو ان کے سوالات کے فی البدیہہ جوابات دیئے۔[4]

---

[1] صفر احمد معصومی: مقاماتِ معصومیہ۔ قلمی نسخہ ب ۵۵۱
سال ولادت میں اختلاف ہے۔ مولف روضۃ القیومیہ (۲/۳۸۷) نے ۲۱ شعبان ۱۰۳۷ھ دیا ہے۔ ہمارے نزدیک مقاماتِ معصومیہ کے بیانات کو ترجیح حاصل ہے۔

[2] حالات کے لیے ملاحظہ ہو مقدمہ ہذا تحت خلفائے حضرت خواجہ

[3] صفر احمد: مقاماتِ معصومیہ ۵۵۳

[4] ایضاً: ۵۵۲

Marfat.com

درس و تدریس

علمی خصوصیات

حضرت مجدّد الف ثانی قدس سرہ کی اولاد مبارک نے درس و تدریس کے میدان میں بھی خاصا نمایاں کام کیا ہے جس پر تحقیقی مواد خاصا موجود ہے۔ اس امر کی ضرورت ہے کہ سلسلہ مجدّدیہ کی ان خدمات کا بھی بھرپور طور پر جائزہ لیا جائے۔ چنانچہ حضرت مروج الشریعۃ کا ذوق درس و تدریس بھی قابل توجہ ہے۔ ان کے ایک معاصر مؤلف شیخ عبدالفتاح نے لکھا ہے کہ ان کے حلقہ درس میں ساٹھ ستر کے قریب طلبہ حاضر ہوتے ہیں اور نہایت خوش گوئی سے درس دیتے ہیں۔

> قبلۂ اہل معرفت شیخ عبیداللہ معروف بہ میاں حضرت خلف حضرت شیخ محمد معصوم سرہندی ..... درحلقۂ درس ایشان قریب شصت و ہفتاد کس حاضر می شدند و بسیار خوش گو و خوش رُو و خوش خلق و خوش محاورہ بودند۔[1]

خود فرماتے ہیں کہ ۱۰۷۲ھ/۱۶۶۱ء میں مجھے مروج الشریعۃ کا خطاب القا ہوا لکھتے ہیں :

> روز یکشنبہ ۱۰۷۲ھ بست و چہارم ربیع الاوّل در قیلولہ نیم روزہ بہ خطاب ممتاز گردید کہ مروج الشریعت۔ بعد ازاں در ہماں تاریخ بسطے عظیم رو داد۔[2]

نیز ۱۰۷۶ھ/۱۶۶۵ء میں بشارت ملی کہ تمہاری ولایت، ولایت محمدی ہے :

---

[1] عبدالفتاح بن محمد نعمان بدخشی : مفتاح العارفین۔ قلمی۔ ذخیرۂ شیرانی۔ کتب خانہ دانش گاہ پنجاب ورق ۲۵۷۔ا

[2] مروج الشریعۃ : خزینۃ المعارف ۱۰۹/۱۳۱

Marfat.com

بہ یقین معلوم شد کہ ولایت تو ولایت محمدی است علی صاحبہا السّلام
وکان ذالک ظاہراً اوائل ذی الحج ۱۰۷۶ھ۔[1]

ان کی تسبیح میں حضرت مجدّد الف ثانی قدس سرہٗ کی تسبیح خاص کے دو دانے بھی شامل تھے جو انہوں نے کسی تقریب سے حاجی محمد معقول کو ارسال فرمائی تھی۔[2]

تالیفات

مؤلف روضۃ القیومیہ نے لکھا ہے کہ حضرت مروج الشریعت کی بہت سی تالیفات ہیں[3]، لیکن ہمیں اس وقت تک اُن کی صرف مفصلہ ذیل کتابوں کا علم ہوا ہے۔

مکتوباتِ معصُومیہ جلد اوّل

حضرت مروج الشریعت نے اپنے والد، استاد اور مرشد حضرت خواجہ محمد معصومؒ کے مکتوبات کی پہلی جلد کی ترتیب و تدوین کا کام انجام دیا۔

حضرت خواجہ کے مکتوبات کی تینوں جلدیں آپ کی زندگی میں ہی مرتب ہو گئی تھیں[4]۔ پہلی جلد حضرت مروج الشریعت نے ۱۰۶۳ھ/۱۶۵۳ء میں تدوین کی۔ "جمع کمالات نبوّت" اور "درۃ التاج" دو تاریخی مادے خود ہی کہے اور مؤخر الذکر کو اس کے تاریخی نام کی حیثیت بھی حاصل ہے لکھتے ہیں :

چوں تاریخ اختتام ایں قدسی آیات بگوش ہوش از سروش غیب "جمع کمالاتِ نبوت" میرسد اگر ایں "درۃ التاج" را بہ ہمیں نام خوانند

---

[1] مروج الشریعت : خزینۃ المعارف ۱۰۶/ ۱۲۸-۱۲۹

[2] ایضاً ۶۷/ ۹۵

[3] کمال الدین محمد احسان : روضۃ القیومیہ ۲/ ۲۰۱-۲۰۲ (اُردو ترجمہ)

[4] دوسری دو جلدیں ۱۰۷۲-۱۰۷۳ھ میں مرتب ہو کر شائقین تک پہنچ چکی تھیں۔

Marfat.com

می شاید۔[1]

اس جلد میں ۲۳۹ مکتوبات ہیں۔ مطبع نظامی کانپور سے ۱۳۰۴ھ میں طبع ہوئی۔ پھر ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خان صاحب نے کئی خطی نسخوں کے تقابل سے اس کے متن کو مرتب کیا جو مکتوبات کی تینوں جلدوں کے ساتھ ۱۳۹۶ھ/۱۹۷۶ء میں کراچی سے شائع ہوئی۔ تینوں جلدوں کا اُردو ترجمہ مولانا سید زوار حسین شاہ مرحوم نے کیا ہے۔[2]

یواقیت الحرمین

یہ کتاب حاضر ہے جس کا فارسی ترجمہ حسنات الحرمین شائع کیا جا رہا ہے۔ تفصیل اسی مقدمہ میں حسنات الحرمین کے تحت ملاحظہ کریں۔

رسالہ فی قرأت خلف الامام

یہ رسالہ عربی نثر میں ہے اور "قرأت خلف الامام" کے موضوع پر ہے۔ یہ رسالہ مؤلف کے فرزند شیخ محمد ہادی نے مؤلف کے مسودات میں سے مرتب کیا تھا۔ ابتدائیہ میں خود وضاحت کرتے ہیں :۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

الحمد لله الذي انزل القرآن و وفقنا، لتاويله و ارشد الاستنباط احكام الشرائع بتقره والصلوة والسلام على رسوله الذى ..... الخ اما بعد فيقول العبد الضعيف المرتقب تفويض الصمد البارى الهادى تاج الدين ابوالحسن

---

[1] مکتوبات معصومیہ جلد اوّل دیباچہ از حضرت مروج الشریعت ۵۶ طبع ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خان۔

[2] یہ ترجمہ ادارۂ مجددیہ کراچی سے طبع ہوا۔

Marfat.com

محمد ہادی وفقہ اللہ سبحانہ لما یحب ویرضی ہذہ قطرات نرشحۃ من بحار العلوم والتدقیقات والمعانت تلألأت من انوار التفقہ والتحقیقات وفقرات غسورت من مسودات سلطان المحققین امام المدققین قبلتنا بہاء الحق والدین ابوالعباس الشیخ محمد عبید اللہ رضی اللہ سبحانہ عنہ وارضاہ فی تضعیف الجُ ..... الخ

۲۱-اوراق کا یہ قلمی رسالہ حضرت مروج الشریعت کے مکتوبات خزینۃ المعارف کے اُس خطی نسخہ مخزونہ خانقاہ مجددیہ قلعہ جواد کابل کے ساتھ مجلد تھا جو حالیہ انقلاب افغانستان میں پورے کتب خانہ کے ساتھ نذرِ آتش کر دیا گیا ہے۔ راقم احقر نے ۲۳ جولائی ۱۹۷۶ء کو اس خطی نسخہ سے استفادہ کیا تھا اور حضرت ضیاء المشائخ محمد ابراہیم مجددی بن حضرت نور المشائخ ملّا شور بازار نے نہایت شفقت و محبّت سے اس کی زیارت کرائی تھی۔

رسالہ در عدم تعمیل کفار

رسالہ کا موضوع نام سے ظاہر ہے۔ حضرت مروج الشریعت نے اپنے ایک مکتوب بنام اورنگ زیب عالمگیر میں خود وضاحت کی ہے کہ یہ رسالہ بھیجا جا رہا ہے اورنگزیب کو دینی و ملکی نصائح کے ساتھ اس رسالہ کا تحفہ بھی ارسال کیے جانے کا ذکر اس طرح کیا ہے:

رسالہ در عدم تعمیل کفار نوشتہ بطریق تحفہ بحضور عالی فرستاد اُمید کہ بہ تمام نظر مبارک در آید۔[1]

---

[1] مروج الشریعت : خزینۃ المعارف ۱۲۲/۹۵

Marfat.com

نیز حضرت مروج الشریعت کے مکتوبات کے جامع شیخ محمد ہادی نے اس رسالہ کو وضاحت سے حضرت مروج الشریعت کی تالیف بتایا ہے :

دار رسالِ رسالہ در عدم تعمیل کفار کہ از مصنفات حضرت ایشان بود[1]....

اس اہم رسالہ کے کسی نسخے کا ہمیں تا حال علم نہیں ہے۔

رسالہ در ردّ فخر الدین رازی

امام ہمام نے فقہ حنفی کے اثبات میں ایک رسالہ لکھا تھا، امام فخر الدین رازی نے اس رسالہ کا رد تحریر کیا، حضرت مروج الشریعت نے رازی کے ردّ کا جواب ایک رسالہ کی صورت میں دیا تھا[2]۔ یہ رسالہ حضرت مروج الشریعت ہمیں دستیاب نہیں ہو سکا۔

خزینۃ المعارف

یہ حضرت مروج الشریعت کے مکتوبات کا مجموعہ ہے۔ جو ان کے فرزند شیخ محمد ہادی نے مرتب کیا تھا۔ اس کے مرتب ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خان صاحب کا خیال ہے کہ "خزینۃ المعارف" اس کا تاریخی نام ہے جس سے اس کا سال ترتیب ۱۰۹۴ھ آمد ہوتا ہے۔

اس میں ۱۵۶ مکتوبات ہیں۔ اورنگ زیب عالمگیر کے نام مکتوب نمبر ۱۱، ۶۶، ۹۴، ۹۵، ۹۶، ۱۱۹، ۱۲۱، ۱۲۳، ۱۳۰ سے اندازہ ہوتا ہے کہ بادشاہ کے ساتھ ان کے خوشگوار تعلقات تھے اور بادشاہ کی باطنی تربیت پر ان کی توجہ تھی خزینۃ المعارف

---

[1] مروج الشریعت : خزینۃ المعارف ۹۵/۱۲۱

[2] کمال الدین محمد احسان : روضہ ۲/۲۰۱-۲۰۲

Marfat.com

کا ایک قلمی نسخہ کتب خانہ خانقاہِ مجددیہ قلعہ جواد کابل افغانستان میں تھا۔ اسی نسخہ کی بنیاد پر جناب ڈاکٹر غلام مصطفےٰ خان نے اس کا متن مرتب کر کے کراچی سے ۱۹۷۳ء میں شائع کیا تھا۔

حضرت مروج الشریعت اپنی تحریرات کے آخر میں عموماً دستخط اس طرح کرتے تھے۔

"حررہ الفقیر محمد عبید اللہ عفی عنہ۔"[1]

اولاد

حضرت مروج الشریعت کے پانچ فرزند اور تین صاحبزادیاں تھیں۔ صاحبزادوں کے نام یہ ہیں۔ عبدالرحمٰن، عبدالرحیم، شیخ محمد ہادی، شیخ محمد پارسا اور شیخ محمد سالم۔[2]

ان فرزندانِ گرامی میں سے شیخ محمد ہادی سب سے زیادہ نامور اور کئی اہم کتابوں کے مؤلف تھے۔

شیخ محمد ہادی

انہوں نے اپنا پورا نام تاج الدین ابوالحسن محمد ہادی لکھا ہے[3]۔ ان کی ولادت رمضان ۱۰۶۲ھ/۱۶۵۲ء میں ہوئی[4]۔ انہوں نے تحصیلِ علم کی ابتدا اپنے دادا حضرت

---

[1] مروج الشریعت: خزینۃ المعارف ۱۵۴/۱۷۳

[2] محمد حسن جان مجددی: انساب الانجاب۔ طبع ٹنڈو سائیں داد سندھ ۱۳۴۰ھ ۲۹
صفر احمد معصومی: مقاماتِ معصومیہ۔ نسخہ ب ۵۷۱-۵۷۳
کمال الدین محمد احسان: روضۃ القیومیہ ۲/۲۰۲ (اردو ترجمہ)

[3] ملاحظہ ہو رسالہ قرأت خلف الامام۔ قلمی۔ مقدمہ ہذا

[4] کمال الدین محمد احسان ۲/۲۰۲

Marfat.com

خواجہ محمد معصوم سے کی اور مطوّل کا آغاز آپ ہی کی خدمت میں کیا پھر اپنے والد سے پڑھا :

"مطوّل را شروع از جناب حضرت ایشان نمودہ بودم سبق اوّل آن کتاب از آنحضرت استفادہ نمودہ و ارادۃ ہم بلا واسطہ آنجناب حضرت ایشان داشتند ثانیاً کسب بخدمت والد بزرگوار خود اختیار نمودہ بودند[1]۔"

مؤلف روضۃ القیومیہ نے وضاحت کی ہے کہ شیخ محمد ہادی نے انتہائی علوم حضرت خواجہ محمد نقشبند ثانی ملقب بہ قیوم ثالث سے حاصل کیے تھے اور ان کی مولویت گذشتہ مجتہدوں جیسی تھی[2]۔ حضرت شیخ عبدالاحد وحدت کے ساتھ بھی ان کو بہت عقیدت تھی اور ان سے استفادہ کیا تھا[3]۔

شیخ محمد ہادی بہت سی قابل توجہ کتابوں کے مؤلف تھے خصوصاً سلسلہ نقشبندیہ کی تاریخ ان کی تالیفات کے بغیر صحیح معنوں میں مرتب نہیں ہو سکتی۔ مولف روضۃ القیومیہ کا بیان ہے کہ شیخ محمد ہادی تصنیف و تالیف میں اس قدر مصروف تھے کہ اپنے مشائخ میں سب سے زیادہ مصروف شخصیت کہلائے[4]۔ ذیل میں ان کی تالیفات کا مختصر تعارف کروایا جا رہا ہے :

(۱) بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی تفسیر بقدر چالیس جزء[5]۔

---

[1] صفر احمد : مقامات معصومیہ ۵۷۲

[2] کمال الدین محمد احسان ۲/۲۰۳

[3] صفر احمد : مقاماتِ معصومیہ ۵۷۳

مولف روضۃ القیومیہ نے مبالغہ کیا ہے کہ حضرت وحدت ان کے مرید ہو گئے تھے (روضہ ۲/۱۸۳)

[4] روضہ ۲/۲۰۳

[5] کمال الدین محمد احسان : روضۃ القیومیہ ۲/۲۰۳

Marfat.com

(۲) کواکبِ دریہ - یہ اپنے سلسلہ کے مشائخ مجددیہ کے حالات پر نہایت ضخیم کتاب ہے اور پانچ جلدوں پر مشتمل ہے۔ مؤلف مقاماتِ معصومیہ کا بیان ہے :

"..... شیخ محمد ہادی را حضرت حق سبحانہ جزاٗ خیر دہاد کہ سعادت خود دانستہ مقاماتِ پنج حضرتِ ایشان در چہل سال در پنج جلد طویل بہ تفصیلِ تمام نگارش فرمودہ اند۔"[۱]

اس کتاب کے ایک جُز کا نام کواکب دریہ بھی ہے۔ اس میں حضرت وحدت سرہندی کے حالات ستر اجزا پر مشتمل ہیں۔[۲]

(۳) حجۃ الاحوال - کو روضۃ القیومیہ کے مؤلف نے الگ کتاب بتایا ہے حالانکہ اس کا موضوع اپنے مشائخ عظام کے احوال ہے۔[۳]

(۴) ترویحہ - یہ اپنے والد حضرت مروج الشریعت کے حالات پر مشتمل ہے۔[۴]

(۵) تجدیدِ احوال - در اثبات تجدید حضرت شیخ احمد سرہندی مجدد الف ثانی قدس سرہ۔[۵]

(۶) رسالہ در جواب شبہات دربارۂ تصوّف - میر اسماعیل بنیرہ حضرت میر محمد نعمان بدخشی کی تحریک پر تالیف کی۔[۶]

(۷) نصوص الدقائق بجواب نصوص الحقائق - اُنکے علاوہ بہت سی کتب معقول و منقول پر ان کے حواشی بھی ہیں۔[۷]

---

۱ صفر احمد : مقاماتِ معصومیہ ۱۴۱

۲ ایضاً ۱۴۲
نیز روضۃ القیومیہ کے مولف نے کواکب دُریہ کے بھی پانچ دفتر بتائے ہیں (روضۃ ۲۰۳/۲)

۳ کمال الدین محمد احسان : ۲۰۳/۲

۴ ایضاً ۲۰۳/۲

۵ ایضاً

۶-۷ ایضاً

Marfat.com

شیخ محمد ہادی کی مذکورہ بالا کسی کتاب کے وجود کا تاحال ہمیں علم نہیں ہے فقط خزینۃ المعارف اور رسالہ فی قرأت خلف الامام کے نسخے ملتے ہیں جن کا تعارف تالیفات حضرت مروج الشریعت کے تحت کروایا جا چکا ہے۔

شیخ محمد ہادی نے ۱۲ ربیع الاوّل ۱۱۲۳ھ / ۱۷۱۱ء میں انتقال کیا۔[1]

حضرت مروج الشریعت نے ۱۹ ربیع الاوّل ۱۰۸۲ھ / ۱۷۶۹ء میں انتقال کیا۔[2]

اس وقت آپ سنبھالکہ (من مضافات سرہند) میں تھے۔[3] عمر کل ۴۵ سال تھی۔

مولف روضۃ القیومیہ کا بیان ہے کہ اورنگ زیب کو حضرت مروج الشریعت کے انتقال پر بہت افسوس ہوا۔ اس نے دلجوئی کے لیے شہزادہ معظم[4] کو سرہند بھیجا۔ وہ حضرت کے فرزندوں کو اپنے ہمراہ اورنگ زیب کے پاس لے گیا اور انہیں شاہی قلعہ کے اس خاص مقام میں ٹھہرایا جہاں حضرت مروج الشریعت رہا کرتے تھے۔ بادشاہ نے خود وہاں قلعہ میں جا کر صاحبزادوں کے ساتھ فاتحہ خوانی کی۔[5]

اورنگ زیب کی حضرت مروج الشریعت سے والہانہ عقیدت کا اندازہ تو آپ کے مکتوبات سے بھی ہوتا ہے لیکن دیگر ماخذ بھی روضۃ القیومیہ کی اس سلسلہ میں تصدیق

---

[1] صفر احمد: مقاماتِ معصومیہ ۵۷۳۔ مؤلف روضۃ القیومیہ (۲/۲۰۷) نے سن وفات ۱۱۲۱ھ درج کیا ہے جو اس لیے درست نہیں کہ مولف مقاماتِ معصومیہ نے وضاحت کی ہے کہ ان کا انتقال سرہند پر غلبہ کفار کے بعد ہوا۔ سرہند پر سکھوں کا قبضہ متفقہ طور پر ۲۶ ربیع الاوّل ۱۱۲۲ھ / ۲۴ مئی ۱۷۱۰ء کو ہوا تھا (گنڈا سنگھ: بانده سنگھ بہادر ۶۷) اس لیے مولف مقامات معصومیہ کا مندرجہ سنہ وفات ۱۱۲۳ھ درست ہے۔

[2] صفر احمد: مقامات ۵۷۰، روضہ ۲/۲۰۱، محمد ہادی: خزینۃ المعارف (دیباچہ از شیخ محمد ہادی ۵)

[3] روضہ ۲/۲۰۱

[4] شہزادہ معظم: اورنگ زیب کے بعد بہادر شاہ کے لقب سے تخت نشین ہوا (۱۱۱۸-۱۱۲۴ھ / ۱۷۰۷-۱۲-۱۷۱۲ء) اس کی ولادت برہان پور میں ۴ اکتوبر ۱۶۴۳ء کو ہوئی۔

[5] روضہ ۲/۲۰۱

Marfat.com



۴۔ حسنات الحرمین کے جامع خواجہ عبیداللہ مروج الشریعت کا مزار، سرہند میں (ماخوذ از کتابچہ سرہند)

Marfat.com

کرتے ہیں۔ مقاماتِ معصومیہ کے ایک بیان سے واضح ہوتا ہے کہ شیخ محمد ہادی بن حضرت مروج الشریعت اورنگ زیب کے ساتھ ایک مہم پر لشکر بیجاپور میں اُس کے ہمراہ تھے[1]۔

خانوادۂ مترجم حسنات الحرمین

حسنات الحرمین کے مترجم شیخ محمد شاکر بن ملا بدرالدین سرہندی ہیں۔ ملّا بدرالدین سرہندی، حضرت امام ربّانی مجدّد الف ثانیؒ کے نامور خلیفہ، آپ کے سوانح نویس اور شہرۂ آفاق کتاب حضرات القدس کے مؤلف ہیں۔ اس علمی و رُوحانی خانوادے کے مختصر حالات حسب ذیل ہیں۔

شیخ ابراہیم مخزنی سرہندی

ملّا بدرالدین سرہندی کے والد اور مترجم حسنات الحرمین کے دادا تھے، درس و تدریس شغل تھا۔ "محدث، مفسر اور متصوف" تھے۔ سلسلہ قادریہ میں حضرت شاہ قمیص قادری[2] (متوفی ۹۹۲ھ/۱۵۸۴ء) کے مرید اور مولانا نظامی گنجوی کے دو واسطوں سے شاگرد تھے اور ان کی کتاب "مخزنِ اسرار" کو سب سے پہلے ہندوستان میں انہوں نے رائج اور شامل درس کیا اور اس کتاب کا چونکہ کثرت سے درس دیتے تھے اس لیے ان کی نسبت ہی "مخزنی" مشہور ہوگئی۔ انہوں نے اکثر علوم حاجی ابراہیم سرہندی سے حاصل کئے تھے اور صرف ایک واسطے سے مولانا جامی سے بھی تعلق خاطر تھا۔ ملّا بدرالدین لکھتے ہیں:

..... والد فقیر..... عالم و عامل محدث و مفسر و متصوفِ محقق بودہ اند

---

[1] صفر احمد: مقاماتِ معصومیہ ۵۷۲

[2] حالات کے لیے ملاحظہ ہو: غلام سرور لاہوری: حدیقۃ الاولیاء ۴۰

Marfat.com

..... پیوستہ بہ درس کتب متداولہ ..... اشتغال می نمودند مخزنِ اسرارِ نظامی گنجوی را در سفرِ یورپ بہ سند عالی بہ دو واسطہ از مصنف سند کردہ بودند و اوّل کسی کہ دریں دیار آن کتابِ حقائق آثار را آوردہ و ظاہر ساختہ و درس گفتہ ایشانند ..... از کثرتِ اشتغالِ ایشان بدرسِ مخزن و علوِ سند بہ "مخزنی" شہرت یافتند ..... مرید و خلیفۂ حضرت شاہ قمیص قادری بودند .... بسیاری از مشائخ عصر ہند مثل ..... شیخ عبدالاحد فاروقی رسیدہ اند۔[1]

سیّدنا حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی اولاد میں سے تھے، شجرۂ نسب اس طرح ہے:

نسبِ والدِ فقیر بحضرتِ صدیق اکبرؓ میرسد، بدیں طریق کہ ایشان فرزند شیخ عبدالرحمٰن المشہور بہ شیخ میتہا اندودی پسر شیخ خلیل اللہ بن شیخ محمد بن شیخ عبداللہ بن شیخ عمر بن عثمان بن شیخ محمد بن علی بن ابوطالب بن علی بن ابو محمد قاسم بن علی بن جعفر بن شیخ محمد بن علی بن حسن بن شیخ محمد بن نصر بن قاسم بن شیخ محمد بن عبداللہ بن عبدالرحمٰن بن قاسم بن محمد بن امیرالمومنین ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ[2] .....

شیخ بدرالدین کی والدہ کا انتقال ۱۰۲۴ھ میں اور والد یعنی شیخ ابراہیم کا وصال ۷۳ سال کی عمر میں ۲۹ شوال ۱۰۲۱ھ میں ہوا۔ اور سرہند میں روضۂ شاہ ابو بخاری کے صحن میں دفن ہوئے۔[3]

ملّا بدرالدین سرہندی

ان کا سالِ ولادت و وفات حتمی طور پر معلوم نہیں ہے۔ اپنے والد سے تحصیلِ علم کی

---

[1] بدرالدین سرہندی: سنوات الاتقیاء۔ قلمی ورق ۳۲۱-ب ۳۲۲-ا

[2] ایضاً ورق ۳۲۳-ا [3] ایضاً ورق ۳۲۲-ا

Marfat.com

اور حضرت مجدّد الف ثانی قدس سرہ سے منسلک ہونے سے پیشتر سلسلہ قادریہ میں بیعت و اجازت اپنے والد سے حاصل تھی، خود لکھتے ہیں :

ایں حقیر پیش از رسیدن بہ ملازمتِ حضرتِ ایشان (حضرتِ مجدّد) اشتغال و ارادت قادریہ خصوصاً سیفی و اربعین (و) اسمار شطاریہ از خدمتِ والد بزرگوار خود تلقین گرفتہ بود و در حضور ایشان (والد) عمل نمودہ و اجازتِ تلقین ایں اشغال نیز از ایشان یافتہ[1] .....

حضرت مجدّد الف ثانی قدس سرہ سے بھی انہوں نے شرح مواقف، بیضاوی اور عضدی جیسی بلند پایہ کتابیں پڑھی تھیں[2]۔ اس لیے انہیں روحانی تربیت کے ساتھ ظاہری علوم میں بھی حضرت سے تلمذ کا شرف حاصل تھا۔ نوجوانی ہی میں حضرت مجدد سے وابستہ ہونے کا ذکر خود فرمایا ہے۔ اور پھر اتنا قرب میسر آیا کہ جلوت و خلوت میں حضرت کے ہمراہ رہنے لگے۔ حضرت مجدّد نے خلافت سے سرفراز فرمایا تو اپنے سن رسیدہ چچا شیخ محمد کو بھی "تلقین ذکر" کی تعلیم دی۔ حضرت مجدّد کے کئی مکتوبات بھی ان کے نام ہیں[3]۔

تالیفات ملّا بدرالدین سرہندی

ملّا بدرالدین سرہندی کئی اہم کتابوں کے مؤلف تھے۔ ان کی زیادہ کتب علم تصوّف سے متعلق ہیں۔ ان کا مرکزی مطمح نظر حضرت مجدّد الف ثانی، آپ کی اولاد و خلفاء کے حالاتِ زندگی مرتب کرنا تھا۔ ان کی تصانیف میں سے سیر احمدی، حضرات القدس اور وصالِ احمدی کا یہی موضوع ہے۔

---

[1] ایضاً ۳۲۲ - ا

[2] بدرالدین سرہندی : حضرات القدس ۸۹/۲ (فارسی)

[3] محبوب الٰہی : (مقدمہ) حضرات القدس ۱۰/۲ - ۱۵ (ملخصاً)

Marfat.com

حضرت مجدد الف ثانی کی معاصر دو سوانح عمریوں[1] میں ان کی حضرات القدس[2] کو خاص اہمیت حاصل ہے اور وہ اپنی ثقاہت کے اعتبار سے عالمی شہرت حاصل کر چکی ہے

دیگر تالیفات یہ ہیں :

۱۔ سیر احمدی (سوانح حضرت مجدد) یہ حضرت مجدد کی زندگی میں تالیف ہوئی اس پر خود حضرتِ مجدد نے نظر ثانی فرمائی تھی اور حضرت کی اولین سوانح ہونے کا شرف بھی اسی کو حاصل ہے۔ اس کا مسودہ چوری ہو گیا تھا[3]۔

۲۔ کرامات الاولیاء۔ در اثباتِ کرامات بعد از موت۔

۳۔ فتوح الغیب کا فارسی ترجمہ

۴۔ روائح۔ در اصطلاحات صوفیہ و اشغال

۵۔ مقاماتِ غوث الثقلین (فارسی ترجمہ بہجۃ الاسرار)

۶۔ روضۃ النواظر۔ در مناقب حضرت غوثِ اعظم

۷۔ ترجمہ تفسیر عرائس البیان از شیخ روزبہان بقلی (ربع آن را بہ ترجمہ رسانید)[4]

۸۔ وصالِ احمدی۔ حضرت مجدد الف ثانی قدس سرہ کے ایام وصال کے احوال، آپ کے انتقال سے قبل اور بعد خوارق عادات کے ظاہر ہونے کا ذکر کیا گیا ہے۔ اس رسالہ سے صاحب زبدۃ المقامات نے بھی استفادہ کیا ہے۔ یہ رسالہ طبع ہو چکا ہے۔

---

[1] یعنی زبدۃ المقامات مولفہ شیخ محمد ہاشم کشمی اور حضرات القدس

[2] حضرات القدس دو جلدوں میں ہے دونوں کا اردو ترجمہ مولانا احمد حسین امروہوی اور عرفان احمد خان انصاری نے کیا تھا لاہور سے طبع ہو چکا ہے۔ اس کے دفتر اوّل کا ترجمہ حال ہی میں محمد اشرف نقشبندی نے کیا ہے جو مکتبہ نعمانیہ سیالکوٹ سے چھپا ہے۔ مولانا محبوب الٰہی نے صرف دفتر دوم کا فارسی متن مرتب کیا تھا جو ۱۹۷۱ء میں طبع ہوا۔

[3] حضرات القدس ۲/ ۱۵۸، ۱۶۰ [4] ایضاً ۲/ ۱۵۸-۱۵۹

Marfat.com

۹۔ سنوات الاتقیاء۔ اس میں حضرت آدم علیہ السّلام سے لے کر زمانۂ تالیف تک کے صلحائے امت کے سنین وفات مع مختصر مناقب درج کیے گئے ہیں۔ اندازِ بیان نہایت دلکش وسادہ ہے۔ "مآثر الصدیقین" سے اس کے آغاز تالیف کی تاریخ ۱۰۳۶ھ برآمد ہوتی ہے۔ قصور (پاکستان) میں اس کا ایک ناقص نسخہ ہماری نظر سے گزرا تھا۔

۱۰۔ مجمع الاولیاء۔ اس میں ایک ہزار پانچ سو صوفیہ کرام کے حالات بیان کئے گئے ہیں۔ ۱۰۴۴ھ میں مکمل ہوئی۔ لیکن بعد میں اس میں بعض لوگوں نے تحریف کر کے اسے پایۂ اعتبار سے گرا دیا۔[1]

انہوں نے یہ کتاب علی اکبر کروڑی سرہندی کی استدعا پر تالیف کی تھی، لکھتے ہیں:

"سیدے از دوستانے کہ تا دہ سال کروڑیِ سہرند بود، ازیں مسکین استدعا نمود کہ کتابے[2] ..... الخ

یہاں اس کروڑی کا نام نہیں لکھا گیا لیکن انہوں نے اپنی دُوسری تالیف سنوات الاتقیا میں اس کا نام وضاحت کے ساتھ لکھا ہے کہ اس کروڑی نے مجھ سے یہ کتاب مستعار لی اور اس میں تحریف کر کے اپنے نام سے شہرت دی۔ وہ علمی اعتبار سے عامی تھا اس نے یہ کام دُوسروں کی مدد سے کیا۔ لکھتے ہیں:

مجمع الاولیاء ..... دراصل تالیف ایں فقیر بود علی اکبر کروڑی سہرند بمقابلہ احسانی از من گرفت باتفاق فضلاء احوال صحابہ بآن الحاق نمود وآن را بنام خود کرد و او عامی بود خط سواد کمتر داشت[3] .....

خوش قسمتی سے مجمع الاولیاء کا یہ محرف خطی نسخہ کُتب خانہ انڈیا آفس لندن سے

---

[1] ایضاً ۱۵۸/۲ [2] ایضاً ۱۵۸/۲

[3] بدرالدین سرہندی: سنوات الاتقیا ورق ۲۰۷

Marfat.com

دریافت ہوگیا ہے[1]۔ یہ نسخہ مولف کا خود نوشتہ ہے۔ اس میں جا بجا کاٹ چھانٹ اور ردو بدل کیا گیا ہے گویا یہ وہی محرف نسخہ ہے جس میں علی اکبر نے اپنی خواہش کے مطابق تبدیلیاں کروائی تھیں اور اس میں اپنا نام علی اکبر اردستانی بحیثیت مولف لکھ دیا تھا، اس کتاب میں حضرت امام ربانی اور آپ کے صاحبزادوں حضرت خواجہ محمد سعید اور حضرت خواجہ محمد معصوم کا ذکر جس محبّت و خلوص سے درج ہوا ہے وہ بھی اسی کی غمازی کرتا ہے کہ یہ ملّا صاحب کی تالیف ہے نہ کہ "کروڑی سرہند" کی۔

ملّا بدرالدین سرہندی کے صاحبزادے

ہمیں اس وقت تک ملّا صاحب کے صرف تین صاحبزادوں کے نام معلوم ہیں۔ اوّل ملّا محمد شاکر (مترجم حسنات الحرمین) دوئم ملّا محمد افضل سرہندی اور سوم شیخ محمد، یہ تینوں حضرتِ خواجہ محمد معصومؒ اور خواجہ محمد سعیدؒ سے منسلک تھے۔

ملّا محمد افضل کے نام حضرت خواجہ کے دو مکتوبات ملتے ہیں[2]۔ جن سے عیاں ہوتا ہے کہ وہ بھی ایک طالبِ صادق تھے۔ مولانا محمد امین بدخشی کے ایک بیان سے مترشح ہوتا ہے کہ ملّا بدرالدین کے صاحبزادے بھی سفرِ حج میں حضرتِ خواجہ کے ہمراہ تھے اور انہوں نے حضرت خواجہ محمد سعید بن حضرت مجدّد کے مناقب میں رسائل لکھے اور ان کے مکتوبات بھی جمع کیے تھے:

> شیخ بدرالدین و فرزندانِ او در مناقب ایشان رسالہا و مکتوبہا و کرامتہا جمع کردہ اند[3]۔۔۔۔۔۔

---

[1] مجمع الاولیاء۔ خطی نسخہ، کتب خانہ انڈیا آفس۔ لندن فہرست ایتھے ۶۴۵-۶۴۶ (فہرست نگار نے اس کے مولف کا نام علی اکبر حسینی اردستانی لکھا ہے)

[2] محمد معصوم، خواجہ: مکتوبات ۱/ ۷۰، ۱۹۴ [3] یہ حاشیہ اگلے صفحہ پہ ملاحظہ کریں۔

Marfat.com

اس کی تصدیق لطائف المدینہ سے بھی ہوتی ہے۔ اس کے بابِ کرامات کے آغاز میں وضاحت کی گئی ہے کہ حضرت خواجہ محمد سعید کی کرامات کا احاطہ و شمار بہت مشکل ہے، لیکن حضرات المقدس کے مولف ملّا بدرالدین کے فرزند شیخ محمد نے ان میں سے چند ایک جمع کی ہیں: القدس

لکن قد تصدی لجمع جملہ منہا الاخ الصالح الباقر محمد بن بدرالدین السرھندی صاحب حضرات القدس مقامات المجدد رضی اللہ عنہ[1]۔ الخ

ملّا محمد شاکر سرہندی

ان کے حالاتِ زندگی تذکروں میں نہیں ملتے۔ یواقیت الحرمین کا انہوں نے حسنات الحرمین کے نام سے سرہند شریف پہنچ کر ۱۰۷۱ھ میں عربی سے فارسی میں ترجمہ کیا تھا۔ اس ترجمہ کے بغور مطالعہ سے نہ صرف یہ عیاں ہوتا ہے کہ مترجم اس سفر میں حضرات کے ہمرکاب تھے بلکہ اس عالی شان خاندان کے ساتھ ان کے کم سنی سے ہی اخلاص و محبّت کے مراسم تھے۔

شیخ محمد مراد ڈنگ کشمیری (خلیفہ حضرت شیخ عبدالاحد وحدت سرہندی) نے لکھا ہے کہ مترجم حسنات ملّا محمد شاکر سرہند کے قاضی تھے[2]۔

---

[3] بدخشی، محمد امین: نتائج الحرمین۔ نسخہ ا، ورق ۲۹۳-ا، ب۔ نیز ر۔ک بہ مقدمہ حاضر تحت "حضرت خواجہ کے قیامِ حرمین کے دوران تالیفات .....

---

[1] وحدت، عبدالاحد سرہندی: لطائف المدینہ ورق ۳۰-ا (یہ اہم مخطوطہ بھی ہم نے مرتب کرلیا ہے، انشاء اللہ جلد شائع ہو جائے گا۔

[2] محمد مراد کشمیری: حسنات المقربین۔ قلمی۔ (شیخ محمد فضل اللہ ہمشیرہ زادہ حضرت خواجہ محمد معصوم رح جن کا نام خود حضرتِ خواجہ نے محمد شاکر رکھا تھا، اورنگ زیب نے ان کے والد کی وفات کے بعد انہیں سرہند کا قاضی مقرر کیا مقاماتِ معصومیہ ۶۷۷) اس لیے قیاس ہے کہ شیخ محمد مراد نے سہواً مترجم حسنات کو قاضی سرہند لکھ دیا ہو یا یہ مترجم بھی ان کے بعد سرہند کے قاضی رہے ہوں۔

Marfat.com

یواقیت الحرمین کے جامع حضرت مروج الشریعت نے خود ملّا محمد شاکر کو اس کے ترجمے کا حکم دیا تھا اور انہوں نے لکھا ہے کہ اس ترجمہ میں دیگر صاحبزادگان کے نوشتہ مکاشفات سے بھی استفادہ کیا گیا ہے[1]۔ جس سے اندازہ ہوتا ہے کہ ان حضرات کی نظر میں ملّا بدرالدین کے اس فرزند کی کتنی عزّت تھی اور ان کا علمی مقام بھی مسلمہ تھا۔

حسنات الحرمین

رسالہ حسنات الحرمین حضرت خواجہ محمد معصوم قدس سرہ کے ان مکاشفات، احوال اور فرمودات کا مجموعہ ہے جو آغاز سفر حرمین الشریفین، قیام حجازِ مقدس اور ہندوستان کی طرف واپسی کے دوران بیان کئے۔

حضرت خواجہ ۱۰۶۷ھ/۱۶۵۷ء میں حرمین الشریفین کی طرف بہ نیتِ حج روانہ ہوئے تو صاحبزادگان، اعزہ اور بعض خلفا بھی ہمرکابی کا شرف حاصل کر کے وہاں حاضر ہوئے اور آپ کے صاحبزادے حضرت مروج الشریعت محمد عبیداللہ آپ کے فرمودات کو عین موقع پر ہی "عربی فصیحہ" میں قلم بند کرتے رہے اور سرہند شریف پہنچ کر اس کی تکمیل کر کے حضرتِ خواجہ کی خدمت میں پیش کیا۔ حضرتِ خواجہ اس کے مطالعہ کے بعد روضۂ منورہ حضرت مجدّد الف ثانی قدس سرہ پر حاضر ہوئے کہ ان تحریرات کے بارے میں حضرت کی مرضی معلوم کریں۔ تو بہت ہی عنایات کا کشف ہوا۔ اور عالمِ مکاشفہ میں بطور انعام جواہر اور یواقیت سے بھرے ہوئے "دو خوان" ایک ایک شخص جس کے سر پر جواہرات سے مرصع تاج تک لے کر حاضر ہوا۔ پس اس مناسبت سے اس مجموعہ کا نام "یواقیت الحرمین" تجویز کیا گیا[2]۔ اس کے بعد اس سلسلہ

---

[1] تفصیل اسی مقدمہ میں حسنات الحرمین کے تعارف کے تحت ملاحظہ کریں۔

[2] خاتمہ حسنات الحرمین، نیز روضۃ القیومیہ (۲/۱۱۶-۱۱۷) میں یہ حکایت مفصل طور پر بیان ہوئی ہے۔

Marfat.com

کے کئی مشائخ کے ملفوظات کے حصوں میں ہر ملفوظ کو "یاقوت" کا نام دیا جانے لگا۔[1]

فارسی ترجمہ

ہندوستان پہنچ کر طالبانِ حق کی درخواست پر مولف (حضرتِ مروج الشریعت) نے اسے فارسی میں ترجمہ کرنے کے لیے شیخ محمد شاکر بن ملاّ بدرالدین سرہندی کو حکم دیا۔ چنانچہ انہوں نے اس کا "مشروح فارسی" میں ترجمہ کیا اور یہ ترجمہ ۱۰۷۱ھ/۱۶۶۱ء میں مکمل ہوا۔[2] گویا حضرت خواجہ محمد معصوم قدس سرہ کے عین حیات ہی یہ اہم کام پورا ہو گیا تھا۔ ملاّ محمد شاکر نے اس کا لفظی ترجمہ ہی نہیں کیا بلکہ یہ مشروح فارسی ترجمہ ہے۔ مترجم نے وضاحت کی ہے کہ اگرچہ اس مجموعہ میں زیادہ تر حضرت مروج الشریعت کے بیان کردہ مکاشفات ہیں لیکن چند ایک بیانات دیگر صاحبزادوں کے بھی اس میں شامل ہیں جن کے نام ان مواقع پر لکھ دیے گئے ہیں۔[3]

حسنات الحرمین کی مقبولیت

حضرت خواجہ کے مکاشفات کا یہ مجموعہ سال تالیف ۱۰۶۸ھ/۱۶۵۸ء سے لے کر آج تک بہت ہی مقبول اور اس حلقہ میں متداول ہے۔ اس رسالہ کے جامع حضرت مروج الشریعت اپنے ایک مکتوب میں اس رسالہ کی مقبولیت اور حضرت مجدّد

---

[1] حضرت شاہ غلام علی دہلوی ۱۲۴۰ھ/۱۸۲۵ء کے ملفوظات مشمولہ جواہر علویہ میں یہ مثال ملاحظہ کی جا سکتی ہے۔

[2] حسنات الحرمین۔ ابتدائیہ از مترجم فارسی۔ نیز روضۃ ۲/۱۱۷، مقاماتِ معصومیہ ۵۵۷ میں بھی اس ترجمہ کے خود مؤلف کی طرف سے امر کرنے کا ذکر کیا گیا ہے۔

[3] حسنات الحرمین: ابتدائیہ از مترجم فارسی۔

Marfat.com

الف ثانی قدس سرہ نے عالم مکاشفہ میں اس کے بارے میں جس رائے کا اظہار فرمایا تھا اس سے خود آگاہ فرماتے ہیں :

"در شبِ جمعہ بزیارتِ حضرت پیر دستگیر رفتہ بودیم توجہے در باب رسالۂ حسنات الحرمین کہ چیز ہائے عجیب دران مندرج شدہ است داشتیم کہ آیا ایں ہمہ اسرار و معاملات کے مرقوم گشتہ است صحت دارد و اظہار آن مرضی است یا نہ ؟ حضرت مجدّد الف ثانی ظاہر شدہ آن قدر الطاف و عنایات نمودند کہ تا حال بہ این خصوصیت کم نمود ار شدہ باشند ہر وقت در کنار گرفتند و بوسہ می دادند و از کمال شفقت گرد من می گشتند۔ راوی گوید ایں ہمہ اشارہ است بہ صحت آن حالات و رضا بہ اظہار آن[1]۔"

ہمارا دعویٰ ہے کہ اس رسالہ کی مقبولیت کا یہ عالم تھا کہ اس کی تبییض سے پہلے ہی اس کے اقتباسات لیے جانے لگے تھے۔ سلسلہ مجددیہ کے ایک عظیم محقق و سوانح نگار مولانا محمد امین بدخشی جو اس رسالہ کی ترتیب کے زمانہ ۱۰۶۸ھ/۱۶۵۸ء میں حرمین الشریفین میں موجود۔ اور حضرت شیخ آدم بنوڑی کے حالات پر ضخیم و جحیم کتاب نتائج الحرمین کی تالیف میں مصروف تھے۔ جب حضرات سرہند کی حرمین میں حاضری کا سنا تو کشاں کشاں ان کی خدمت میں حاضر ہو کر ان حضرات کے پاس رہنے لگے اور وہ ان دنوں نتائج الحرمین کی جلد سوم کی تدوین کر رہے تھے کہ اس کام کو روک کر انہوں نے عربی زبان میں حضرت خواجہ محمد معصوم سرہندی اور دیگر حضرات سرہند کے حالات پر ایک مستقل کتاب لکھی اور نتائج الحرمین کی تکمیل (حدود ۱۰۹۳ھ/ ۱۶۸۲ء) کے بعد اس کا عربی سے فارسی میں ترجمہ بھی کیا تھا، انہوں نے مذکورہ کتاب، اس کے فارسی ترجمے اور نتائج الحرمین میں رسالہ حسنات الحرمین کے عربی متن سے بکثرت اقتباسات اپنی ان تینوں کتابوں میں

---

[1] مروج الشریعت : خزینۃ المعارف ۱۳۶/ ۱۵۲-۱۵۳

شامل کئے تھے۔ گویا ہماری تحقیق کے مطابق حسنات الحرمین سے نقل و اقتباس کا اوّلین شرف مولانا محمد امین بدخشی کو حاصل ہوا۔[1]

مولانا بدخشی کے بعد سلسلہ مجدّدیہ کے ایک اور نامور سوانح نگار شیخ محمد مراد ٹنگ کشمیری (ف ۱۱۳۱ھ/۱۷۱۸ء) جنہوں نے اس سلسلہ کی تاریخ پر قابلِ توجہ کتابیں تالیف کی تھیں، اپنی کتاب حسنات المقربین (۱۱۲۴ھ/۱۷۱۲ء) میں حسنات الحرمین کے نصف سے زیادہ حصے کو نقل کر کے محفوظ کر لیا ہے۔[2]

اسی طرح حضرت خواجہ محمد معصوم سرہندی قدس سرہ پر سب سے زیادہ ضخیم و اہم کتاب مقاماتِ معصومیہ کے مولف شیخ صفر احمد معصومی (نواسۂ حضرت خواجہ) نے حسنات میں سے سترہ یواقیت کو اپنی اس کتاب کی زینت بنایا۔[3]

روضۃ القیومیہ (۱۱۴۵-۱۱۶۹ھ/۱۶۳۵-۱۶۵۹ء) کے مولف نے حسنات الحرمین سے بکثرت اقتباسات دیئے ہیں اور کئی مقامات پر اس کے براہ راست عربی متن سے استفادہ کرنے کا دعویٰ بھی کیا ہے۔[4]

اسی طرح حضرت شاہ رؤف احمد رافت مجدّدی[5] (۱۲۴۹ھ/۱۸۳۴ء) نے بھی اپنی بعض تالیفات میں اس سے استفادہ کیا ہے۔

---

[1] تفصیل کے لیے دیکھئے مقدمہ ہذا تحت عنوان "حضرت خواجہ کے قیام حرمین کے دوران تالیف ہونے والی سلسلہ مجدّدیہ کی کتابیں"۔

[2] محمد مراد ٹنگ کشمیری : حسنات المقربین۔ قلمی

[3] صفر احمد : مقامات ۱۸۹ - ۲۰۹

[4] کمال الدین محمد احسان : روضہ ۲/۱۱۷

[5] حالات کے لیے ملاحظہ ہو ملفوظاتِ شریفہ ۳۰ ، ۹۲-۹۳ حواشی

Marfat.com

حسنات الحرمین کے خطی نسخے

حسنات الحرمین کے عربی متن کے کسی نسخے کے وجود کا تاحال علم نہیں ہے۔ اس کے پیشِ نظر فارسی ترجمے کے اس وقت تک ہمیں صرف مفصلہ ذیل قلمی نسخوں کا علم ہے۔

(۱) کتب خانہ انڈیا آفس لندن۔ ذخیرۂ دہلی، مخطوطاتِ فارسی نمبر ۴۷۹
یہ نسخہ دریافت شدہ تمام نسخوں میں کتابت کے اعتبار سے قدیم ترین ہے۔ اس کا سال کتابت ۱۰۷۲ھ ہے۔ اگرچہ ترقیمہ میں جس کا عکس اس مقدمہ میں شامل ہے سے سنہ ۱۰۷۰ھ پڑھا جاتا ہے اور عدد ۷ کے بعد کچھ نہیں لکھا گیا لیکن اس کے خط اور قدامت سے قیاس ہوتا ہے کہ یہ سال ترجمہ ۱۰۷۱ھ کے فوراً بعد یا ۱۰۷۲ھ کا مکتوبہ نسخہ ہے۔ ہم نے اسی نسخہ کی بنیاد پر یہ متن تیار کیا ہے۔

(۲) کتب خانہ مولانا محمد ہاشم جان مرحوم ٹنڈو سائیں داد سندھ
اگرچہ اس میں سال کتابت درج نہیں ہے لیکن حدود ۱۲۰۰ھ کا معلوم ہوتا ہے اس نسخے کا عکس ہمیں جناب حاجی محمد اعلیٰ صاحب کراچی کی وساطت سے حاصل ہوا۔ جس کے لیے ہم ان کے شکر گزار ہیں۔

(۳) حضرت مولانا زید ابوالحسن فاروقی بن حضرت شاہ ابوالخیر مجددی دہلوی، سجادہ نشین درگاہ عالیہ حضرت میرزا مظہر جان جاناں و حضرت شاہ ابوالخیر کے ذاتی کتب خانہ میں وہ نسخہ ہے جو ان کے حضرت والد نے مدینہ منورہ سے حاصل کیا تھا۔

(۴) کتب خانہ عارف حکمت۔ مدینہ منورہ (نسخہ نمبر ۲۲۵)
اس نسخہ کی زیادہ تفصیلات معلوم نہیں ہیں اور نہ ہی ہمیں اس کا عکس مل سکا ہے۔ فقط فہرست مخطوطات فارسی مدینہ منورہ میں اس رسالہ کا

Marfat.com

نام درج ہے[1]۔ سلسل نمبر ۲۲۵

(۵) کتب خانہ لینن گراڈ (روس) میں بھی اس کا ایک نسخہ پایا جاتا ہے[2]۔ ہمیں اس نسخہ تک رسائی نہیں ہوئی۔

(۶) رسالہ حسنات الحرمین کے طویل اقتباسات حسنات المقربین، مقاماتِ معصومیہ، اور روضۃ القیومیہ میں پائے جاتے ہیں اس لیے ان اقتباسات سے بھی متن کی تصحیح میں خاصی مدد ملی ہے۔

ہمارے پیشِ نظر متن کی بنیاد ان اقتباسات کے علاوہ نسخہ نمبر ۱ (جسے حواشی میں نسخہ ۱ لکھا گیا ہے) اور نسخہ نمبر ۲ (جسے نسخہ ہا سے تعبیر کیا گیا ہے) پر ہے۔

حسنات الحرمین کے مختصر تعارف کے بعد آیئے پہلے ہم اس "ذہنی و مذہبی کشمکش" کا جائزہ لے لیں جو دارا شکوہ کے سہارے صوفیۂ خام نے اس عہد میں پیدا کر دی تھی تاکہ اس پس منظر میں ہم مجددی حضرات کی "تحریک احیائے دین" کی نوعیت اور حقیقت کو سمجھ سکیں ——

پیشِ نظر کتاب بھی عین انہیں ایّام میں مرتب ہوئی تھی اس لیے اس کی تالیف کا سیاسی و مذہبی پس منظر بھی یہی تھا ——

---

[1] عطاردی قوچانی عزیز اللہ : مخطوطات فارسی در مدینہ منورہ۔ طبع تہران ۱۳۴۶ ش

[2] احمد منزوی : فہرست نسخہ ہای خطی فارسی جلد ہفتم مسودہ مملوکہ جناب احمد منزوی۔ تہران

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ الذی جعل جنان ولہایہ مہبطا للعجایب نطق علی لسانہم
بکلام متضمن علی الغرایب جر کلامہم دواء شفاء للنوایب
والصلوۃ والسلام علی حبیبہ الذی لا یحیط بغتۃ الادراک کفی بہ تاعتا
لولاک لما خلقت الافلاک وعلی آلہ واصحابہ واتباعہ وعلی جمیع الاولیاء
وبتوسلیہم واتباعہم اما بعد کمترین معتصمان الطاف ایزدی
محمد شاکر بن شیخ بدر الدین احمدی سرہندی مینماید کہ چون حضرت قطب الاقطاب
غوث الشیخ والشباب خازن کنوز الہدایۃ والمعرفۃ قاسم
معادن الرحمۃ والبرکۃ الواصل الی اقصی درجات الولایۃ السابع

۵۔ حسنات الحرمین کے قلمی نسخہ انڈیا آفس کا پہلا ورق

Marfat.com

الی منتهی معارج النهایة الوارث الکامل والتابع البالغ المشرف
بالمحبة الذاتیة المستسعد بخلعة القیومیة الجامع بین کمالات الاصالة
والضمنیة المبشر بالاسرار الناشیة عن صرف المحبوبیة النور الاتم
من الملک القیوم سیدنا وامامنا وقبلتنا حضرت خواجه محمد معصوم را
سلمه الله سبحانه وادام برکاته وظلال ارشاده الی یوم المعلوم در
سنه هزار وشصت وهشت که از کلمه محمدن المعصوم زار الشفیع
۱۰۶۸
نیز معلوم میگردد بعنایت الله جل وعلا طواف بیت الله وروضه
رسول الله وزیارت اصحاب کبار ومواضع ومزار متبرکه میسر گشت
ودران اماکن معظمه بمواهب عالیه واسرار غامضه مشرف ساختند
وبواردات والهامات بلند ومقامات وکمالات ارجمند نواختند
وانوار واسرار نسبتهای خاصه وخلعتهای فخیمه مرحمت کردند
الغالیحضرت در هنگام فرخندگی خاطر شریف بحکم واما بنعمة ربک
محدث سطری از ورود عنایات فاخره ومکاشفات باهره بمخدومزادها

۶۔ حسنات الحرمین خطی نسخۂ انڈیا آفس کا ورقِ ثانی

Marfat.com

که تا حال انقسم مراحم کمتر بظهور پیوسته باشد میدیدیم که از
کمال مرحمت کوتاه کرداکرد ما میکردند و اظهار فرح و سروری
مینمایند صباح ان روز بعد از نماز بامداد بحلقه ذکر مراقب نشستم
دیدیم که دو کس دو خوان در دست گرفته از هر دو دروازه
مسجد پیش ما امدند و حقیقت یکی از انها خوب بوضوح نپیوست
که چه اورده بود و دیگری ان خوان را اورده پیش ما نهاد
دیدیم که چیزهای درخشیده چون جواهر و یواقیت اب دار
در ان نهاده اند درین اثناء ان شخص یک تاج مکلل
بجواهر بر سرها گذاشت انتهی راقم حروف گوید عفی عنه
لله سبحانه الحمد لله تسمیه این رساله یواقیت
موافق این معرفت افتاد و وجه وجیه برای تسمیه پیدا شد

سبحان ربک رب العزت عما یصفون وسلام
علی المرسلین الحمد لله رب العالمین

قد تمت هذه الرسالة الشریفة
مسمی بحسنات الحرمین
تاریخ ۲۵ شهر شعبان
تمام شد

۷۔ حسنات الحرمین کے نسخۂ انڈیا آفس کے دو آخری ورق

Marfat.com

بسم الله الرحمن الرحیم

الحمد لله الذی جعل جنان اولیائه مهبطا للعجایب ونطق علی لسانهم بکلام متضمن
علی الغرایب وجر کلامهم دواء شفاء للنوایب والصلواة والسلام علی حبیبه الذی
لا یحیط بغیبه الادراک کفی به ناعتا لولاک لما خلقت الافلاک وعلی آله واصحابه واتباعه
وعلی جمیع الاولیاء ومتوسلیهم واتباعهم کمترین معتصمان الطاف ایزدی محمد
شاکر بن شیخ بدر الدین احمد سرهندی مینماید که چون حضرت قطب الاقطاب غوث الشیخ
والشاب خازن کنوز الهدایة والمعرفة قاسم معادن الرحمة والبرکة الواصل الی اقصی درجات
الولایة البالغ الی منتهی معارج النهایة الوارث الکامل والتابع البالغ المشرف بالمحبة الذاتیة
المستسعد بخلقه القیومیة الجامع بین کمالات الاصالة والضمنیة المبشر بالاسرار الناشئة عن
صرف المحبوبیة النور الاتم من الملک القیوم سیدنا وامامنا وقبلتنا حضرت خواجه معصوم
سلمه الله سبحانه وادام برکاته وظلال ارشاده الی یوم المعلوم در سنه هزار شصت و هشت که
از کلمه محمدن المعصوم مزار الشفیع نیز معلوم میگردد بعنایت خداوندی جل وعلا طواف بیت الله
و روضه رسول الله و زیارت اصحاب کبار و مواضع مزار متبرکه میسر گشت و دران اماکن معظمه
بمواهب عالیه و اسرار غامضه مشرف ساختند و بواردات و الهامات بلند و مقامات
و کمالات ارجمند نواختند و انوار و اسرار نفحات خواصه و خلعتهای فخمه مرحمت کردند
آن عالی حضرت در هنگام فرخنده کی خاطر شریف بحکم واما بنعمة ربک فحدث شطری از ورود
عنایات فاخره و مکاشفات باهره مخدومزاده های کرام که درین سفر فیض اثر رفیق

بودند

۸۔ حسنات الحرمین۔ خطی نسخه مملوکه مولانا محمد هاشم جان مجددی مرحوم۔ کا پہلا ورق

Marfat.com

اِس عہد کا مذہبی ماحول

وحدت الوجود اور وحدت الشہود[1]

یہاں ان دونوں نظریات کی تفصیل اور ان کے درمیان فرق بیان کرنے کا موقع نہیں ہے[2]۔ صرف یہ ثابت کرنا مقصود ہے کہ جب ہندوؤں نے نظریۂ وحدت الوجود میں اپنے فلسفہ کی آمیزش شروع کر دی تو اس سے صوفیۂ خام کا طبقہ متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکا اور ان کی مدد سے انہوں نے اسے باقاعدہ تحریک کی شکل دے دی۔ اس کے افکار کا مرکزی نقطۂ نظر "وحدتِ ادیان" ہے۔

ان حالات میں حضرت امام ربانی مجدّد الف ثانی قدس سرہ نے ایسے صوفیہ کو للکارا اور اس کے انجام سے خبردار کیا۔ خود چشتی سلسلہ کے بزرگوں نے جن کے ہاں اس نظریہ کو سب سے زیادہ پذیرائی ہوئی تھی، اس نظریہ کے تمام تر مبحث کو خانقاہ تک محدود رکھنے کی پوری پوری کوشش کی، لیکن جب ان شرائط کی گرفت ڈھیلی ہوئی تو عوام تک پہنچ کر اس نظریہ نے منفی اثرات مرتب کرنا شروع کر دیے۔

حضرت مجدد الف ثانی نے اس نظریہ کو آمیزش سے پاک کرنے کے لیے بہت سعی فرمائی اور اس کے مقابل "وحدت الشہود" کو پیش کیا۔

---

[1] اس موضوع پر اختصار کے پیش نظر ہم نے صرف انہیں چند عنوانات پر لکھا ہے۔

[2] ان دونوں نظریات کی تفصیل اور فرق کی وضاحت کے لیے دیکھئے ملا عبدالعلی بحرالعلوم کا رسالہ وحدت الوجود مرتب و مترجم مولانا زید ابوالحسن۔ طبع دہلی و مقدمۂ مقاماتِ مظہری۔

Marfat.com

افسوس کہ خود غرض اور دُنیا پرست علماء وصوفیہ نے اس پر غور و فکر کیے بغیر اسے ایسے معنی پہنائے جس سے مخالفین کو مزید تقویت ملی۔

داراشکوہ نے اس معاملہ میں انتہا کر دی اور سیاسی مقاصد کے لیے ہندوؤں کی حمایت حاصل کرنے کی غرض سے وحدت الوجود اور ہندوؤں کے فلسفۂ ویدانت کو اس طرح ملانے کی کوشش کی کہ وحدت الوجود سے وحدتِ ادیان تک جانے میں کوئی مشکل نہ رہی جس کا عملی نتیجہ دارا کی تالیف مجمع البحرین ہے۔

معلوم ہوتا ہے کہ داراشکوہ کے زیرِ اثر اس نظریہ نے مباحث کی ایسی شکل اختیار کر لی تھی کہ غیر ملکی سیّاح بھی اس سے متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکے۔ مشہور فرانسیسی سیاح برنیر جو دارا اور اورنگ زیب کی جنگ تخت نشینی کے ایام میں (۱۶۵۸ء) داراشکوہ کے لشکر میں بحیثیت طبیب کام کرتا تھا، لکھا ہے کہ وحدت الوجود کے بارے میں ہندوستان میں بڑا غل پڑا ہوا ہے۔ نیز اس نے یہ انکشاف کیا ہے کہ پنڈت اور دوسرے فلاسفہ دارا اور اس کے بھائی شجاع کے ذہن میں یہ نظریہ القا کر رہے ہیں :

I shall explain to you the Mysticism of a great sect which has latterly made great noice in Hindoustan, inasmach as certain Pendits or Gentile Doctors had instilled it into the minds of Dara and Sultan Sujah.[1]

گو اورنگ زیب کی کامیابی، دارا کے قتل اور مرکز کی مضبوطی نے اس نظریہ کو اورنگزیب کے حین حیات اُبھرنے نہ دیا لیکن پھر بھی خفیہ طور پر وہ پنڈت اور ڈاکٹر (صوفیۂ خام) اس نظریہ کے پرچار اور اسے وہ رنگ دینے میں لگے رہے جس کا آغاز انہوں نے دارا کے سہارے کیا تھا۔ اس مقصد کے لیے حضرت مجدّد الف ثانی کے جانشینوں اور اورنگ زیب

---

[1] Bernier, F: Travels in the Mughal Empire, London, 1891, p. 345.

Marfat.com

نے ان کا شدید محاسبہ جاری رکھا۔ جس کی وضاحت کے لیے اس عہد کے عقائد اور مذہبی رجحانات کا پس منظر بیان کیا جا رہا ہے۔

دارا شکوہ کے عقائد کا پس منظر

اکبر کی طرح دارا شکوہ بھی ابتداء میں ایک راسخ العقیدہ مسلمان تھا، ۱۰۴۹ھ/۱۶۳۹ء میں جب اس نے اپنی پہلی کتاب سفینۃ الاولیاء لکھی تو اس کی عمر ۲۵ سال تھی اس میں اُس نے اپنا نام صوفیۂ متقدمین کی تقلید میں انکسار کے ساتھ اس طرح لکھا:

"ایں فقیر حقیر محمد دارا شکوہ حنفی قادری"۔

اسی کتاب میں اس نے "سرورِ کائنات بہترین موجودات صلی اللہ علیہ وسلم" کے چاروں اصحاب کو دین کا رکن، اسلام کی ملتِ مستقیم کا بُرج، ان اصحاب کے ساتھ محبّت کو خُدا و رسُول کی دوستی اور ان کے ساتھ دشمنی کو خُدا و رسول کی دشمنی قرار دیا ہے اور اہلِ سنت کے چار آئمہ کو "چہار دیوار خانۂ اسلام" کا درجہ دیا ہے[1]۔

اس کے بعد وہ کتبِ تصوّف کا مطالعہ کرتا رہا اور تصوّف سے اس کا تعلق محکم ہوتا چلا گیا۔ ۱۰۴۲ھ/۱۶۳۲ء میں جبکہ اس کی عمر ۱۹ سال تھی وہ اپنے والد شاہ جہاں کے ہمراہ لاہور میں قادری سلسلہ کے مشہور بزرگ حضرت میاں میر لاہوریؒ (ف ۱۰۴۵ھ/۱۶۳۵ء) سے دو مرتبہ ملا اور اس کے ذہن پر ان کی عقیدت نقش ہو گئی[2]۔ وہ ۱۰۴۹ھ/۱۶۳۹ء میں ہی کشمیر کی سیر کے دوران حضرت میاں میرؒ کے خلیفہ ملّا شاہ بدخشی سے ملنے گیا اور ان سے اتنا متاثر ہوا کہ بیعت کر کے حلقۂ ارادت میں داخل ہو گیا اور ان کے تعلقات محکم ہوتے چلے گئے۔ حتیٰ کہ

---

[1] دارا شکوہ: سفینۃ الاولیاء۔ طبع نولکشور۔ کانپور ۱۹۰۰ء، ۱۲

[2] دارا: سکینۃ الاولیاء۔ طبع تہران ۴۸

Marfat.com

انہوں نے دارا کو مریدین کی تعلیم و تربیّت کے لیے کہا۔[1]

اس واقعہ کے تین سال بعد ہی اس نے ۱۰۵۲ھ/۱۶۴۲ھ میں حضرت میاں میر لاہوریؒ اور ان کے خلفاء کے حالات پر سکینۃ الاولیاؔ کے نام سے ایک ضخیم کتاب لکھی۔

اگر اس کتاب کا بغور مطالعہ کیا جائے تو اس کتاب کی تالیف سے اس کے شریعت کی قیود سے آزاد تصوّف کی طرف رغبت کا پورا احساس ہونے لگتا ہے۔

ہمارے خیال میں ملاشاہ بدخشی جیسے شرعی حدود سے آزاد تصوّف کے علمبردار صُوفی کی صحبت میں رہ کر اس نے الحاد کی راہ اختیار کی تھی خود داراشکوہ نے ملاشاہ کی جس زندگی کی تصویر کشی کی ہے اسلام نے اس کی کبھی اجازت نہیں دی۔[2]

ملاشاہ اپنے ابتدائی ایام سلوک میں شاید پابند شرع صوفی ہوں لیکن داراشکوہ کے زمانۂ عروج میں وہ محض ایک آزاد مشرب تھے۔ ان کے نزدیک ایک صوفی کا سکر کی حالت میں رہنا نماز پڑھنے سے زیادہ بہتر تھا:

"سکر حالتی بلند تر است از نماز گزاردن"[3]

انہوں نے اپنے رسالہ مرشد میں جہاں بہت سی غیر شریعی باتوں کا صوفیہ کے لیے جواز پیش کیا ہے وہاں ان کے نزدیک انا الحق کہنا بھی درست ہے[4]۔ ان کے کلام کے عمومی عنوان تعریفِ آتش، تعریفِ حقہ اور تعریفِ نوروز وغیرہ ہیں[5]۔ معلوم ہوتا ہے کہ ملاشاہ اپنے حلقۂ ارادت میں شامل کرتے ہوئے طالب کے مذہب کو کوئی اہمیت نہیں دیتے تھے ان کے حلقہ میں بنوائی نام کا ایک ہندو بھی تھا جو کشمیر میں ۱۰۴۴ھ/۱۶۳۴ء میں ملاشاہ

---

[1] دارا : ایضاً ۱۷۴، ۱۷۸

[2] دارا : ایضاً ۱۵۴، ۱۵۸

[3] داراشکوہ : حسنات العارفین۔ طبع تہران ۶۴ (بسلسلہ تفسیر آیۃ لاتقربوا الصلوۃ .....)

[4] ظہورالدین احمد : پاکستان میں فارسی ادب ۱۴۱/۲ [5] ایضاً ۱۴۴

Marfat.com

سے منسلک ہوا تھا معاصر کتاب دبستانِ مذاہب میں لکھا ہے کہ وہ ملاشاہ سے بہرہ اندوز ہوا:

"کامیاب شناخت گشت"[1]

دبستانِ مذاہب کے اندراج سے مترشح ہوتا ہے کہ یہ ہندو اس وقت قصداً وحدتِ ادیان کے پرچار میں مصروف تھا اور صرف ملاشاہ سے ہی "بہرہ اندوز" نہیں ہوا تھا بلکہ کئی "درویشانِ ہند" کی صحبت اختیار کی تھی۔[2]

ملاشاہ بدخشی کے اشعار بھی ان کی اسی قسم کی زندگی کی عکاسی کرتے ہیں۔ ان کا ضخیم کلیات بھی موجود ہے۔ داراشکوہ نے ان کے جو اشعار نقل کیے ہیں وہ یقیناً اس کے بھی پسندیدہ تھے ملاحظہ ہو:

رشتۂ تسبیحِ ما، رشتۂ زنار شد — رہ سوی میخانہ داد، مرشدِ دانای ما
روشنیٔ کفرِ ما، ظلمتِ اسلام سوخت — تا چہ زند فتنہ ہا، سر دگر از پای ما[3]

شعرا کے تذکروں میں ملاشاہ کا یہ شعر بھی ملتا ہے ؎

پنجہ در پنجہ خُدا دارم
من چہ پروائے مصطفیٰ دارم[4]

ان اشعار اور خصوصاً آخری شعر کے پیش نظر وہ اپنی آزاد مشربی کی حدود سے بھی بہت

---

[1] دبستانِ مذاہب۔ طبع بمبئی ۱۲۷۷ھ ۱۳۸

[2] اس ہندو کی اس صحبت کو محض ملاقات اس لیے نہیں قرار دیا جا سکتا کہ ملاشاہ کے حالات پر جہاں آرا بنت شاہ جہان نے جو مستقل کتاب صاحبیہ لکھی ہے اس میں اس نے واضح الفاظ میں لکھا ہے کہ ملا صاحب "اپنے عقیدت مندوں اور اخلاص کیشوں کے علاوہ کسی دوسرے سے صحبت نہیں رکھتے۔" (محمد ابراہیم ڈار: مقالہ بر رسالۂ صاحبیہ، اورنٹیل کالج میگزین اگست ۱۹۳۷ء 9)

[3] داراشکوہ: حسنات العارفین۔ طبع تہران ۶۷

[4] نصرآبادی، محمد طاہر: تذکرۂ شعرا۔ تہران ۱۳۱۷ ش (تالیف حدود ۱۰۸۳ھ) ۶۳

آگے "کفرِ حقیقی[1]" کی تلاش میں نکل پڑے تھے۔

ان کے اپنے بیانات سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کی اس روش سے راسخ العقیدہ علماء جنہیں انہوں نے "ملایانِ قشر" اور "زاہدان خشک" جیسے القاب سے یاد فرمایا ہے، نے ان کے خلاف آواز بلند کی تھی ایک مرتبہ انہوں نے "ذوقی وبسطی عظیم" کی کیفیت میں داراشکوہ سے کہا:

بعضی ملایان قشر و زاہدان خشک مارا چناں آزردہ ساختہ بودند[2]۔۔۔۔۔

معلوم ہوتا ہے کہ ان "بدبختانِ شریر" نے متحدہ طور پر ان کے خلاف کارروائی کی ہوگی کیونکہ ملاشاہ داراشکوہ کو انہیں تنبیہہ کرنے کے لیے خط لکھتے ہیں:

شمارا بے شک دست رسا است، و مارا فائدہ از آشنائی شما بہ ازین دیگر چہ خواہد بود[3]؟

اگر ہم ملاشاہ اور داراشکوہ کی تالیفات کا تقابلی مطالعہ کریں تو ہمیں ان پیر و مرید کے افکار میں بہت ہی مماثلت و ہم آہنگی ملے گی۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ ملاشاہ بدخشی کے افکار کا بالاستیعاب مطالعہ کیا جائے[4] تاکہ اس دور کی فکری فضا کے خاکے سامنے

---

[1] داراشکوہ نے اس اصطلاح کو اپنی ان تالیفات میں استعمال کیا ہے جو اس نے ملاشاہ سے منسلک ہونے کے بعد تالیف کی تھیں تفصیل آگے آرہی ہے۔

[2] داراشکوہ: سکینۃ الاولیاء۔ ۱۶۷ [3] دارا: ایضاً ۱۸۴

[4] ملاشاہ بدخشی کے احوال و افکار کے بنیادی مآخذ یہ ہیں:

(۱) کلیات ملاشاہ مع رسائل نظم و نثر و تفسیر قرآن (قلمی نسخوں کے لیے ملاحظہ ہو پاکستان میں فارسی ادب ۲/۱۳۶-۱۶۳)

(۲) جہان آرا بیگم بنت شاہ جہاں: رسالہ صاحبیہ (در حالات ملاشاہ) متن مرتبہ محمد اسلم مشمولہ جنرل ریسرچ سوسائٹی آف پاکستان۔ لاہور جلد ۱۶۔ شمارہ ۴، جلد ۱۷۔ شمارہ ۱) و تعارفی مقالہ محمد ابراہیم ڈار۔ شامل اورنٹیل کالج میگزین۔ لاہور اگست ۱۹۳۷ء

(۳) داراشکوہ: سکینۃ الاولیا۔ طبع تہران ۱۹۶۵ء

(۴) ایضاً: حسنات العارفین (شطحیات) طبع تہران ۱۳۵۲ خ ۲۵، ۴۸، ۶۴

Marfat.com

آسکیں اور اس ماحول میں راسخ العقیدہ علماء و مشائخ کی ان کے خلاف صف آرائی کی کوششوں کو بآسانی سمجھا جا سکے۔

شیخ محب اللہ الہ آبادی

شیخ محب اللہ الہ آبادی (متوفی ۱۰۵۸ھ/۱۶۴۸ء) عہد شاہ جہانی کے سلسلہ چشتیہ صابریہ کے نامور مشائخ میں سے تھے۔ انہوں نے اپنی تعلیمات کی بنیاد شیخ اکبر محی الدین ابن عربی کے افکار پر رکھی — انہوں نے اسے اپنا موضوع بنا لیا تھا یہاں تک کہ وہ اس میں اجتہاد کے درجہ کو پہنچ گئے تھے، انہوں نے شیخ اکبر کے وحدت الوجود کے افکار کو ہندوستانی مزاج کے مطابق اس طرح بیان کیا کہ "وحدتِ ادیان" کی مثالوں کے متلاشی افراد کو ان میں سے بہت سا مواد مل گیا۔

انہوں نے عربی میں فصوص الحکم کی شرح لکھی اور ۱۰۴۱ھ/۱۶۳۱ء میں فارسی زبان میں اس کی دوسری شرح کی اور شیخ عبدالرحیم خیرآبادی (جو ان کے مکتوب الیہ بھی تھے) کی وساطت سے اس کا ایک نسخہ داراشکوہ کو بھیجا۔ اس کے علاوہ انہوں نے ہفت احکام، اور مناظر اخص الخواص (۱۰۵۰ھ/۱۶۴۰ء) مرتب کئے اور ۱۰۵۳ھ/۱۶۴۳ء میں عبادات الخواص،

---

(۵) ایضاً : مجمع البحرین۔ طبع محفوظ الحق۔ کلکتہ ۲۳

(۶) توکل بیگ : نسخۂ احوالِ شاہی (حالات و مقامات ملاشاہ) ۱۰۷۷ھ قلمی نسخہ برٹش میوزیم (ربو۔ ضمیمہ ۱۳۰) اس رسالہ کے فرانسوی خلاصہ کے لیے دیکھئے :

Mollah-Shah et le spiritualisme oriental, par' M. A. dc Kremer (J. Asiatique vi sere Tome xiii, (1869) pp. 105–159.

(۷) محسن فانی : مثنویاتِ فانی، طبع امیر حسن عابدی۔ جموں ۱۹۶۴ء

(۸) دبستانِ مذاہب۔ طبع بمبئی ۱۲۷۷ھ ۱۳۸، ۳۱۹ - ۳۲۷

Marfat.com

تفسیر القرآن، المغالطۃ العامہ اور عقائد الخواص[1] وغیرہ قابلِ ذکر ہیں۔ ان سب رسائل میں ان کا بنیادی نظریہ وحدت الوجود کا پرچار اور افکارِ ابنِ عربی کا دفاع ہے۔

شیخ محب اللہ الہ آبادی کے مکتوبات کا ضخیم مجموعہ بھی مرتب ہوا تھا، اس میں بھی تمام تر خطوط کا ایک ہی موضوع ہے یعنی "وحدت الوجود"۔

اس مجموعہ میں دارا شکوہ کے نام ان کے طویل مکتوبات موجود ہیں[2]۔ پروفیسر خلیق احمد نظامی صاحب جنہوں نے سلسلۂ چشتیہ پر تحقیقی کام کیا ہے اور اس سلسلہ کے افکار کا گہرا مطالعہ بھی کر چکے ہیں، وہ تسلیم کرتے ہیں کہ :

"شاہ محب اللہ الہ آبادی تصوّف کے جس حلقۂ فکر کی ترجمانی کر رہے تھے، اس سے دارا شکوہ کو خاص عقیدت تھی"[3]۔

دارا نے اپنے ایک خط میں شیخ محب اللہ کو لکھا ہے کہ میرے سوالات کے جواب آپ نے دیئے اس سے بڑی مسرت ہوئی اور اس سے مجھے آپ کے ساتھ اپنی ہم مشربی کا علم ہو گیا :

"مکتوب ایشان .... رسید، از مطالعہ آن مسرت و خوش وقتی روے داد، ہم مشربیٔ ایشان معلوم خاطر گردید.... ایں مشرب را صاف دریافتہ باشند"[4]۔

وہ شیخ محب اللہ کے عین حیات ہی متقدمین صوفیہ کی کتابوں کا مطالعہ ترک کر چکا تھا اور ان سے اس کا دل اچاٹ ہو گیا تھا اور وہ اب اپنے دل کی گہرائیوں کا مطالعہ کرنے

---

[1] ان رسائل کے قلمی نسخوں کی تفصیل کے لیے دیکھئے تاریخی مقالاتِ خلیق احمد نظامی ۱۴۸

[2] مکتوبات کے نسخۂ علی گڑھ میں دارا شکوہ کے نام جو مکتوبات ہیں وہ ۴۶ صفحات کو محیط ہیں۔ (ایضاً نظامی ۱۵۱)

[3] نظامی، خلیق احمد : تاریخی مقالات۔ دہلی ۱۹۶۶ء ۱۴۹

[4] نجیب اشرف ندوی (مرتب) : رقعات عالمگیر۔ دارالمصنفین ۳۲۹

Marfat.com

لگا تھا۔ اس خط میں شیخ صاحب کو لکھتا ہے :

بہ مطالعۂ دل کہ بحر لیست لامحدود و از آن ہمیشہ گوہر ہائے تازہ برون ... می آید۔[1]

دارا شکوہ نے جس طرح دیگر صوفیہ کی خدمت میں تصوّف سے متعلق سوالات ارسال کر کے ان سے جواب دینے کے لیے کہا تھا اسی طرح اس کا ایک سوالنامہ بنام شیخ محب اللہ اور ان کا جواب بھی موجود ہے[2]۔ اسی قسم کے سوالات اس نے شیخ فتح علی قلندر کے پاس بھی ارسال کیے تھے۔[3]

یوں تو شیخ محب اللہ کے تعلقات اس کے ساتھ اس وقت زیادہ استوار ہو جاتے ہیں جب شیخ صاحب کے مسکن الہ آباد کی صوبیداری اس کے سپرد کی جاتی ہے لیکن اس سے قبل شیخ صاحب اسے شرح فصوص الحکم کا ایک نسخہ روانہ فرما کر اپنے خیالات سے آگاہ کر چکے تھے۔

جب اس صوبہ کی نگرانی اس کے سُپرد ہوئی تو اس نے شیخ کو ایک خط کے ذریعہ اس کی خوشخبری دی اور اُسے شیخ سے استفادہ کا بہترین موقع قرار دیا[4]۔ اس کے جواب میں حضرت شیخ نے جو مکتوب لکھا اس کے الفاظ اس طرح ہیں :

..... از گرفتن صوبہ الہ آباد بیشتر خوشحالی بوجود تست، بر صاحب عالم روشن است کہ چوں فقیر برین ہمہ اخلاق حمیدہ و الطاف کہ صاف در طینت و عین ثابت آں مربی و ملاذ فقرا۔ بید عنایت رحمانی تعبیہ یافتہ نظر می کند، شکرہا می گوید کہ ہیچ شاہ و شہزادہ بہ کمالات صاحب علم مشرف شدہ باشد،

---

[1] ایضاً ۳۳۰

[2] رقعاتِ عالمگیر طبع ندوی ۳۲۵-۳۲۹
غالباً یہی سوالات و جوابات بصورت رسالہ معارج الولایت میں بھی محفوظ ہیں نسخۂ آذر

[3] تفصیل اسی مقدمہ میں بعنوان "شیخ فتح علی قلندر اور دارا" ملاحظہ کریں۔

[4] یہ مکتوب نجیب اشرف ندوی مرحوم کے مرتبہ مجموعہ رقعاتِ عالمگیر ۳۲۰ میں موجود ہے مکتوب دراصل مذکورہ بالا سوالنامہ ہی ہے۔

Marfat.com

پس زہے سعادت اہل زمانہ کہ مثل تو شہزادۂ دلربا را می بیند و اوصاف
پسندیدہ آن صاحب می شنوند۔[1]

ہمیں اس وقت دارا شکوہ کے سیاسی رجحان کا عہد شاہ جہانی میں ہی جنگ تخت نشینی سے بہت پہلے ہی علم ہو جاتا ہے جب وہ شیخ محب اللہ سے اکبر کے عہد کے پیدا شدہ ایک سیاسی مسئلہ "آیا حکومت کو اپنی ساری رعایا کا مساویانہ خیال رکھنا چاہیئے یا مسلم و کافر میں تمیز کرنی چاہیئے ہے"[2] کے بارے میں استفسار کرتا ہے۔

شیخ محب اللہ کے جس رسالہ پر اس وقت کی ذہنی فضا مکدر اور مذہبی زندگی میں ہلچل مچ گئی وہ رسالہ تسویہ تھا جس میں انہوں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر نزولِ وحی کے بارے میں ایسی بحث کی تھی جو علماء کے نزدیک قابلِ اعتراض تھی[3]، اس رسالہ کے خلاف باقاعدہ کارروائی تو ان کی وفات کے بعد اورنگ زیب کے عہد میں ہوئی لیکن معاصر ماخذ معارج الولایت کے ایک اندراج سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کے حین حیات بھی ان کے نظریات کے خلاف شورش برپا ہوئی تھی اور وہ اس قدر شدید تھی کہ عوام ان کے قتل کے درپے ہو گئے تھے جب شیخ محمد رشید جونپوری کو معلوم ہوا تو وہ برق رفتاری سے جونپور سے آئے اور عوام کے نرغے سے بچایا اور ان کے کلام کی توجیح کر کے عوام کے جذبات فرو کئے۔[4]

توجیہ

اورنگ زیب کے عہد حکومت میں راسخ العقیدہ علماء کی درخواست پر اورنگ زیب نے ان کے رسالہ تسویہ کے تمام نسخے جلانے کا حکم صادر کیا تھا بلکہ خود اس کا مطالعہ کیا تو شاہ صاحب کے تمام مریدین کو دربار میں حاضر ہونے کا حکم دیا لیکن شاید یہ عملی طور پر ممکن نہیں تھا، ان کے

---

[1] نظامی : تاریخی مقالات ۱۵۹-۱۵۰

[2] نظامی : تاریخی مقالات ۱۵۰

[3] شیر خان لودھی : مراۃ الخیال۔ طبع مطبع فتح الاخبار کول ۱۸۴۸ء ۲۲۸

[4] عبدی، عبداللہ خویشگی : معارج الولایت۔ قلمی۔ ذخیرۂ آذر کتب خانہ دانش گاہ پنجاب نمبر ۲۵ ورق ۴۳۲
(تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو احوال و آثار عبداللہ خویشگی ۱۵۵)

Marfat.com

صرف دو خلفاء میر سید محمد قنوجی اور شیخ محمدی کے حاضر ہونے کا ذکر ملتا ہے[1]۔ حضرت خواجہ باقی باللہؒ کے صاحبزادے خواجہ خرد نے اس رسالہ کی تردیدی شرح عہد عالمگیر میں ہی لکھی۔

اس رسالہ کی کئی شرحیں لکھی گئیں۔ خود شیخ کلیم اللہ جہان آبادی نے بھی اس کی ایک شرح لکھی، سلسلۂ قلندریہ کے اصحاب نے بھی اس کی ایک ضخیم شرح طبع کروائی تھی۔ شیخ محب اللہ تو اپنے مکتوبات میں اس رسالہ کو عام کرنے سے اپنے خلفاء کو منع کرتے رہے کہ اسے اپنے تک محدود رکھیں اور اغیار کو نہ دکھائیں لیکن اس دور کی فضا ہی کچھ ایسی ہو گئی تھی کہ اس قسم کے لٹریچر کا تقاضا کیا جانے لگا تھا۔ اس لیے ان کے مریدین اس کے پابند نہ رہ سکے۔

شاہ محب اللہ الہ آبادی کی ساری تالیفات اور خصوصاً ان کے مکتوبات کے مجموعہ کا مطالعہ ازبس لازم ہے اس سے اس عہد کی فکری فضا اور دو متحارب مکاتب فکر جن کے ترجمان داراشکوہ اور اورنگ زیب تھے، کے بنیادی تصورات کا تجزیہ کرنے کے لیے یہ مجموعہ بنیادی اہمیت رکھتا ہے۔

محسن فانی کشمیری (۱۰۸۲ھ/۱۶۷۱ء)

محسن فانی، حضرت میاں میرؒ، ملا شاہ بدخشی[2] اور شاہ محب اللہ الہ آبادی کا عقیدت مند

---

[1] لودھی، شیر خان: مراۃ الخیال ۲۲۸-۲۲۹
اس رسالہ کے خلاف اورنگ زیب کی کارروائی کے محرک حضرت حجۃ اللہ محمد نقشبند ثانی (نبیرہ حضرت مجددؒ) بتائے گئے ہیں (روضۃ القیومیہ ۹۲/۳) لیکن روضۃ القیومیہ کے اس بیان کو شک و شبہہ کی نظروں سے دیکھنے کی کوئی وجہ نظر نہیں آتی کیونکہ اورنگ زیب کے ساتھ ان حضرات کے جس قسم کے روابط تھے اس سے اس شرعی گرفت کے محرک یہی بزرگ ہو سکتے ہیں۔

[2] فانی نے اس کی خود وضاحت کی ہے ؎

برپا کردم سلسلۂ پیر و مرید — ہم ملا شاہ و ہم میاں میر شدم

(پاکستان میں فارسی ادب ۳۴۲/۲)

Marfat.com

تھا[1]۔ آزاد مشربِ صوفیہ میں اس کا بلند مقام ہے۔ وہ بھی ایسے افکار کا پرچار کرنے میں مصروف تھا کہ علما کو اس کے خلاف آواز بلند کرنا پڑی تھی، اس کے اپنے اس شعر سے معلوم ہوتا ہے کہ اس کے خلاف فتویٰ صادر کیا گیا تھا ؎

قاضی از دیباچہ ای بر نسخۂ فانی نوشت
فتویٰ خونین رقم زد زہر را در شیر کرد[2]

اس شعر میں وہ وحدت الوجود کو وحدتِ ادیان کا رنگ دیتے ہوئے محسوس ہوتا ہے ؎

کتاب صلح کل گر درس گوید پیر میخانہ
تواں از بادۂ توحید شست ادراق مذہبہا[3]

ایک شعر میں اس نے شرعی عبادات سے بے زاری اور اپنے لیے ان کو غیر ضروری قرار دیا ہے ؎

ایں عبادتہای رسمی خوش نمی آید مرا
لیک میدانم کہ کردن خوشتر از ناکردن است[4]

چونکہ فانی کے پیر نے "من چہ پروائے مصطفیٰ دارم" کا نعرہ لگایا تھا، اس لیے ان کے اس شعر سے بھی اسی قسم کی فکر کا اظہار ہوتا ہے ؎

نیست ما رندان را حاجتِ طوافِ حرم
کلبۂ تاریک ما بیت الحرام ما بس است[5]

وحدت الوجودی صوفیہ کی طرح فانی بھی معتقد ہے کہ اپنی ذات کو خدا کی ذات میں فنا کر دو اور ہو بہو عین خدا ہو جاؤ ؎

---

[1] فانی: مثنوی مصدر الآثار۔ طبع امیر حسن عابدی ۲۶۰ - ۲۶۲ (شامل مثنویات فانی)
[2] ظہور الدین احمد: پاکستان میں فارسی ادب ۲/۲۳۸
[3] [4] [5] ایضاً ۲/۳۴۳

Marfat.com

در ذات دوست محو شو از بایدت کمال　　در بحر قطرہ ناشدہ گوہر نمی شود[1]

فانی داراشکوہ کی سرکار سے متوسل تھا، ایک شعر میں "درِ داراشکوہ" پر سجدہ کرتے ہوئے اس کا ذکر کرتا ہے ؎

فانی کہ سجدۂ درِ داراشکوہ کرد　　دیگر سرش فرود بہ ہر در نمی شود[2]

داراشکوہ اور فانی کے درمیان خط و کتابت بھی تھی۔ ایک خط میں دارا نے اس سے اس کے تخلص فانی کی بابت پوچھا تو اس مکتوب کے جواب میں فانی نے جو عرضداشت ارسال کی اس میں اس نے دارا کو "مرشد مسترشدان" اور "بادشاہِ دین و دُنیا" لکھنے کے علاوہ حسبِ ذیل قابلِ توجہ القاب سے نوازا :

بموقف عرض رازدانانِ ملک و ملکوت و رمز شناسان جبروت و لاہوت کہ مقربانِ درگاہ صاحبِ عالم فانی و نزدیکان بارگاہ مالک جہاں جاودانی.....[3]

اس قسم کے تعلقات کی بُنیاد پر یہ بات سمجھنا بہت آسان ہو جاتا ہے کہ دارا نے ایسے ہی صوفیہ کی صحبت میں شرعی عبادات کو رسمی عبادات کہہ کر ان سے بے زاری کا اظہار کیا تھا۔[4]

سرمد

وہ آرمینیہ کا باشندہ، کاشان میں مقیم رہا وہ نسلاً یہودی تھا، اسرائیلی زبانوں اور علوم کا ماہر تھا۔ وہ مشہور حکماء ملّا صدرا شیرازی اور ابوالقاسم فندرسکی کا شاگرد تھا۔ ہندوستان چلا آیا، حیدرآباد میں رہا، عبداللہ قطب شاہ نے اُسے خوش آمدید کہا، وہ اپنے ٹھٹھہ کے

---

[1] ایضاً　۲ / ۳۴۴

[2] فانی : مثنویاتِ فانی بطبع عابدی　۵

[3] ظہورالدین احمد : پاکستان میں فارسی ادب　۲ / ۳۴۰

[4] دارا نے اپنی کئی تالیفات میں اسلامی عبادات کا مذاق اڑایا ہے۔ تفصیل آگے آ رہی ہے۔

Marfat.com

قیام ۱۰۴۲ھ/۱۶۳۲ء کے دوران ایک ہندو لڑکے ابھی چند پر ایسا عاشق ہوا کہ وہ اُسی کا ہو کر رہ گیا۔ اُسے کئی زبانیں سکھائیں، اس ہندو لڑکے نے اس کی نگرانی میں توریت کے ابتدائی حصّے کا فارسی میں ترجمہ[1] بھی کیا۔ دبستانِ مذاہب کا مؤلف سرمد سے ۱۰۵۷ھ/۱۶۴۷ء میں حیدرآباد میں ملا تھا اور اس سے کئی اقوال بھی نقل کیے ہیں۔ اس کے اشعار و اقوال سے عیاں ہوتا ہے کہ وہ وحدتِ ادیان کا قائل تھا۔ اس کا ایک شعر ہے ؎

در کعبہ و بُت خانہ سنگ او شد و چوب او شد
یکجا حجر الاسود و یکجا بت ہندو شد[2]

اگرچہ اس نے اِسلام قبول کر لیا تھا[3] لیکن اس کے عقائد و افکار میں کوئی فرق نہیں پڑا تھا۔ بلکہ اس کی حرکات سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ سوچی سمجھی سکیم کے تحت یہاں آیا تھا، اُسے دارا شکوہ کا سہارا ملا تو یہیں کا ہو کر رہ گیا۔

وہ ۱۰۶۴ھ/۱۶۵۴ء میں دہلی پہنچا۔ معاصر تذکرہ نویس شیر خان لودھی نے مرآۃ الخیال (۱۱۰۲ھ/۱۶۹۰ء) میں لکھا ہے کہ چونکہ دارا شکوہ کی طبیعت اس قسم کے مجانین کی طرف راغب ہے اس لیے :

چوں خاطر سلطان دارا شکوہ بجانب مجانین میل داشت صحبت باوی در گرفت و مدتی باتر صفات او سرخوش بود تا آنکہ روزگار طرح دیگر انداخت[4]۔

تمام مآخذ متفق ہیں کہ وہ اپنے قیام ٹھٹھہ (۱۰۴۲ھ/۱۶۳۲ء) کے دوران ہی مادر زاد برہنہ ہو گیا تھا۔

ہمارا قیاس ہے کہ وہ آوارہ گردی کرتا ہوا دہلی نہیں پہنچا تھا بلکہ دارا شکوہ نے اُسے خود دہلی بلایا تھا کیونکہ اس کی دارا شکوہ کے ساتھ خط و کتابت بھی تھی۔ دارا کا ایک خط بنام

---

[1] دبستانِ مذاہب ۱۹۵ [2] ایضاً یہ ترجمہ دبستان میں شامل ہے ۱۹۶-۲۰۲ [3] ایضاً
[4] لودھی : مرآۃ الخیال۔ طبع کول ۱۸۴۸ء ۱۵۴

Marfat.com

سرمد، سید مصطفٰے طباطبائی نے رسالہ انڈو ایرانیکا (کلکتہ) میں شائع کر دیا تھا۔[1]

سرمد کو اس حالت میں غیر ملکی سیاحوں نے بھی دیکھا تھا۔[2]

جب دارا شکوہ کو جنگِ تخت نشینی میں شکست ہوئی اور اورنگ زیب نے حکومت سنبھالی تو جہاں اس نے بہت سے غیر شرعی صوفیہ کا احتساب کیا وہاں سرمد پر بھی گرفت ہوئی اسے دربار میں طلب کیا گیا۔ اورنگ زیب نے اعتماد خان مُلّا عبدالقوی کو حکم دیا کہ وہ سرمد کو حاضر کرے، اس نے دربار میں سوال و جواب کے دوران بھی اسلام کے خلاف توہین آمیز کلمات کہے اور اس کی انہیں حرکات کی بدولت علماء کے فتویٰ سے قتل کر دیا گیا۔[3]

یقیناً دارا شکوہ اسی قسم کے صوفیۂ خام کی صُحبت میں رہ کر "کعبہ و بت خانہ" اور "مسجد و مندر" کا فرق مٹنے کے درپئے ہوا تھا۔

بابا لال

وحدتِ ادیان کے پرچار اور کفر و اسلام کے فرق کو مٹانے کے لیے وجود میں آنے والی بھگتی تحریک کا اس آخری دورِ شاہ جہانی میں بابا لال ہی علم بردار تھا اور اپنی فکر کو پھیلانے کے لیے اس نے باقاعدہ ایک حلقہ بنا رکھا تھا جو بابا لالی کہلاتے تھے۔

دارا شکوہ کا اس کے ساتھ بہت گہرا تعلق تھا۔ وہ اپنے پرائیویٹ سیکرٹری چندر بھان برہمن کے ہمراہ لاہور میں لال بابا سے نومبر اور دسمبر ۱۶۵۳ء میں دو ماہ تک

---

[1] نائینی، سید محمد رضا جلالی: سکینۃ الاولیاء (مقدمہ) ۳۶

[2] Bernier: Travels in the Mughal Empire, p. 317.

[3] سرمد کے قتل کے سلسلہ میں مختلف بیانات کے لیے ملاحظہ ہو:
مآثر الامرا۔ ۱/۲۲۴-۲۲۵، مراۃ الخیال ۱۵۴، ریاض الشعراء قلمی، واقعاتِ عالمگیری ۱۲۱-۱۲۲ وغیرہ۔

Marfat.com

ملاقاتیں کرتا رہا اس میں چندر بھان ترجمان کی حیثیت سے موجود تھا۔ اس عرصہ میں بابا سے جو گفتگو ہوئی وہ کتابی صورت میں ہندی زبان میں محفوظ کر لی گئی[1]۔ بعد میں ان مکالمات کے ترجمان چندر بھان برہمن نے اس کا فارسی میں ترجمہ بھی کیا جو "مکالمہ بابالال و داراشکوہ" کے نام سے مشہور ہے[2]۔ ان مکالمات میں جو سوالات دارا نے کئے ان سے واضح ہوتا ہے کہ اس کا ذہن کس طرح تیزی سے "کفرِ حقیقی" کے حقائق جاننے کی طرف مائل ہو رہا تھا اور اس کے بعد جب اس نے ہندوؤں کی مذہبی کتابوں کا گہرا مطالعہ اور پھر ان پر تحقیق و ترجمہ کا کام شروع کیا تو اس وقت تک وہ بابالال سوامی کے رنگ میں پوری طرح اپنے آپ کو رنگ چکا تھا۔

معلوم ہوتا ہے کہ دارا ملاقات کے انہیں ایام میں ہی حسنات العارفین[3] بھی مرتب کر رہا تھا اور ان ملاقاتوں کے بعد ہی یعنی جنوری ۱۶۵۵ء میں اسے مکمل کر لیا تھا۔ اس کتاب میں بابالال کی وہ نصیحتیں جو اس نے دارا کو کی تھیں، محفوظ ہیں۔ دارا اس کتاب میں بابالال کو "کمل عرفا" اور تمام ہندوؤں میں اسے اس سے زیادہ "عارف و متین" شخص نظر نہیں آتا تھا۔ ایک نصیحت جو اس نے دارا کو کی اس سے کفر و اسلام کا امتیاز ختم ہو جاتا ہے بابا نے کہا:

> ہر قوم میں عارف و کامل ہوتے ہیں خدا ان کی برکت سے اس قوم کو نجات دیتا ہے۔ تم کسی قوم کے منکر نہ ہونا[4]۔

---

[1] اس اصل رسالہ کا ہندی نام ہے Goshti Baba Lal Dyal
(مقدمہ) دیوان چندر بھان برہمن نوشتہ محمد عبدالحمید فاروقی۔ گجرات، احمد آباد۔ ۱۹۶۷ء ۸۱

[2] کئی مرتبہ طبع ہو چکا ہے۔ لاہور سے اس کا اردو ترجمہ بھی چھپا تھا۔

[3] تفصیل آگے آ رہی ہے۔

[4] داراشکوہ : حسنات العارفین ۴۹

Marfat.com

ایک اور مقام پر بابا اُسے نصیحت کرتا ہے :

(اے دارا) تم شیخ نہ بننا، ولی نہ بننا اور نہ ہی صاحبِ خواق وکرامات ہونے کی خواہش کرنا بلکہ آزاد مشرب فقیر بننا[1] (فقیر بے ساختگی)

اس سے اگلے ہی سال ۱۰۶۵ھ/۱۶۵۵ء میں جب وہ اپنی مشہور کتاب مجمع البحرین[2] لکھنے بیٹھا تو اس پر بابا لال کے افکار پوری طرح مسلط ہو چکے تھے[3]

داراشکوہ نے مجمع البحرین میں نبوّت و ولایت کے بیان کے تحت بابا لال کو اپنا مرشد لکھا ہے :

در زمان دیگر چوں شیخِ من جنید ثانی شاہ میر واستادِ من میاں باری و مرشدِ من ملا شاہ و شاہ محمد دلربا و شیخ ملیّب سرہندی و باوا لال بیراگی۔[4]

---

[1] داراشکوہ : حسنات العارفین ۵۵ ۔ بابا لال کی اصطلاح فقیر بے ساختگی کا یہ ترجمہ عصرِ حاضر کے وحدتِ ادیان کا سب سے بڑا تحریری نعرہ لگانے والے ڈاکٹر اطہر عباس رضوی نے کیا ہے یعنی

"Be rather an independent Faqir"
(Muslim Revivalist Movements in India, p. 355)

[2] تفصیل اپنے مقام پر آئے گی۔

[3] ڈاکٹر رضوی نے اس حقیقت کو اس طرح تسلیم کیا ہے:

The answers which Dara Shukoh received from Baba Lal . . . were fully drawn upon by him in his unique work Majma-ul-Bahrain. . .
(Rizvi: Movements, p. 355).

[4] داراشکوہ : مجمع البحرین ۔ طبع محفوظ الحق ۱۰۲
بابا لال کا نام معاصر کتابوں میں کئی طرح لکھا ہوا ملتا ہے جس سے التباس ہوتا ہے کہ یہ ایک نام نہیں ہے لیکن درحقیقت یہ ایک شخص کا نام ہے جسے مختلف طریقے پر لکھ دیا گیا ہے مثلاً دارا نے حسنات میں بابا لال مندیہ اور مجمع البحرین میں باوا لال بیراگی، بعض ماخذ میں لال دیال وغیرہ۔

Marfat.com

بابالال نے سرہند کے قریب دہیان پور میں ایک مندر کے ساتھ اپنے چیلوں کی تربیّت کے لیے ایک تربیت گاہ بنالی تھی۔ ایک بیان سے معلوم ہوتا ہے کہ داراشکوہؒ کے حکم سے یہ "سمادھیٔ بابالال" تعمیر کی گئی تھی جواب تک موجود ہے[1]۔ جہاں بہت سے طالب اس کے گرد جمع رہتے تھے۔

ہمارا قیاس ہے کہ بابالال کے لیے قصداً داراشکوہ نے سرہند میں اس لیے یہ سمادھی بنائی تھی کہ "مجدّدی تحریک" جس کی بُنیادی فکر احیائے اِسلام ہے اور جس کا مرکز سرہند شریف تھا، کی نقل و حرکات سے وہ ہر وقت باخبر رہ سکے۔

چندربھان برہمن (حدود ۱۰۷۴ھ/۱۶۶۴ء)

وہ شاہ جہانی عہد میں معزز عہدوں پر فائز رہا[2]، وہ ہندو ہونے کے باوجود مسلمان اساتذہ سے عربی و فارسی اور دینی تعلیم حاصل کرتا رہا، اس کی طبیعت اور مزاج بالکل داراشکوہ جیسا تھا فرق صرف یہ تھا کہ دارا نے حصولِ تخت کے لیے اپنے مذہبی عقائد کو سیاسی لبادہ اُڑھا دیا تھا۔

معاصر مؤرخ محمد صالح کنبوہ نے لکھا ہے:

اگرچہ بظاہر زنار بند است اما سراز کفر بر می تابد و ہر چند بصورت ہندو است اما در معنی در اِسلام می زند[3]۔

---

[1] گنیش داس وڈیرہ نے دارا کے کئی مرتبہ بابا کے پاس جاکر مستفید ہونے کا ذکر کرنے کے بعد بتایا ہے کہ اس وقت تک بابا کے سجادہ نشینوں کا سلسلہ جاری ہے (چار باغ پنجاب ۲۹۶) نیز دیکھئے مقدمۂ جوگ بشسٹ۔ نوشتۂ امیر حسن عابدی ۷۔ حاشیہ ۵ سراکبر۔ طبع تہران، مقدمہ ۲۴۷

[2] ڈاکٹر عبدالحمید فاروقی نے مقدمۂ دیوان برہمن میں اور ڈاکٹر ظہورالدین احمد نے پاکستان میں فارسی ادب (۲/۹۴-۱۲۴) میں معاصر مآخذ اور برہمن کے بیانات کی بنیاد پر حالاتِ زندگی مرتب کیے ہیں۔

[3] کنبوہ محمد صالح: عمل صالح ۳/۴۳۴

Marfat.com

اس کی نظر میں کعبہ و بت خانہ، مسجد و مندر اور مسلمان و ہندو میں کوئی مذہبی فرق نہیں تھا۔ وہ اپنے افکار کے اعتبار سے وحدتِ ادیان کے مکتبِ فکر کا ایک خاص رکن معلوم ہوتا ہے۔ اس کے اس شعر پہ ہنگامے کا ذکر تذکرہ نویسوں نے کیا ہے ؎

مرا دلیست بکفر آشنا کہ چندیں بار
بکعبہ بردم و بازش برہمن آوردم

ہمارے خیال میں اس کا درج ذیل شعر اس عہد کے وحدت الوجود کی اس فکر کی ترجمانی کرتا ہے جبکہ اس فکر کو وحدتِ ادیان کے لیے استعمال کیا جا رہا تھا، کہتے ہے ؎

بانی خانہ و بت خانہ و می خانہ یکست
خانہ بسیار ولی صاحبِ ہر خانہ یکست

اس کے دیوان میں بہت سے ایسے اشعار ملتے ہیں[1] جن سے اس کے مذہبی رجحانات کا اندازہ ہوتا ہے اگر دیوانِ دارا شکوہ اور دیوان برہمن کا تقابلی مطالعہ کیا جائے تو متصفانہ افکار میں بہت مماثلت ملے گی۔ اسی جذباتی ہم آہنگی کی بنیاد پر تو دارا شکوہ نے اس کی خدمات شاہ جہان سے اپنے لیے مانگ لی تھیں۔ جب دارا شکوہ قندھار کی مہم پر روانہ ہوا تو برہمن اس کے مصاحب کی حیثیت سے اس کے ہمراہ تھا اور جب دارا اس مہم سے ناکام واپس آیا تو لاہور میں بابا لال اور دارا کی ملاقات میں بھی ترجمان کی حیثیت سے برہمن شامل تھا۔ اس ملاقات کے دوران گفتگو کو ریکارڈ کرنے اور پھر اس کا فارسی ترجمہ کرنے کی خدمت بھی برہمن نے ہی ادا کی تھی[2]۔ وہ اپنی منشات میں سرہند جانے کا ذکر بھی کرتا کہ وہ وہاں بابا لال دیال سے ملا تھا جس کے پاس دور دراز سے لوگ آتے تھے[3]۔

---

[1] برہمن : دیوان مرتبہ عبدالحمید فاروقی۔ احمد آباد گجرات ۱۹۶۷ء
[2] تفصیل کے لیے دیکھئے مقدمۂ کتاب ہذا تحت "بابا لال"
[3] منشاتِ برہمن بحوالہ مقدمۂ دیوان برہمن نوشتہ عبدالحمید فاروقی ۶۷

Marfat.com

میاں باری (ف ۱۰۶۲ھ/۱۶۵۲ء)

داراشکوہ نے حسنات العارفین اور مجمع البحرین میں انہیں اپنا اُستاد بتایا ہے۔ دارا کئی سال ان کے پاس جاتا رہا لیکن انہوں نے اس سے بات تک نہ کی۔ آخر تین سال جب دارا نے ان کی خدمت کی تو انہوں نے گفت گو سے نوازا، انہوں نے مرتے دم تک دارا سمیت کسی کو اپنا نام ونشان تک نہ بتایا۔ دارا کہتا ہے کہ چونکہ وہ قصبہ باری کے نواح میں عزلت گزین تھے اس لیے میں انہیں "باری تعالیٰ" کہا کرتا تھا۔ آخر وہ سکوت ٹوٹا اور وہ خاموشی رازدارانہ گفت گو میں اس طرح تبدیل ہوگئی کہ دارا ان کی "خدمتِ ایشان بسیار گستاخ بودم"۔

ایک مرتبہ دارا نے ان سے پوچھا کہ آپ کس کے بندے ہیں تو انہوں نے کہا کہ میں "بندۂ خود" ہوں۔ انہوں نے مزید کہا کہ میں اپنا مرشد بھی آپ ہی ہوں، میں خود ہی اپنا مرید ہوں..... وہ باطنی طور پر ہر وقت داراشکوہ کے احوال سے آگاہ رہتے تھے..... وہ موسم سرما وگرما میں بھی برہنہ رہتے تھے۔ ان کا مقبرہ جو انہوں نے خود بنوایا تھا موضع "سرحنہ از توابع پرگنہ باری" ایک تالاب کے کنارے تھا جس پر داراشکوہ نے ایک بند بھی بندھوایا تھا۔

داراشکوہ نے خود لکھا ہے کہ وہ جب تک (ان کے مرتے دم تک) ان کے پاس جاتا رہا لیکن ان کی محفل میں کبھی اللہ پاک کا ذکر تو درکنار کبھی نام تک نہیں آیا۔ اس طرح انبیاء و اولیاء کے اسماء بھی کبھی ان کی زبان پر نہیں آئے تھے[1]۔ ایک مرتبہ دارا نے ان سے اُن کی تعلیم کے بارے میں سوال کیا تو بولے میں نے "ملّا و پنڈت دونوں کو مار ڈالا ہے[2]"، یعنی وہ اسلامی وغیر اسلامی دونوں علوم سے بیزار تھے۔

---

[1] دارا : حسنات العارفین ۶۹

[2] ایضاً : ۷۱

Marfat.com

شیخ سلیمان مصری قلندر

سلسلہ قلندریہ سے تعلق رکھتے تھے۔ دارا کی ان سے ۱۰۶۴ھ/۱۶۵۴ء میں ملاقات ہوئی تھی اور خواب میں اُسے ایک قلندر مشرب بزرگ سے ملاقات کے بارے میں پہلے ہی آگاہ کر دیا گیا تھا، وہ سیاحت پیشہ تھے، جب وہ ملتان پہنچے تو دارا نے والیٔ ملتان کو حکم دیا کہ اُن کا پورے اعزاز سے استقبال کرے اور انہیں دارالخلافہ لانے کا انتظام کیا جائے۔

عندالملاقات دارا کو ان میں "یگانگیٔ مشرب" کا احساس ہوگیا۔ دارا چونکہ اپنے ہم مشرب صوفیہ کا متلاشی تھا اس لیے یہ اس کے لیے بڑی نعمت تھی، وہ خاصے آزاد مشرب تھے۔ انہوں نے خود دارا سے بیان کیا تھا ان کے نماز با جماعت نہ پڑھنے پر جب علمآ نے اعتراض (طعن) کیا تو انہوں نے امامت کرانے والے اس دیار کے تمام علماء کو ہی ناقص کہہ دیا :

علمائے ایں دیار طعن کردند کہ نماز با جماعت نمی گزارد۔ فرمودند : اقتداء بہ ناقصان نمی کنم[1]

انہوں نے ایک مرتبہ دارا سے کہا کہ انہیں سیاحت کرتے ہوئے ۴۵ سال ہوگئے ہیں، لیکن انہوں نے دارا جیسا سخنور اور عالی مشرب شخص نہیں دیکھا[2]۔

شاہ فتح علی قلندر (ف ۱۱۱۸ھ/۱۷۰۷ء)

قلندریہ سلسلہ کی یہ دوسری شخصیت ہیں جن کے ساتھ ہمیں دارا شکوہ کے تعلقات کا علم ہوا ہے۔ شاہ فتح قلندر اپنے عم بزرگ شاہ عبدالقدوس قلندر اور شاہ مجتبا قلندر عرف شاہ مجا

---

[1] دارا : حسنات العارفین ۷۶ [2] ایضاً ۷۷

Marfat.com

قلندر لاہر لوپری (ف ۱۰۸۴ھ/۱۶۷۴ء) کے تربیت یافتہ تھے[1]۔ سلسلۂ قلندریہ ہندوستان میں وحدت الوجود کے لیے بحرِ زخّار کی حیثیت رکھتا ہے۔ ہمارے خیال میں سلسلہ چشتیہ کے بعد افکارِ ابن عربی کی شرح و توضیحات میں اس سلسلہ کو خاص مقام حاصل ہے بلکہ سلسلہ چشتیہ کے دورِ زوال میں اس خدمت کو اس سلسلہ نے اپنے ذِمّہ لے لیا تھا۔ "خانقاہ کاکوری" نے اس سلسلہ کے افکار کی جو کتابیں شائع کی ہیں وہ وحدت الوجود کی مکمل تصویر ہیں۔ اس سلسلہ نے شاہ محب اللہ الٰہ آبادی کے رسالہ تسویہ کی مفصل شرح بھی شائع کی تھی۔ شیخ مجتبیٰ قلندر اور شاہ فتح علی قلندر کے مابین جو مراسلت ہوئی ہے اس سے بھی عیاں ہے کہ وہ کن افکار کے حامل تھے یعنی ان کے محبوب موضوع "نفیٔ خودی" اور "توحید وجودی" ہیں[2]۔

دارا شکوہ اور شاہ فتح علی کے درمیان بھی مراسلت کا سلسلہ تھا۔ حسنِ اتفاق سے وہ سوالات جو دارا نے ان کی خدمت میں بھیجے تھے اور ان کے جوابات بصورتِ رسالہ محفوظ ہیں اور شائع ہو چکے ہیں[3]۔ اس کی جھلک ملاحظہ ہو:

شاہ فتح قلندر اپنے جوابات کی وضاحت کے لیے جن شخصیات کے اقوال پیش کرتے ہیں ان میں مجذوب شیرازی کے علاوہ "بھگت کبیر" کا نام بھی شامل ہے جس کے افکار وہ "موحد ہندی" کے لقب سے فخر کے ساتھ پیش کرتے ہیں۔

ایک سوال میں دارا نے پوچھا کہ کس علم کو حجاب اکبر کہا گیا ہے تو شاہ فتح فرماتے ہیں ؎

علم حق در علم صوفی گم شود　　ایں سخن کی باور مردم شود

---

[1] شاہ فتح قلندر کے حالات کے لیے ملاحظہ ہو:
تقی علی قلندر: روض الازہر فی مآثر القلندر۔ طبع رام پور ۱۳۳۶ھ ۱۷۴
تقی حیدر قلندر (مرتب) تعلیماتِ قلندریہ (مجموعہ مکتوبات بزرگان قلندریہ) لکھنؤ
اس میں شاہ مجتبیٰ قلندر کے مکتوبات بنام شاہ فتح قلندر موجود ہیں ۳۷-۴۰

[2] تقی حیدر: تعلیماتِ قلندریہ ۳۸-۴۰

[3] شامل مقدمہ جوگ بشسٹ مرتبہ امیر حسن عابدی۔ طبع علی گڑھ۔

Marfat.com

دارا نے ان سے جب "ظلوماً جہولاً" کے بارے میں پوچھا کہ یہ انسان کی تعریف میں کہا گیا ہے یا اس کی مذمت میں۔ اس کا جو جواب شاہ فتح علی نے دیا وہ حرف بحرف ملّا شاہ بدخشی کی اس تفسیر کے مماثل ہے جس کا اقتباس ہم گزشتہ صفحات میں نقل کر آئے ہیں۔

دارا نے ان سے دریافت کیا کہ "بے نہایت" دل میں کیسے سما سکتا ہے؟ تو اس کے جواب میں شاہ فتح نے فرمایا ؎

حلول و اتحاد ایں جا محال است
زعین وحدتش این خود ضلال است[1]

داراشکوہ کے تینوں دریافت شدہ سوالناموں یعنی سوالات بنام شاہ محب اللہ الہ آبادی، بنام لال بابا بیراگی اور بنام شاہ فتح قلندر کا اگر تقابلی مطالعہ کیا جائے تو ہمیں نہ صرف سوالات کی نوعیت میں مماثلت ملے گی بلکہ ان کے جوابات بھی بہت حد تک ایک دوسرے کے افکار سے ملتے جلتے معلوم ہوتے ہیں۔

دیگر صوفیۂ خام

دارا نے حسنات العارفین میں کئی معاصر صوفیہ سے اپنی ملاقات کا حال اور اُن کے اقوال لکھے ہیں ان میں سے چند ایک کا ہم یہاں ذکر کر رہے ہیں:

اس نے حسنات العارفین میں شاہ محمد دلربا کو اپنا اُستاد اور مجمع البحرین میں اپنا مرشد بتایا ہے[2] اور ان کے جتنے اقوال دارا نے نقل کیے ہیں ان سے ظاہر ہوتا ہے کہ وہ مسخ شدہ تصوّف کی ساری منزلوں کو طے کر کے حلول و اتحاد کے دائرے میں داخل ہو چکے تھے۔ وہ دارا سے ملّا بدخشی کے اشعار سنانے کی اکثر فرمائش کیا کرتے تھے جس سے اندازہ

---

[1] عابدی: جوگ بشسٹ از داراشکوہ۔ طبع علی گڑھ ۲۶

[2] دارا: مجمع البحرین۔ ۱۰۲

ہوتا ہے کہ وہ اسی فکر سے متاثر ہو کر اس رنگ میں رنگے گئے تھے۔ ان کی زبان پر دارا کے لیے اکثر یہی ہوتا تھا "اللہ بیا، اللہ بنشین" ظاہر خلق باطن خالق است و ظاہر خالق باطن خلق۔[1]

شیخ طیّب سرہندی کو بھی دارا نے مجمع البحرین میں اپنا مرشد لکھا ہے۔[2] اس شیخ طیّب کے ذریعہ دارا کو بابا پیارے کے بہت سے اقوال ملے تھے۔ شیخ طیّب بابا پیارے کے سلسلہ پیاریہ سے تعلق رکھتے تھے۔ ان میں سے بعض فرمودات یہ تھے :

بابا پیارے کسی قسم کی ظاہری عبادت نہیں کرتے تھے۔ قرآن و حدیث سے اقوال کبھی نقل نہیں کرتے تھے۔ خُدا کا نام اس لیے نہیں لیتے تھے کہ وہ تو غائب ہے۔ وہ مسنون طریقہ پر بال بھی نہیں کٹواتے تھے۔[3] یہ ہے بابا پیارے کی تصویر جن کے متعلق دارا کا اعتقاد تھا :

> از کبار مشائخ ہندوستان است .... از اولیا .... مثلِ وے دران وقت کسی نہ بودہ۔[4]

صلح کل کا علمبردار ہونے کی وجہ سے دارا کے سکھوں کے گروؤں سے بھی بہت خوش گوار تعلقات تھے۔ جب دارا اورنگ زیب سے شکست کھا کر لاہور کی طرف بھاگا تو وہ گرو ہر رائے (۱۶۳۰-۱۶۶۱ء) کے پاس بھی گیا، عصر حاضر کے سکھ مؤرخین نے بھی تسلیم کیا ہے کہ اس جنگِ تخت نشینی میں ہمارے گرو کی ہمدردیاں "متعصب" اورنگ زیب کی بجائے "وسیع المشرب" دارا شکوہ کے ساتھ تھیں، بقول خوشونت سنگھ :

---

[1] حسنات العارفین ۷۲-۷۵

[2] دارا : مجمع البحرین ۱۰۲

[3] دارا : حسنات العارفین ۵۶ [4] ایضاً ۵۵

Marfat.com

Har Rai became friendly with – Dara Shikuh, who being of sufi persuasion sought the company of saintly men of all denominations, when the war of succession began between Shah Jahan's sons, the Guru's sympathies where naturally more with the liberal Dara Shikuh than with the bigoted Aurangzeb.[1]

اس اقتباس سے صاف ظاہر ہے کہ دارا کے ہر رائے کے ساتھ مذہبی ہم آہنگی کی بنیادوں پر تعلقات تھے۔ یہی وجہ تھی کہ جب وہ شکست کھا کر بھاگ رہا تھا تو اورنگ زیب کی متعاقب فوج کو گرو نے دریائے ستلج عبور کرنے سے روکنے کی کوشش کی تاکہ دارا کو ایران بھاگ جانے کا موقع مل جائے۔ عہد حاضر کے ایک سکھ محقق ڈاکٹر فوجا سنگھ نے اسے اس طرح تسلیم کیا ہے:

Guru Har Rai, was similarly inspired when he led his troops to the bank of the river Satluj in order to block the passage across the river of Aurangzeb's Troops marching in hot pursuit of Dara Shikoh.[2]

جب کہ نقشبندی بزرگ پنجاب میں رہتے ہوئے سکھوں کی مذہبی سرگرمیوں اور مسلمانوں کے خلاف ان کی کارروائیوں کو ہمیشہ اسلام کے خلاف ایک محاذ قرار دیتے رہے، خود حضرت مجدد الف ثانی نے گرو ارجن کے قتل کو اسلام کی فتح عظیم اور کفر کی شکست قرار دیا تھا[3]، یہی حضرت خواجہ محمد معصوم و دیگر حضرات کا نقطۂ نظر تھا جسے اورنگ زیب نے

---

[1] Khushwant Singh: History of the Sikhs, Oxford University Press, Delhi, 1977. Vol. I, p. 68.

[2] Fuja Singh: The Martyrdom of Guru Tegh Bahadur (The Punjab Past and Present, April, 1975, p. 154

[3] مجدد الف ثانی: مکتوبات ۱۹۳/۱۔ تفصیل کے لیے دیکھئے مقدمہ مقاماتِ مظہری

Marfat.com

اپنایا تھا جس کی وجہ سے وہ سکھوں کی نظروں میں "متعصب" اور دارا "وسیع المشرب" کہلایا۔

دارا نے شاہ محمد دلربا کے نام اپنے ایک خط میں واضح طور پر تسلیم کیا ہے کہ انہیں صوفیہ کی صحبت کی بدولت "اسلامِ مجازی" اس کے دل سے "برخاست" ہو چکا ہے اور "کفرِ حقیقی" رونما ہو رہا ہے اور وہ انہیں کی صحبت کی برکت سے "کفرِ حقیقی" کی صحیح "قدر" سمجھ سکا ہے اور اس کا نتیجہ یہ ہوا ہے کہ اب وہ صحیح معنوں میں "زنّار پوش، بت پرست بلکہ خود پرست[1] و دیر نشین" بنا ہے:

> الحمد للہ الحمد للہ کہ از برکتِ صحبت این طائفۂ شریفۂ مکرمۂ معظمہ از دلِ این فقیر اسلام حقیقی برخاست و کفرِ حقیقی روی نمود..... اکنون قدرِ کفرِ حقیقی دانستم زنّار پوش و بت پرست بلکہ خود پرست و دیر نشین گشتم[2]۔"

داراشکوہ کے عقائد

اس پس منظر میں دارا کے مذہبی عقائد کو نہ صرف سمجھنا آسان ہو جائے گا بلکہ اس کی اس بے راہ روی اور دونوں بھائیوں کے مذہبی رجحانات کا تقابل کر کے کسی صحیح نتیجہ پر پہنچنا بھی سہل ہو جائے گا۔

آپ نے دیکھا کہ اس نے اپنی پہلی تالیف سفینۃ الاولیاء میں اپنے نام کے ساتھ "قادری حنفی" لکھا اور خلفائے راشدین کی دشمنی کو اسلام کی دشمنی قرار دیا اور اہلِ سنت کے چاروں ائمہ فقہا کو چہار دیوار خانہ اسلام کا درجہ دیا اور پھر کس طرح اپنی اُفتادِ طبع

---

[1] دارا کے استاد میاں باری نے اسے خودی کی جو تعلیم دی تھی وہ ہم گزشتہ صفحات میں درج کر چکے ہیں یہاں اُسے ذہن میں رکھتے ہوئے غور کریں تو اس کے اثرات واضح ہو جائیں گے۔

[2] نجیب اشرف ندوی (مرتب)، رقعاتِ عالمگیر ۳۲۲

Marfat.com

اور صوفیۂ خام کی صحبت میں اس کی دین سے بیزاری بڑھتی رہی حتیٰ کہ اس نے یہاں تک لکھ دیا کہ جس بستی میں ملّاں (علماً) رہتے ہوں وہاں عقلی علوم کی ترقی کے امکانات ہی ختم ہو جاتے ہیں۔

وہ اپنی دوسری کتاب سکینۃ الاولیاء کی تالیف کے دوران ہی ہمیں آزادیٔ مذہب کی طرف راغب نظر آنے لگتا ہے۔

رسالہ حق نما اس کی تیسری تالیف ہے۔ یہ رسالہ ۱۰۵۶ھ/۱۶۴۶ء میں مکمل ہُوا۔ اس رسالہ میں اس نے اپنے نام کے ساتھ "حنفی و قادری" کو قائم رکھا ہے۔ اس وقت تک وہ سلوک کی بہت سی منازل طے کر چکا تھا۔ وہ اس رسالہ کے بارے میں پابندی عائد کرتا ہے کہ اسے صرف اس طالب کو پڑھنا چاہیئے جس کی ہدایت کے لیے مرشد موجود ہو اور اپنے کشف کے بارے میں سکینۃ الاولیاء میں مندرج دعوے کو دہرایا ہے۔ اس رسالہ میں وہ وحدت الوجود کی کتابوں میں سے فتوحاتِ مکیّہ، فصوص، لمعات اور لوامع کے بکثرت حوالے دیتا ہے[1]۔

۱۰۵۶-۱۰۶۲ھ/۱۶۴۶-۱۶۵۲ء کے بعد وہ اپنے ہم مشرب صوفیہ سے ملاقاتیں کرتا رہا اور خود کو ان کے رنگ میں اس طرح رنگ لیا کہ اس کی اپنی تحریرات سے معلوم ہوتا ہے کہ اس کے مذہبی خیالات پر لوگوں نے اعتراضات کرنے شروع کر دیے تھے جن کا جواب دینے کے لیے اس نے ۱۰۶۲ھ/۱۶۵۲ء میں حسنات العارفین نام کی ایک کتاب لکھنا شروع کر دی جو ۱۰۶۵ھ/۱۶۵۵ء میں مکمل ہوئی۔ داراشکوہ کے عقائد میں ۱۶۴۶-۱۶۵۵ء تک جو تبدیلیاں ہوئیں ان میں سے بعض کا ذکر اس نے خود اس کتاب میں کر دیا ہے۔

اس کتاب کے دیباچہ میں نہ تو اس نے اپنے نام کے ساتھ "حنفی و قادری" لکھا ہے اور نہ ہی انکسار کے ساتھ خود کو اپنے ابتدائی قاعدے کے مطابق فقیرِ حقیر لکھا ہے بلکہ:

---

[1] محفوظ الحق: (مقدمہ) مجمع البحرین ۹-۱۰

"می گوید فقیر بے حزن واندوہ محمد داراشکوہ"۔

لکھنا ہی کافی سمجھا ہے۔ اس نے وضاحت کی ہے کہ "اس وقت جبکہ سال ۱۰۶۲ھ / ۱۶۵۲ء ہے اور اس کی عمر ۳۸ سال ہوگئی ہے۔ اہلِ سلوک کی کتابوں سے اس کا دل بالکل "ملول" ہوگیا ہے اور اُسے چونکہ "وجد و ذوق" حاصل ہو چکا ہے اس لیے اس حالت میں اکثر اس کی زبان سے "کلماتِ بلند حقائق و معارف" سرزد ہوتے رہتے ہیں"۔ اس کی اپنی ہی عبارتِ ذیل سے عیاں ہوتا ہے کہ اب تک اس کو کافر بھی کہا جانے لگا تھا:

زاہدانِ خشک بے حلاوت از کوتاہ بینی در صدد طعن و تکفیر و انکار می شدند[1]

اس کے دیباچہ میں ہی اس نے راسخ العقیدہ علماء کو جو اس کی خلافِ شرع باتوں پر اعتراض کرتے تھے، "پست فطرت، زاہد خشک، دجال، فرعون اور ابوجہلانِ محمدی مشرب" جیسی صفات سے نوازا ہے گویا اس کے نزدیک "محمدی مشرب" ہونا بھی اب جُرم تھا۔ چنانچہ اس نے اپنی ان خلافِ شرع حرکات و سخنان کو سہارا دینے کے لیے تاویل کے طور پر متقدمین و معاصرین صوفیہ کی شطحیات کو اس کتاب میں یکجا کیا اور اسے اپنے اشعار سے بھی سجایا۔ وہ نامی گرامی اور انتہائی پابندِ شرع صوفیہ کی شطحیات بھی نقل کرتے ہوئے ان کے نام کے ساتھ عجیب القاب بھی لکھتا مثلاً حضرت بایزید بسطامیؒ کی شطح نقل کرتے ہوئے کہتا ہے: "عارف بے پروا از بدنامی بایزید بسطامی"، وہ شیخ اکبر ابنِ عربی کو بھی "موحد" اور بھگت کبیر کو بھی "موحد ہندی" ہی کہتا ہے اور اسے "کمل عارفان ہندوستان[2]" بھی لکھا ہے۔ بابا پیارے جس کی خلاف شرع باتیں خود دارا کے الفاظ میں ہم نقل کر آئے ہیں، کے متعلق لکھتا ہے کہ اکبر کے زمانے میں اس جیسا کوئی ولی نہیں ہوا[3]۔

---

[1] دارا: حسنات العارفین ۲ [2] ایضاً ۵۳ [3] ایضاً ۵۵

Marfat.com

اسلام کی "صرف ہزار سالہ زندگی" کے بارے میں اکبر کے عہد سے ہی بحث ہو رہی تھی دارا نے یہاں اس کی بھی وضاحت کر دی ہے:

یعنی محمد پیش از ہزار سال رسُول بود[1]۔۔۔۔۔

دارا نے اپنے معاصر صوفیہ میں سے شیخ فرید لاہوری کا ذکر کیا ہے اور لکھا ہے کہ اس نے ان جیسا کوئی شیخ نہیں دیکھا اور ان کی ان تمام نوازشات کا ذکر بھی کیا جو انہوں نے شہزادے پر کی تھیں۔ ان کے متعلق لکھا ہے کہ وہ دارا کے مخالفین کو مردُود کہتے تھے[2]۔ حالانکہ دارا کے مخالفین میں ایک عالم بھی بدعقیدہ نہیں تھا۔

جب وہ یہ کتاب مکمل کر چکا (۱۰۶۵ھ) تو اس کے حواریوں نے جنہیں وہ "طالبانِ صادق" (اور اکابر علماء اہلِ سنت کو ابوجہلان محمدی مشربان) کہتا ہے، کہا کہ شہزادے تم اپنی شطحیات میں سے بھی تو اس میں کچھ درج کرو تو دارا نے جو جواب دیا اس سے اس کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ وہ صرف شطحیات کے میدان میں کہاں تک دُور نکل گیا تھا، اُس نے کہا:

کہ تمام شطحیات جو میں نے بیان کی ہیں وہ دراصل میری ہی ہیں۔ ہمارا قیاس بھی یہی ہے کہ اگر اس کی اس کتاب میں شامل شطحیات کو ان مشائخ کی معاصر کتب سوانح سے تقابل کیا جائے تو بہت سے شطحیات جو دارا نے ان کے نام منسوب کیئے ہیں محض اس کے ذہن کی پیداوار ثابت ہونگے، اس نے حضرت میاں میرؒ اور ملّا شاہ کی جو شطحیات اس میں بیان کی ہیں وہ بھی اس نے اپنی شطحیات کو سہارا دینے کے لیے وقتی طور پر تراش لی ہیں کیونکہ سکینۃ الاولیاء میں اس قسم کی شطحیات کا اس نے ذکر نہیں کیا جس میں حضرت میاں میرؒ نے اپنے مرید ملّا شاہ بدخشی کے متعلق یہ کہا ہو کہ "کشمیر کے خُدا کا کیا حال ہے[3]؟

---

[1] دارا: حسنات العارفین ۵۹ [2] ایضاً ۶۳ [3] ایضاً ۶۱

Marfat.com

تاہم اس کتاب کے مطالعہ سے جہاں اس وقت کے تصوّف میں تنزّل کے آثار ملتے ہیں وہاں یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ بھگتی تحریک شاہ جہاں کے ان ایّام میں داراشکوہ کی سرکردگی میں اپنے عروج پر پہنچ چکی تھی اور اس تحریک سے متاثر ہونے والے سارے صوفیہ کے ساتھ اس کے روابط تھے۔ اس حقیقت کو ڈاکٹر اطہر عباس رضوی نے ان الفاظ میں تسلیم کیا ہے:

The characteristic feature of this work is an emphasis on that aspect of Kabir's teachings which seeks to despise as frivolous any distinction drawn between Kufr and Islam.[1]

اسی سال ۱۰۶۵ھ/۱۶۵۵ء میں اس نے مجمع البحرین لکھی۔ اس میں اس نے یہ ثابت کیا ہے کہ اسلام اور کفر (ہندومت) میں کوئی بنیادی فرق نہیں ہے۔ ان کا منبع و مخرج ایک ہی ہے۔ ان دونوں دریاؤں کو ملا دینا چاہیئے۔ یہ وہ زمانہ ہے جب کہ وہ وحدتِ ادیان کے علمبردار تمام ہندوستانی صوفیہ اور ہندو سادھوؤں سے مل چکا تھا اور ان کے معارف و کلمات اس پر پوری طرح مسلّط ہو چکے تھے اس نے خود اس کے دیباچہ میں اس کی یوں وضاحت کی ہے:

بعد از دریافت حقیقت الحقائق و تحقیق رموز و دقائق مذہب برحق صوفیہ و فائز گشتن بایں عطیۂ عظمیٰ در صدد آن شد کہ درک کند مشرب موحدان ہند و بعضی از محققاق ایں قوم و کاملانِ ایشان ..... مکرر صحبتہا داشتہ و گفتگو نمودہ، جز اختلاف لفظی در دریافت و شناختِ حق تفاوتی ندید۔ ازیں جہت سخنانِ فریقین را باہم تطبیق دادہ[2] .....

اس نے حسنات العارفین میں راسخ العقیدہ علماء کو جس طرح کوسا ہے وہ آپ

---

[1] Rizvi, S. A. A.: Muslim Revivalist Movements, p. 351.

[2] داراشکوہ: مجمع البحرین۔ طبع محفوظ الحق ۸۰

Marfat.com

ملاحظہ کر چکے ہیں۔ اس کے مقابلہ میں وہ اپنے ہم مشرب "موحدان ہند" کو مجمع البحرین میں "کاملان" نہایت "ادراک و فہم" کے مالک و خدا رسیدہ[1] کہتا ہے۔ درج بالا اقتباس میں اس نے صاف بتایا ہے کہ اسلام اور ہندومت کے افکار میں اسے لفظی فرق کے سوا کچھ محسوس نہیں ہوا۔

اس کتاب میں اس نے اپنے معاصر صوفیہ کا ذکر بھی کیا ہے۔ میاں باری کو اپنا اُستاد، ملّا شاہ، شاہ محمد دلربا، طیّب سرہندی اور بابا لال بیراگی کو اپنا مرشد لکھا ہے[2]۔ دارا کے حامیوں نے اس کتاب پر بابا بیراگی کے افکار کی مکمل چھاپ کی جس طرح تصدیق کی ہم سابقہ اوراق میں واضح کر چکے ہیں۔

اورنگ زیب کو بدنام کرنے کے لیے مثالوں کے متلاشی اور مشہور مورخ جادوناتھ سرکار[3] اور ان کے حلقہ کے ایک مؤلف اور عرصہ حاضر میں دارا شکوہ کی سب سے تحقیقی سوانح عمری لکھنے کا شرف حاصل کرنے والے مورخ قانون گو[4] نے بھی تسلیم کیا ہے کہ دارا ان دونوں مذاہب کے تقابلی مطالعہ سے ان کے درمیان کسی "قدر مشترک" کا متلاشی تھا جس سے جنگ تخت نشینی میں ہندوؤں اور مسلمانوں دونوں کی حمایت اُسے حاصل ہو جائے۔

دارا کو ہندو مسلم اتحاد یا ہندوؤں کی حمایت حاصل کرنے کی اتنی فکر تھی کہ اس نے اس کا سنسکرت زبان میں ترجمہ کروانے کا بھی اہتمام کیا تھا جو اس کی زندگی میں ہی "سمودر سنگم" کے نام سے مکمل ہو گیا تھا[5]۔ اگلے سال ۱۰۶۶ھ/۱۶۵۶ء میں دارا نے اپنی دیباچہ المشربی

---

[1] داراشکوہ: مجمع البحرین۔ طبع محفوظ الحق ۸۰ [2] ایضاً ۱۰۲

[3] Sarkar, J. N: History of Aurangzeb, Calcutta 1925, Vol. I pp. 273-274.

[4] Qanungo: Dara Shikoh, Calcutta, 1935, p. 134.

[5] عابدی، امیر حسن: جوگ بشسٹ (مقدمہ) ۲۲

Marfat.com

کا مزید ثبوت بہم پہنچایا، اب تک اس نے اسلام اور ہندومت کا صرف تقابلی مطالعہ ہی کیا تھا اور زیادہ تر اس کے ماہرین سے گفتگو کر کے کچھ سیکھا تھا۔ لیکن اب اس کا جی چاہا کہ ہندومت کا براہِ راست مطالعہ کرے چنانچہ اس مقصد کے لیے اس نے جوگ بشسٹ کا فارسی میں ترجمہ کروانے کے لیے ماہرین کا ایک بورڈ قائم کیا۔ اگرچہ اکبر کے زمانے سے ہی اِس کتاب کے ترجمے ہوتے چلے آرہے تھے[1]، لیکن وہ ترجمے دارا کو پسند نہیں تھے۔ دارا اس کا ارادہ کر ہی رہا تھا کہ اس نے ایک خواب میں بشسٹ اور رام چندر کو دیکھا۔ بشسٹ نے رام چندر کو اشارہ کیا کہ دارا شکوہ "طلبِ صدق" میں تمہارا بھائی ہے اس لیے اس سے معانقہ کرو، تو وہ "کمالِ محبت" سے دارا سے بغل گیر ہوا۔ پھر بشسٹ نے رام چندر کو شیرینی دی کہ دارا کو کھلا دو تو دارا نے رام چندر کے ہاتھ سے وہ شیرینی کھالی۔ جس سے اس کی تجدیدِ ترجمہ کی خواہش زیادہ ہوگئی تو اس نے ترجمہ کا حکم دیا[2]۔

بقول پروفیسر نجیب اشرف ندوی :

> دارا اس ترجمہ کے ذریعے یہ بات باور کرنا چاہتا ہے کہ اگرچہ وہ ظاہراً ولی عہدِ شاہ جہان ہے لیکن بباطن وہ بھی رام چندر جی کی طرح واصل الی الحق بزرگ ہے[3]۔

ڈاکٹر رضوی نے بھی تسلیم کیا ہے کہ دارا کا اس ترجمہ سے مقصد ہندو مسلم اتحاد اور جذباتی ہم آہنگی کی فضا پیدا کرنا تھا[4]۔

---

[1] ترجموں کی تفصیل کے لیے دیکھئے :

عابدی : جوگ بشسٹ مقدمہ ۲۹ - ۳۲

Rizvi, S, A, A: Religious and Intellectual History of the Muslims in Akbar's Reign, Delhi, 1975. p. 215

[2] دارا : جوگ بشسٹ طبع عابدی ۴ [3] نجیب اشرف ندوی : مقدمہ رقعاتِ عالمگیر ۳۵۹

[4] Rizvi, S, A, A: Muslim Revivalist Movements, pp 358-59

Marfat.com

دارا کے حکم سے کیا ہوا یہ ترجمہ باتحقیق وحواشی چھپ چکا ہے[1]۔

اس ترجمے کے ایک ہی سال بعد یعنی ۱۰۶۷ھ/۱۶۵۷ء میں اس نے بنارس کے پنڈتوں اور سنیاسیوں کی مدد سے ہندوؤں کی مشہور مذہبی کتاب اپنشد کے منتخب پچاس ابواب کا ترجمہ فارسی میں کروایا۔ جس کا نام اس نے "سرِ اکبر" تجویز کیا۔

اس کے ابتدائیہ میں دارا نے لکھا ہے :

.... چونکہ قرآن مجید..... کی اکثر باتیں رمزکی ہیں..... اس لیے میں نے چاہا کہ تمام آسمانی کتابوں کو پڑھوں..... میں نے توراۃ، انجیل، زبور اور دوسری کتابیں پڑھیں، لیکن ان میں توحید کا بیان مجمل اور اشارات میں تھا.... اس لیے اس بات کی فکر میں ہوا کہ ہندوستان وحدت عیان میں توحید کی گفتگو کیوں بہت زیادہ ہے..... تحقیق کے بعد معلوم ہوا کہ اس قوم قدیم (ہندوؤں) کے درمیان تمام آسمانی کتابوں سے پہلے چار آسمانی کتابیں تھیں رگ بید، سام بید، اتھربن بید..... اور محض توحید کے اشغال اس میں درج ہیں جس کا نام انبکہت ہے..... جو کہ توحید کا خزانہ ہے.... توحید کے متعلق ہر قسم کی مشکل اور اعلیٰ باتیں جن کا میں طلب گار تھا، لیکن حل نہیں پاتا تھا اس قدیم کتاب کے ذریعہ سے معلوم ہوئیں جو بلاشک وشبہ پہلی آسمانی کتاب ہے اور بحرِ توحید کا سرچشمہ اور قدیم ہے اور قرآن مجید کی آیت بلکہ تفسیر ہے اور صراحتاً ظاہر ہے کہ یہ آیت بعینہٖ اس کتابِ آسمانی.... کے حق میں ہے انہ لقرآن کریم فی کتاب مکنون..... متعین طور سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ آیت توریت اور انجیل کے حق میں نہیں..... پس

---

[1] امیر حسن عابدی کی تحقیق سے اس کا فارسی متن مسلم یونیورسٹی علی گڑھ نے بنام جوگ بشسٹ ۱۹۶۸ء میں شائع کیا۔

Marfat.com

تحقیق کہ چھپی ہوئی کتاب یہی کتاب قدیم ہے[1]۔

دارا اس سے پانچ سال پیشتر حسنات العارفین لکھنے بیٹھا تو جیسا کہ ہم وضاحت کر چکے ہیں اس کا دل تمام مسلمہ کتب سے اچاٹ ہو چکا تھا اور اس نے کہا تھا :

"جز توحید صرف منظورِ نظر نبود[2]۔"

گویا ۱۰۶۲- ۱۰۶۷ھ میں اس نے سب کچھ ترک کر کے صرف "حصولِ توحید" (یعنی وحدت الوجود کے رنگ میں وحدتِ ادیان) کو اپنا مقصدِ زندگی بنا لیا تو اس کا جو نتیجہ نکلا اس نے سر اکبر کے دیباچہ میں واضح کر دیا۔

دارا کی سرِ اکبر بھی حال ہی میں ایرانی و ہندوستانی محققین کے مشترکہ اہتمام سے طبع ہو چکی ہے[3]۔ اورنگ زیب کی حمایت میں اُردو زبان میں قلم اٹھانے والے پہلے مسلمان مولف علامہ شبلی نے سر اکبر کا دیباچہ پڑھ کر جو رائے لکھی تھی وہ ملاحظہ ہو:

> اس کتاب کے دیباچہ سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ دارا بالکل ہندو بن گیا تھا اور کچھ شبہ نہیں کہ اگر وہ تختِ شاہی پر متمکن ہوتا تو اسلامی شعار اور خصوصیات بالکل مٹ جاتے[4]۔

انہیں دنوں دارا نے ایک انگوٹھی بنوائی تھی جس پہ خدا کا نام ہندی زبان میں "پربھو" لکھوایا تھا۔ معاصر مورخ محمد کاظم شیرازی نے لکھا ہے کہ وہ اسے متبرک خیال کرتا تھا :

---

[1] صباح الدین عبدالرحمٰن : بزم تیموریہ ۴۰۳ - ۴۰۵ (ملخصاً)

[2] دارا : حسنات العارفین ۲ انہیں ایام میں اس نے اپنی ایک اور کتاب طریقۃ الحقیقت تالیف کی تھی جس میں اس نے صاف الفاظ میں لکھ دیا تھا :

> در کعبہ و سومنات افسانہ توئی ، در صومعہ و خرابات توئی .....

(اس کتاب کا فارسی متن اور اُردو ترجمہ بھی طبع ہو چکا ہے)

[3] سرِ اکبر مرتبہ تاراچند و محمد رضا جلالی نائینی۔ تہران ۱۹۶۱ء

[4] شبلی نعمانی : مقالات ۔ دارالمصنفین ۱۹۳۸ء ۷/۱۰۱

Marfat.com

"بجائے اسماء حسنیٰ الٰہی اسمی ہندوی کہ ہنود آن را پربھومی نامند و اسمِ اعظم میدانند بخط ہندوی برنگینہ ہای الماس و یاقوت و زمرد وغیرہ آن از جواہرے کہ می پوشید نقش کردہ بآن تبرک می جست[1]"

وہ مندروں کی تعمیر و آرائش میں بھی دلچسپی کا مظاہرہ کرنے لگا تھا۔ ڈاکٹر غوری اور جادوناتھ سرکار نے معاصر کتب تاریخ کے حوالے سے لکھا ہے کہ اس نے متھرا کے مقام کیشورائے کے مندر میں پتھر کے ستون نصب کروائے تھے[2]۔ دارا کے مسلسل اصرار پر شاہ جہان نے ہندوؤں کے بعض ٹیکس بھی معاف کر دیے تھے۔

دارا کی تصانیف کو متعارف کرانا ہمارا مقصود نہیں ہے، البتہ ضرورت اس امر کی ہے کہ اس کی ساری تالیفات کو ترتیبِ زمانی کے اعتبار سے مطالعہ کیا جائے اور پھر اس عہد کے اس نوعیت کے لٹریچر سے تقابل بھی ضروری ہے تاکہ یہ معلوم ہو سکے کہ دارا نے ان سے کیا کچھ اخذ کیا اور ان پر اپنے افکار کے کتنے اثرات مرتب کئے۔

دارا شکوہ اور علمائے کرام کی توہین

دارا شکوہ جس نے اپنی پہلی کتاب میں اہلِ سنت کے چاروں آئمہ کو "چہار دیوار خانہ اسلام" کا درجہ دیا تھا۔ اور اس کے بعد وہ تیرہ سال تک وسیع المشرب صوفیہ کی صحبت میں رہ کر کیا بن گیا تھا اس کا اندازہ اس کے عقائد کے پس منظر اور عقائد کی ان تفصیل سے لگائیے جو ہم نے اس کے اپنے الفاظ میں بیان کی ہیں، وہ اپنے حواریوں کو تو معزز ترین القاب سے یاد کرتا ہے لیکن راسخ العقیدہ علماء کو ایسے خطابات دیتا ہے جس سے اس کی دین سے نہ صرف بیزاری بلکہ لاتعلقی کا اظہار ہونے لگتا ہے۔ دارا کے مصاحبین اور وہ صوفیہ بھی

---

[1] محمد کاظم شیرازی: عالمگیر نامہ۔ کلکتہ ۱۸۶۸ء ۳۵

[2] Ghauri, I, A: War of succession, p. 73.

Marfat.com

جن کو وہ اپنا استاد و مرشد لکھتا ہے علمائے کرام کیلئے ایسے ہی خطاب استعمال کرتے ہیں۔

ملّا شاہ بدخشی کی آزاد مشربی کے خلاف علماء نے کارروائی کی تو اس نے دارا کو جو خط لکھا اس میں انہیں "ملایان قشر"، "زاہدانِ خشک" اور "بدبختانِ شریعہ"[1] کو تنبیہہ کرنے کی ہدایت کی تھی۔ دارا اپنے دوست صوفیہ کو "عارفانِ این وقت"[2] وہ تصوّف کی اصطلاح میں مسلمان صوفیہ کو بھی "طالبانِ صادق"[3] اور رام چندر کو بھی "طالبِ صادق" ہی لکھتا ہے۔[4]

جن صوفیۂ خام نے اس کی مذہبی زندگی کو تاریک کیا تھا ان کے متعلق اس کے یہ شاندار القاب ملاحظہ ہوں :

> از برکتِ صحبتِ این طائفۂ شریفہ مکرمۂ معظمہ از دلِ این فقیر اسلام مجازی برخاست و کفر حقیقی روے نمود۔[5]

بابا لال بیراگی کو "از کمل عرفا"[6] اپنے اُستاد میاں باری کو "حضرت باری تعالےٰ"[7] بھگت کبیر کو "کمل عارفانِ ہندوستان"[8] اور اپنے پسندیدہ کئی صوفیوں کے نام کے ساتھ "اُز مفردانِ وقت" لکھا ہے۔ اس کے ہم مشرب پیر سلیمان مصری قلندر علماء کو "ناقصان" کہا کرتے تھے۔[9]

وہ ہندو پنڈت اور سنیاسی جن کی صحبت میں رہ کر اس نے ہندو فلسفہ (جسے وہ توحید کہتا ہے) سیکھا تھا، کے لیے اس کے الفاظ ملاحظہ ہوں :

---

[1] دارا : سکینہ ۱۶۷، ۱۸۴

[2] دارا : حسنات العارفین ۲ [3] ایضاً ۷۹ [4] دارا : جوگ بشسٹ ۴

[5] مکتوب داراشکوہ بنام شاہ دلربا۔ رقعاتِ عالمگیر۔ طبع ندوی ۳۲۲

[6] دارا : حسنات العارفین ۴۹ [7] ایضاً ۶۹ [8] ایضاً ۵۳

[9] ایضاً ۷۴

Marfat.com

مشربِ موحدانِ ہند و با بعضی از محققان این قوم و کاملانِ ایشان کہ بہ نہایت ریاضت و ادراک و فہمیدگی و غایت تصوّف و خدایابی رسیدہ بودند مکرر صحبتہا داشتہ[1]۔

وہ ہندوؤں کے اوتار بشسٹ کی اپنے اوپر غایت درجہ مہربانی کا اظہار کرنے کے بعد رام چندر کو "طلبِ صدق" میں اپنا بھائی (پیر بھائی) بتاتا ہے[2]۔

ہندوؤں کے مرکزی مذہبی شہر بنارس کو "دار العلم" کہنے کے بعد اس شہر کے وہ پنڈت اور سنیاسی جو اس سے گہرا تعلق رکھتے تھے، کو "سرآمد وقت" کے لقب سے ملقب کیا ہے[3]۔

اپنے حواریوں کے لیے ان القاب کو سامنے رکھتے ہوئے جو دارا نے ان کے لیے استعمال کیے ہیں۔ ان خطابات کا جائزہ لیجئے جو اس نے راسخ العقیدہ علماء کے لیے لکھے ہیں تو اس کی وسیع المشربی کا پول کھل جائے گا۔

جب وہ متقدمین صوفیہ کرام کی کتابوں سے متنفر ہو گیا تو وہ حق کی تلاش کا آغاز کرنے سے پیشتر راسخ العقیدہ علماء کو ان القاب سے یاد کرتا ہے:

"دجاجلۂ علیٰی نفسان و فراعنۂ موسیٰ صفتان و ابو جہلانِ محمدی مشربان"[4]

اور ان خطابات کی تحریر سے پہلے وہ بالکل ملّا بدخشی کی اصطلاح میں انہیں "پست فطرتان دون ہمت و زاہدانِ خشک"[5] سے خطاب کرتا ہوا نظر آتا ہے۔ محمدی مشرب علماء کو ابو جہل قرار دینے کے بعد بظاہر کوئی خطاب باقی نہیں رہنا چاہیئے تھا لیکن اس پر بھی اس کا غصہ ٹھنڈا نہ ہوا تو فلسفۂ ہنود میں توحید کے متلاشی اپنے ہم خیال صوفیہ

---

[1] دارا: مجمع البحرین ۸۰ [2] ایضاً بوگ بشسٹ ۴
[3] صباح الدین: بزم تیموریہ ۴۰۴
[4] دارا: حسنات العارفین ۳ [5] ایضاً ۲

Marfat.com

کی صفات بیان کرنے کے بعد "سرِ اکبر" کے دیباچہ میں انہیں جو کچھ کہتا ہے اس پر تبصرہ کی ضرورت نہیں ہے ملاحظہ ہو :

"جہلائے وقت خُدا شناسوں اور موحدوں (فلسفہ ہنود پر تحقیق کرنے والے مسلمان) کے قتل، کفر اور انکار میں مشغول ہیں .... وہ خُدا کے راستے کے راہزن ہیں[1]"....

اس کے عقائد کے پس منظر میں ہم نے جن شخصیات کو اس کے مذہبی رجحانات میں تبدیلی کا ذمہ دار قرار دیا ہے اس سے بھی واضح ہے کہ اس کے اُستاد میاں باری کی تعلیم تھی کہ "ملّا اور پنڈت" دونوں کو مار ڈالو (یعنی خود کو مذہب کی قید سے آزاد کر لو) اور سلیمان قلندر کا سبق یہ تھا کہ علمائے ظاہر "ناقص" ہیں[2] تو دارا اس قسم کے خیالات کا اظہار اپنے اشعار میں کیوں نہ کرتا۔ نیز اس کے مصاحبین میں سے جتنے شعراء کے شعری مجموعے ہمیں ملے ہیں ان سب میں علماء کے خلاف نفرت کے آثار پائے جاتے ہیں، دارا نے بھی اپنے کلام کو ان کی تقلید کا شرف بخشا ہے۔ وہ اپنے اشعار میں بہشت کہنا ہی اُسے ہے جہاں اُسے "ملّا" نظر نہ آئے اور نہ ہی وہاں نماز و آذان کی آواز ہو ؎

بہشت آنجا کہ ملّائی نباشد
زملّا شور و غوغائی نباشد

وہ اپنی من چاہی توحید کی تلاش و تحقیق کسی ایسے مقام پر کرنا چاہتا تھا جہاں اس کے کانوں تک "شورِ ملّا" اور جہاں اس کے "فتویٰ کی کوئی اہمیت نہ ہو ؎

جہاں خالی شود از شورِ ملّا
ز فتویٰ ہاش پروای نباشد

---

[1] دارا : سرِ اکبر طبع تہران۔ دیباچۂ دارا و بزم تیموریہ ۴۰۴

[2] ان کے اقوال بلفظہ سابقہ اوراق میں نقل کیے جا چکے ہیں۔

Marfat.com

چنانچہ وہ ایسے مقام کی تلاش میں بہت جلد کامیاب ہوگیا اُسے ہندوؤں کے مرکزی مذہبی شہر بنارس جہاں اس نے "سرآمد وقت" پنڈتوں کے جھرمٹ میں بیٹھ کر "سراکبر" مرتب کی یہ شہر اس کی نظر میں "دارالعلم" تھا۔ لیکن جس شہر میں ملّا رہتے ہوں وہاں عقلی علوم پہ تحقیق کرنا تو درکنار وہاں اس کے خیال میں "دانائی" کا نام ونشان بھی نہیں ہوسکتا ؎

در آن شہری کہ ملّا خانہ دارد　　در آنجا ہیچ دانای نباشد

اس کے خیال میں "انبیاؑ واولیاء" کو دنیا میں جتنی تکلیفیں پہنچی تھیں وہ سب علماؑ کے "شرِ نفس" کی وجہ سے تھیں ؎

از شومیٔ شرِّ نفس ملّایان است　　با ہر نبی و ولی کہ آزار رسید!

وہ گمراہی کی تلاش (جسے وہ تحقیق توحید کہتا ہے) میں اتنا دُور نکل گیا تھا کہ اُسے اپنے لیے گمراہ کے لفظ میں فخر محسوس ہونے لگا تھا ؎

ہر کس کہ بحق رسید گمرہ گفتند　　من گمرہ از آنم کہ مرا راہ نماند

اس لیے ان حالات میں اس نے اپنے عقیدہ کا اظہار اس طرح کیا ہے ؎

کافر گفتی تو از پی آزارم　　ایں حرف ترا راست ہمی پندارم
پستی و بلندی ہمہ شد ہموارم　　من مذہب ہفتاد و دو ملت دارم[1]

علّامہ اقبال کا یہ شعر حقیقت کی عکاسی کرتا ہے ؎

تخمِ الحادے کہ اکبر پرورید　　باز اندر فطرتِ دارا دمید

اب اس ہیجان انگیز فضا میں اس مذہبی کشمکش کو مدنظر رکھتے ہوئے اورنگ زیب کے افکار اور اس کے پسندیدہ علماؑ ومشائخ کی تعلیمات کی ایک جھلک ملاحظہ ہو۔

---

[1] دارا شکوہ کے یہ تمام اشعار اس کی کتاب جوگ بشسٹ کے مقدمہ نوشتہ امیر حسن عابدی سے منقول ہیں ۲۰-۲۱

Marfat.com

اورنگ زیبؒ کے علماؔ و مشائخ سے تعلقات

داراشکوہ کے مقابلہ میں اورنگ زیب کو راسخ العقیدہ علماء و صوفیہ سے عقیدت تھی اور اس کے روابط بھی اسی قسم کے حضرات سے تھے۔ اگر اس کے علماؔ و مشائخ سے تعلقات کا مفصل جائزہ لیا جائے تو ہمیں سلسلۂ نقشبندیہ کے مشائخ کے نام سب سے زیادہ ملیں گے جن کے براہ راست اورنگ زیب کے کسی نہ کسی طرح روابط تھے۔ ان تعلقات کی تفصیل سے دونوں بھائیوں کے مذہبی رجحانات کا واضح فرق بھی معلوم ہو جائے گا۔ اس کے تعلقات کا مختصر خاکہ ملاحظہ ہو:

حضرتِ خواجہ محمد معصومؒ اور اورنگ زیب

تخت نشینی (۱۶۵۹ء) سے بہت پہلے حضرت خواجہ کے ساتھ اورنگ زیب کی عقیدت کے ثبوت ملتے ہیں۔ چنانچہ ۱۰۴۸ھ/۱۶۳۸ء میں وہ باقاعدہ بیعت ہونے کیلئے حضرت خواجہ کی خدمت میں سرہند حاضر ہوا، جہاں اُسے "سلطنت" کی خوش خبری بھی دی گئی تھی[1]۔ اگرچہ روضۃ القیومیہ کے اس بیان کو مبالغہ آمیزی کہا گیا ہے لیکن حضرات کے ساتھ اس کی مراسلت سے اس کے اس سلسلہ سے باقاعدہ منسلک ہونے کے شواہد ملتے

---

[1] کمال الدین محمد احسان: روضۃ القیومیہ ۲/ ۳۸-۳۹
ہمارے خیال میں اس خوشخبری کے ملنے کا یہ حسد تھا کہ دارا اس سے اگلے سال کشمیر جا کر ۱۰۴۹ھ/ ۱۶۳۹ء میں باقاعدہ ملا شاہ بدخشی سے بیعت ہوا تھا (سکینۃ الاولیاء ۴۸، ۱۷۸)
تفصیل کے لیے اسی مقدمہ کا عنوان "دارا کے عقائد کا پس منظر" ملاحظہ کریں۔

Marfat.com

ہیں۔ حضرت خواجہ کے فرزند خواجہ سیف الدین واضح طور پر اس کے اس طریقہ میں داخل ہونے اور حضرتِ خواجہ کی صحبت سے فیض یاب ہونے کے بارے میں لکھتے ہیں :

"مخفی نہ ماند کہ بادشاہ بہ دخولِ طریقہ علیہ مشرف گشتہ، بسیار متاثر گشت سہ صحبت با حضرتِ ایشان (خواجہ محمد معصوم) داشت[1] .....

اورنگ زیب کی حضرت خواجہ کے ساتھ بیعت کو نہ بھی تسلیم کیا جائے تب بھی آخر دم تک اس کی اس خاندان سے وابستگی اور گہری عقیدت کے واضح اثرات ملتے ہیں۔ اس کے ان روابط کو دو حصّوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے۔ اوّل شہزادگی کا زمانہ دوم تخت نشینی کے بعد کے تعلقات۔

اورنگ زیب ۱۰۵۹ھ/۱۶۴۹ء سے ۱۰۶۲ھ/۱۶۵۲ء تک قندھار[2] فتح کرنے کی مہمات میں مصروف رہا، شاہ عباس ثانی (والیٔ ایران) نے اس پر قبضہ کر لیا تھا۔ لیکن دارا شکوہ کی سازشوں کی وجہ سے اورنگ زیب اس مہم میں کامیاب نہ ہو سکا۔ دارا، اورنگ زیب کو بدنام کرنے کے لیے جو طریقے اختیار کرتا رہا، یہ سازش بھی اسی سلسلہ کی ایک کڑی ہے۔

اورنگ زیبؒ نے اس مہم میں کامیابی کے لیے حضرت خواجہ سے دُعا کے لیے کہا تو آپ نے اس کے جواب میں ایک طویل مکتوب اُس کے نام ارسال کیا جس میں جہاد کے فضائل تفصیل سے بیان کرنے کے بعد اُس کی اس مہم کو جہاد قرار دیتے ہوئے لکھا :

"اللہ کی راہ میں ایک ساعت کا جہاد مکہ میں حجرِ اسود کے قریب شبِ قدر

---

[1] سیف الدین خواجہ : مکتوبات سیفیہ ۸۳/۱۲۳

[2] اس محاصرۂ قندھار کی تفصیل کے ملاحظہ ہو :

Riazul Islam: Indo-Persian Relations, Tehran, pp. 110-116.

Marfat.com

کے قیام سے افضل ہے۔"[1]

لطف یہ ہے کہ اس مہم کی ناکامی کے بعد خود داراشکوہ نے اپنا وقار بڑھانے کے لیے ۱۰۶۳ھ/۱۶۵۳ء کو اپنی خدمات پیش کیں۔ یہ محاصرہ تقریباً پانچ ماہ تک جاری رہا لیکن کوئی چال بھی کامیاب نہ ہوئی اور دارا نے تنگ آکر واپسی کا فیصلہ کر لیا اور اس ناکامی کا داغ دھونے کے لیے دارا نے عجب ڈرامائی انداز اختیار کیا کہ "مجھے قندھار کے مشہور ولی باباحسن ابدال نے خواب میں بتایا ہے کہ قندھار کی فتح اس وقت اللہ تعالیٰ کو منظور نہیں ہے اس لیے محاصرہ ختم کر دو۔"

داراشکوہ نے لکھا ہے کہ اس محاصرے کے دوران میرے پیر ملّا شاہ بدخشی نے مجھے بھی خطوط لکھے اور فتح کی خوشخبری دی۔ اس نے اپنی کتاب سکینۃ الاولیاء میں یہ خطوط نقل کیے ہیں[2]۔ ملّا شاہ بدخشی کے ان خطوط اور حضرتِ خواجہ کا اورنگ زیب کے نام مذکورۂ بالا مکتوب کا اگر تقابلی مطالعہ کیا جائے تو دونوں رُوحانی رہنماؤں کے افکار کا واضح فرق معلوم ہو جائے گا۔

---

[1] محمد معصوم، خواجہ : مکتوبات ۶۴/۱

جناب پروفیسر محمد اسلم نے سہواً حضرتِ خواجہ کے اس مکتوب کو اورنگ زیب کی دارالحکومت پر جنگ تخت نشینی کے سلسلہ میں فوج کشی سے متعلق قیاس کر لیا ہے کہ "اورنگ زیب جب بُرہانپور سے فوج لے کر نکلا تو خواجہ صاحب نے اُسے ایک خط ارسال کیا جس میں اسے دارالحکومت پر فوج کشی پر تحسین پیش کی۔"

(المعارف لاہور۔ اگست ۱۹۶۸ء ۲۶، ۳۱ حوالہ نمبر ۴۰-۴۱)

جیسا کہ ہم لکھ چکے ہیں حضرت خواجہ کے مکتوبات کی یہ جلد اوّل جس میں زیرِ بحث مکتوب نمبر ۶۴ شامل ہے ۱۰۶۳ھ/۱۶۵۳ء میں جمع ہو کر مکمل ہو چکی تھی اور اورنگ زیب نے برہانپور میں ایک ماہ دارالحکومت پر حملہ کی تیاری میں صرف کر کے ۱۰۶۸ھ/۱۶۵۸ء میں یہ کارروائی کی تھی۔ اس لیے ۱۶۵۳ء سے پہلے کے نوشتہ مکتوب کا اس فوج کشی سے کوئی تعلق نہیں ہو سکتا۔ بلکہ یہ خط اس کی مہم قندھار سے متعلق ہے۔

[2] داراشکوہ : سکینۃ الاولیاء۔ طبع تہران ۱۹۶۵ء ۱۸۵-۱۸۸

Marfat.com

دکن کے معاملات عرصہ دراز سے مغلوں کے لیے خاصے تشویش کا باعث بنے ہوئے تھے خصوصاً شاہ جہان کے آخری سالوں میں ایران کی ان ریاستوں کے ساتھ مراسلت[1] و مداخلت اور وہاں شیعہ مذہب کا اثر بڑھ جانا اور ان علاقوں میں جمعہ کے خطبوں میں خلفائے ثلاثہ پر سب و شتم کیا جانا نہ صرف مغلوں بلکہ سارے ہندوستان کے لیے اشتعال اور مذہبی غیرت کا باعث بن گیا تھا۔ انہیں حالات میں ۱۰۶۶ھ/۱۶۵۵ء کو اورنگ زیب نے گولکنڈہ کا محاصرہ کر لیا جو اس زمانہ میں شاہ جہان کی طرف سے "نظامتِ دکن" پر مامور تھا۔ انہیں دنوں حضرت خواجہ محمد سعید بن حضرت مجدد الف ثانی نے اُسے اسی نوعیت کا ایک خط لکھا جس قسم کا ان کے بھائی حضرت خواجہ محمد معصوم اُسے محاصرۂ قندھار کے دوران لکھ چکے تھے، حضرت خواجہ محمد سعید نے واضح الفاظ میں اسے احکامِ شریعت کی "تقویت" کا ذمہ دار قرار دیتے ہوئے لکھا ہے کہ وہ خود بھی اس جہاد میں شریک ہونے کے متمنی ہیں لیکن پیرانہ سالی کے باعث ایسا کرنے سے معذور ہیں، لکھتے ہیں :

دراین ایام ضعفِ مراسم اسلام چوں تائیدِ ارکان ملت بیضا و تقویت احکام شریعت غرا وابستہ بہ ذات اشرف است ..... دریں ولا استماع یافت کہ چوں اہل گولکنڈہ سر از ربقۂ اطاعتِ واجبہ کشیدہ اند و نقض عہد نمودہ داخلِ جرگہ ینقضون عہداللہ ..... گشتہ اند و آن قبلہ گاہی از رد حمیّت دین و غیرتِ اسلام توجہ بآن صورت نافتہ ہمت سامیہ را بر تخریب آن جماعتِ ناہنجار گماشتہ .....

فتح و نصرت کی دُعا کے بعد لکھا ہے .....

---

[1] ایران کی دکنی معاملات میں مداخلت کے لیے تفصیل کے لیے دیکھیے :

Riazul Islam: Indo-Persian Relations, pp. 116–120.

Marfat.com

جائے آن بود کہ این فقیر از سر قدم ساختہ شریک این مجاہدہ مے شد لیکن ضعفِ بدن کہ ہمواره عارض است[1] .....

لیکن دارا شکوہ کی سازش اور اورنگ زیب کو بدنام کرنے کی غرض سے عین فتح و نصرت کے حالات میں مرکز کی طرف سے محاصرہ اُٹھانے اور ان کے علاقے واپس کرنے کے احکام صادر ہو جاتے ہیں[2]۔

مجددی حضرات کے علاوہ اورنگ زیب کے دیگر سلاسل کے صوفیہ سے بھی اچھے تعلقات تھے، جنگ تخت نشینی سے پہلے وہ شیخ برہان الدین شطاری برہانپوری سے کئی مرتبہ ملا تھا۔ ایک بار اس نے ان کے پاس حاضر ہو کر دارا شکوہ کے عقائد کے بارے میں اُن کو آگاہ کیا کہ دارا اسلام سے برگشتہ ہو چکا ہے اور اس نے ضلالت کی وادی میں قدم رکھ دیا ہے اور ملحدوں کی تقلید شروع کر دی ہے۔ اس نے تصوّف کو بہت بدنام کیا ہے اور کفر و اسلام کو ملانے اور ان کا ایک منبع قرار دینے کے لیے اس نے ایک کتاب مجمع البحرین لکھی ہے۔ اس نے ہمارے والد بزرگ کو سلطنت سے بے اختیار کر دیا ہے اور اس نے مسلمانوں کے قتل اور گمراہ کرنے کے لیے کمر ہمت باندھ لی ہے۔ میں امیدوار ہوں کہ آپ "دفع شر" کے لیے دُعا کریں گے[3] ——— انہوں نے

---

[1] محمد سعید خواجہ : مکتوبات ۱۴۳/۸۲

[2] محاصرۂ گولکنڈہ کی تفصیلات کے لیے دیکھئے :
نجیب اشرف ندوی : مقدمہ رقعات عالمگیر۔ طبع دار المصنفین ۲۶۳-۲۹۹ و بعد
Yar Muhammad Khan, The Deccan Policy of the Mughals, Lahore, pp. 195–227.

[3] غوری، افتخار احمد : جنگ تخت نشینی (انگریزی) بحوالہ کتب معاصر۔
بعض حلقوں کی طرف سے اورنگ زیب پر یہ الزام لگایا گیا ہے کہ اسے صرف سرہند کے چند مجددی بزرگوں کی حمایت ہی حاصل تھی، یہ الزام بالکل بے بنیاد ہے۔ شیخ برہان تو شطاری سلسلہ کے شیخ تھے اور سلسلۂ شطاریہ و نقشبندیہ کے مابین کشیدگی کے بھی آثار ملتے ہیں۔ ←

Marfat.com

اس کے لیے دُعا کی۔ اورنگ زیب کی سید احمد میران جی شطاری کے ساتھ ملاقات کا ذکر بھی تذکروں میں ملتا ہے[1]۔

اورنگ زیب کے زمانۂ شہزادگی سے ہی جن علما و مشائخ سے تعلقات تھے وہ سب کے سب راسخ العقیدہ بزرگ تھے۔ شیخ عبداللطیف برہانپوری (ف ۱۰۶۶ھ / ۱۶۵۶ء) کے ساتھ اس کے مراسم خاصے قدیم تھے وہ بہت پابندِ شرع بزرگ تھے۔ معاصر مورخ بختاور خان نے لکھا ہے :

"وہ امر معروف و نہی منکر میں بہت متشدد تھے اور رزقِ حلال کے لیے تجارت کرتے تھے۔ وہ مریدوں سے نذر و نیاز بھی قبول نہیں کرتے تھے، برہانپور میں قیام سے پہلے ہی اورنگ زیب کی ان کے ساتھ مذہبی موانست تھی اور امور دینی سے آگاہ کرنے کے لیے وہ بلا تکلّف اورنگ زیب کے پاس چلے جاتے تھے[2]۔"

شہزادگی کے زمانے سے ہی اورنگ زیب کی حضرت خواجہ محمد معصومؒ کے ساتھ محبّت و مذہبی ہم آہنگی کا ثبوت ہم بہم پہنچا چکے ہیں۔ حضرت خواجہؒ اپنے والد بزرگ حضرت مجدّد الف ثانی قدس سرہٗ کے صحیح ترین جانشین اور انتہائی درجہ پابند شرع تھے بالکل حضرت مجدّد کی طرح آپ بھی سارے ہندوستان کے حالات سے بخوبی واقف تھے

← شیخ بُرہان کے حالات کے لیے دیکھیے :

- بختاور خان : مراۃ العالم ۲/ ۴۰۸۔ طبع لاہور ۱۹۷۹ء
- خافی خان : منتخب اللباب ۲/ ۱۱
- راشد مطیع اللہ : برہانپور کے سندھی اولیاء۔ طبع حیدرآباد سندھ ۲۶۳ - ۳۳۳
- عاقل خان رازی : ثمرات الحیات (ملفوظات شیخ برہان شطاری) طبع دکن

---

[1] ملکاپوری، عبدالجبار، محبوب ذی المنن ۱/ ۵۸

[2] بختاور خان : مراۃ العالم ۲/ ۴۰۷ - ۴۰۸

Marfat.com

اور جس طرح حضرت مجدد کی تحریرات میں اسلام کی زبوں حالی اور ضعفِ دین اور حفاظتِ دین کے لیے جس کرب اور بے چینی کی کیفیت پائی جاتی ہے اسی طرح حضرت خواجہ محمد معصوم بھی اپنے زمانے میں داراشکوہ کے زیرِ اثر خلافِ اسلام تحریکوں سے پوری طرح آگاہ تھے ایک مکتوب میں فرماتے ہیں :

اے عزیز اِن ایام میں معاملاتِ دین میں سُستی آگئی ہے، سُنت ترک ہو گئی ہے اور بدعت کو پھیلا دیا گیا ہے۔ اس لیے اس "ظلمانی وقت" میں دینی علوم کا حاصل اور نشر کرنا مہم کا درجہ رکھتا ہے اور احیائے سُنّتِ محمدیہ صلی اللہ علیہ وسلم سب سے بڑا مقصد ہے۔ (اس لیے تم) شرعی علوم کی تحصیل، اشاعت اور احیائے سنتِ مصطفویہ کے لیے کمر ہمت باندھ لو[1]..... الخ

ایک مکتوب میں تصوّف کی انتہائی معراج "کمال احکام شرعیہ" کو قرار دینے کے بعد امر فرماتے ہیں :

باید کہ کمرِ ہمت را در اتیان احکام شرعیہ چُست بر بندند..... واحیائے سنن متروکہ را از اہم امور دانند[2].....

ایک خط میں صوفیۂ متقدمین کے اقوال تحریر کرنے کے بعد لکھتے ہیں :

جو شخص مشیخت کی گدی پر بیٹھا ہو اور اس کا عمل موافق سنتِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نہیں ہے اور نہ وہ خود زیورِ شریعت سے آراستہ ہے، خبردار! خبردار اس سے دُور رہنا، بلکہ احتیاطاً اس شہر میں بھی نہ رہنا..... آدابِ نبوی کا خیال نہ رکھنے والوں اور سنن مصطفوی کے ترک کرنے والے کو ہرگز عارف خیال نہ کرنا..... مردِ حق دراصل وہ ہے جو مخلوق کے درمیان نشست و برخواست رکھے، بیوی بچے رکھتا ہو اور پھر ایک لحظہ خُدا سے غافل نہ رہے[3]۔

---

[1] محمد معصوم خواجہ: مکتوباتِ معصومیہ ۱/۱۷۸ [2] ایضاً ۱/۱۷۷ [3] ایضاً

Marfat.com

اورنگ زیب جب قندھار فتح کرنے کی مہم پر روانہ ہوا[1] تو آپ نے اسے ایک مکتوب کے ذریعہ جہاد کے فضائل سے آگاہ کرتے ہوئے فرمایا :

یہ حدیث ہے کہ اللہ کے لیے ایک ساعت کا جہاد شب قدر میں مکہ معظمہ میں حجرِ اسود کے نزدیک قیام سے افضل ہے[2]۔ (مع اسناد حدیث)

اور جہاد اصغر کے فضائل اور جہاد اکبر کی شرح بھی اس مکتوب میں آپ نے تحریر کی۔ حضرت خواجہ کے مکتوبات کے تین ضخیم دفاتر اسی قسم کے معارف سے بھرے ہوئے ہیں۔ اگر ترویج شریعت اور احیائے سنت کے سلسلہ کے اقتباسات جمع کیے جائیں تو پورا ایک دفتر تیار ہو سکتا ہے۔

حضرت خواجہ کے برادر بزرگ خواجہ محمد سعید کے مکاتیب بنام اورنگ زیب و دیگر افراد و امرا۔ میں بھی احیائے سنت پر خاص توجہ مرکوز کی گئی ہے[3]۔ ہماری معلومات کے مطابق حضرت مجدد الف ثانی قدس سرہ کے دو نواسے سفر و حضر میں اورنگ زیب کے ہمراہ رہتے تھے۔ ان میں سے حضرت خواجہ محی الدین کو حضرت خواجہ محمد سعید نے اپنے ایک تعارفی خط کے ذریعہ "شہزادۂ دیندار اورنگ زیب" کے پاس بھیجا کہ "اس تربیت یافتہ صاحبزادے کو محرم بارگاہ سلطنت بنالو"[4]۔ دوسرے نواسے خواجہ عبداللطیف کے بارے میں واضح نہیں ہے کہ انہوں نے اورنگ زیب کی مصاحبت کب اختیار کی تاہم اس کی تخت نشینی کے بعد ان کی ملازمت کا ذکر ملتا ہے[5]۔

---

[1] تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو مقدمہ ہذا

[2] محمد معصوم خواجہ : مکتوباتِ معصومیہ ۱/۶۴

حضرت خواجہ نے اپنے کئی مکاتیب میں اورنگ زیب کو اتباعِ سنّت اور ترویج شریعت کے لیے پر زور دلائل کے ساتھ آمادہ کرنے کی سعی کی ہے۔ بعض اقتباسات آئندہ اوراق میں نظر سے گزریں گے۔

[3] بعض اقتباسات اس سے پیشتر آپ ملاحظہ کر چکے ہیں۔

[4] محمد سعید خواجہ : مکتوباتِ سعیدیہ ۴۵/۱۰۱

[5] تفصیل آگے آ رہی ہے۔

Marfat.com

جنگ تخت نشینی سے پہلے اور سفر حج پر روانہ ہونے سے پیشتر حضرت خواجہ محمد معصومؒ نے اورنگ زیب کی استدعا پر شیخ سعدالدین بن حضرت خواجہ محمد سعید اور اپنے فرزند شیخ محمد اشرف کو اورنگ زیب کے ہمراہ رہنے کا حکم دیا تھا۔[1] حضرت مجددؒ کے یہ دونوں پوتے اور دونوں مذکورہ نواسے علوم ظاہری و باطنی سے آراستہ اور شریعت کے حد درجہ پابند تھے اورنگ زیب ان کی مصاحبت میں رہ کر مزید اتباع شرع کا خواستگار ہو گیا تھا۔

اورنگ زیب کی دینداری

اورنگ زیب کی ولادت ۱۵ ذی قعدہ ۱۰۲۷ھ/ ۲۴ اکتوبر ۱۶۱۸ء کو ہوئی۔ اس وقت کے جید علماؔ سے تحصیل علم کی۔ اس کے اساتذہ میں مولانا عبداللطیف سلطان پوری، میر محمد ہاشم گیلانی، ملاّ موہن بہاری، علاّمی سعداللہ خان، مولانا سید محمد قنوجی، ملاّ احمد جیون، دانشمند خان اور مولانا شیخ عبدالقوی[2] کے نام ملتے ہیں۔

اورنگ زیب نے بادشاہ بننے کے بعد ۱۰۷۲ھ/ ۱۶۶۲ء میں قرآن پاک حفظ کیا تھا۔[3] تحصیلِ علم کا سلسلہ تادمِ حیات جاری رہا لیکن کبھی دارا کی طرح فلسفہ ہنود سے دلچسپی کا اظہار نہیں کیا۔ اس نے اپنے آخری ایاّم حکومت کے دوران حضرت مجددالف ثانی کے پوتے مولانا محمد فرخ سرہندی سے بخاری شریف دوبارہ پڑھی تھی۔[4]

وہ فقہ حنفی سے خصوصی لگاؤ رکھتا تھا۔ حدیث و تفسیر کی کتابوں کے علاوہ کتبِ

---

[1] تفصیل جنگ تخت نشینی کے تحت اسی مقدمہ میں دیکھئے۔

[2] نجیب اشرف ندوی: مقدمہ رقعاتِ عالمگیر ۱۲۵-۱۲۸
اورنگ زیب کے اساتذہ یقیناً اس سے زیادہ تھے۔ ہم نے چند نام محض اس کے علمی تبحر اور متقیانہ زندگی کے ثبوت کے طور پر تحریر کئے ہیں۔

[3] ایضاً ۱۲۸ (حفظِ قرآن کی یہ سعادت مغل بادشاہوں میں سے صرف اسی کو حاصل تھی۔)

[4] صفر احمد: مقاماتِ معصومیہ قلمی ۴۷

Marfat.com

اخلاق و تصوّف میں سے تصانیف امام غزالی، خصوصاً احیاء علوم الدین اور کیمیائے سعادت کا اکثر مطالعہ کرتا رہتا تھا[1]۔ اور اپنے فرزندوں کو بھی امام غزالی کی کتابیں مطالعہ کے لیے بھیجا کرتا تھا اور ان کے نام کی بجائے "امام حجۃ الاسلام" کا لقب استعمال کرتا تھا[2]۔ اس کی تربیّت ہی ایسے ماحول میں ہوئی تھی کہ مذہبی رنگ میں رنگتا چلا گیا اور عین جنگ و جدل کے دوران بھی وہ نماز قضا کرنے کا تصوّر نہیں کرتا تھا۔ اس کی دین داری اور تقویٰ کے بارے میں تمام مورخین متفق ہیں جس میں اس کے مخالف مورخ ہندو تاریخ نویس بھی شامل ہیں۔ اس کی دین داری و تقویٰ کی سب سے بڑی شہادت یہ ہے کہ دربار شاہ جہانی میں دارا اور اس کے ہم مشرب اورنگ زیب کی مذہب سے انتہائی دلچسپی کا مذاق اڑایا کرتے تھے اور اس کے نام خطوط میں اس کی اس گرویدگی پر طعن و تشنیع کی جاتی تھی۔ اسے "نمازی، فقیر" اور ریاکار اور بہت سے ایسے خطابات سے یاد کیا جاتا تھا[3]۔

بے شک اس قسم کا استہزا اس وقت اورنگ زیب کے لیے بہت ہی تکلیف کا باعث تھا جس کا اس نے اپنے خطوط میں اظہار بھی کیا ہے لیکن آج اگر صرف ہم اورنگزیب کے حامی مورخین کے بیانات سے اس کی دینی زندگی کی جھلکیاں پیش کرتے تو جانبداری کا الزام عائد ہوتا۔ اس لیے یہ خطوط اس کے تقویٰ پر شاہد ہیں۔

مآثر عالمگیری کے مولف نے اورنگ زیب کی مذہبی زندگی کی جو تصویر کشی کی ہے، اس کا خلاصہ ملاحظہ ہو:

> حضرت خلد مکان اپنی فطری سعادت اندوزی کی وجہ سے مذہبی احکام و شعائر کے بے حد پابند تھے، حنفی المذہب سُنّی تھے، اسلامی فرائض خمسہ

---

[1] نجیب اشرف ندوی ۱۲۹

[2] ساقی مستعد خان: مآثر عالمگیری۔ کلکتہ ۳۹۷

[3] شاہ جہاں اور دارا کے خطوط کے اقتباسات کے لیے ملاحظہ ہو مقدمہ رقعات عالمگیر ۲۲۶، ۳۹۵-۳۹۶

Marfat.com

کی پابندی اور ان کے اجرا میں بے حد کوشاں رہتے تھے، حضرت ہمیشہ باوضو رہتے ..... نماز اوّل وقت مسجد میں جماعت کے ساتھ ادا کرتے ..... روزوں کے پابند تھے ..... قبلۂ عالم حق طلبی کے شیدائی تھے، معمول تھا کہ مسجد میں تمام رات اہل اللہ کے ساتھ سرگرم گفتگو و ذکر رہتے ..... رمضان میں مسجد میں اعتکاف کرتے ..... قبلۂ عالم نے ابتدائے سن تمیز سے تمام مکروہات و محرمات سے شدید پرہیز فرمایا ..... نغمہ و سرود سے نفرت تھی اور اسے حرام قرار دیا تھا ..... غیر مشروع لباس اور سونے چاندی کے برتنوں سے پرہیز کرتے ..... تمام ممالکِ محروسہ میں شرعی احکام جاری تھے، احتساب کا محکمہ نہایت فعال تھا ..... غرض کہ حضرت کے عہد میں دین متین کا آوازہ بلند ہوا، اور جس طرح ملک ہندوستان میں شریعت اسلامی کا کامل لحاظ رکھا گیا اس کی نظیر فرمان روایان سابق کے کارناموں میں قطعاً معدوم ہے۔[1]

اورنگ زیب نے محسوس کیا کہ سلطنت کے قیام کے استحکام کے بعد ایک عظیم الشان کتاب فقہ مرتب کی جائے جو اسلامی قانون کا کام دے سکے تو اس نے حنفی مذہب کے فقہی مسائل کی تدوین کے لیے اس وقت کے جیّد اور راسخ العقیدہ علماء کا ایک بورڈ قائم کیا جس کے تحت یہ اہم کام انجام کو پہنچا۔

دارا کی تصانیف اور اورنگ زیب کے اس بے مثال تالیفی کام یعنی ـــــ فتاویٰ عالمگیری کے تقابلی مطالعہ سے دونوں کے مقصدِ حیات اور مذہبی رجحانات میں جو خلیج حائل تھی اس کا بخوبی اندازہ ہو جاتا ہے۔

---

[1] ساقی، مستعد خان: مآثر عالمگیری (یہ ملخص ترجمہ بزم تیموریہ ۲۳۳-۲۳۶ سے ماخوذ ہے)

Marfat.com

جنگِ تخت نشینی میں راسخ العقیدہ علماؔ و مشائخ کا کردار

یوں تو ہندوستان میں اس سے پیشتر اور اس کے بعد بھی تخت نشینی کیلئے اَن گنت جنگیں ہوئی تھیں لیکن اس جنگ کی نوعیت سب سے مختلف تھی کیونکہ اس کی بنیاد مذہبی نظریات پر تھی۔ دارا اور اورنگ زیب کے جن مذہبی افکار و رجحانات کا ہم نے تفصیل سے ذکر کیا ہے۔ اس سے بخوبی اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ یہ جنگ دو بھائیوں کے درمیان ہی نہیں تھی بلکہ حق اور کفر کا معرکہ تھا، اصل جنگ تو راسخ العقیدہ اور آزاد مشرب صوفیہ کے افکار کا ٹکراؤ تھا، وحدتِ ادیان کی تحریکوں، بھگتی گیانیوں اور پابندِ شرع نقشبندیوں کے تصادم کا نام "جنگ تخت نشینی" تھا۔

عصرِ حاضر کے مورخین نے بھی اس حقیقت کو تسلیم کیا ہے ——— مشہور مورخ اور اورنگ زیب کے سوانح نگار لین پول جس کی تحقیق کے مطابق "اورنگ زیب کے تمام معاصر عیسائیوں نے اُسے ریاکار اور اپنے مقصد کے حصول کے لیے مذہب کو آڑ بنانے والا ثابت کیا ہے[1]۔" بھی یہ کہنے پر مجبور نظر آتا ہے کہ :

"اورنگ زیب نے بڑی جرأت کے ساتھ اکبر اور دارا کے نظریات کے خلاف ردِ عمل کے طور پر کام کیا۔"

اورنگزیب کے سوانح نویس ظہیر الدین فاروقی نے اس جنگ میں دونوں فریقوں کے حامیوں کا تجزیہ کرتے ہوئے لکھا ہے کہ ہندو اکبر جیسا بادشاہ چاہتے تھے لیکن مسلمان دوبارہ اس بدقسمتی کا شکار نہیں ہونا چاہتے تھے[2] :

---

[1] All contemporary christians. . .denounce him as a hyprocrite who used religion as a clock for ambition.

(Lane-Pole: Aurangzeb, Delhi, p. 60)

[2] Faruki: Aurangzeb and his Times, Lahore, 1977. p. 28

Marfat.com

ڈاکٹر اشتیاق حسین قریشی نے اپنی تالیفات میں اورنگ زیب اور دارا کے مذہبی رُجحانات کا کئی مقامات پر ذکر کیا ہے۔ ایک موقع پر ہندو راجاؤں کی حکمتِ عملی کا جائزہ لیتے ہوئے لکھا ہے کہ شاہ جہان کے عہد میں وہ دارا پر اعتماد کر سکتے تھے کیونکہ اس نے دوسرا اکبر بن کر دکھانے کے عزم کا اظہار کیا تھا[1] ——— حال ہی میں لندن یونیورسٹی نے ایم اے کا ایک مقالہ اس جنگ کے بارے میں لکھوایا ہے۔ مقالہ نگار ڈاکٹر افتخار احمد غوری نے تحقیق سے ثابت کیا ہے کہ اس جنگ میں سُنّی امرا، علماً اور مشائخ نے علانیہ اورنگ زیب کی حمایت کی تھی۔[2] اس لیے قدرتی طور پر اس کش مکش میں راسخ العقیدہ مسلمان علما و مشائخ کے علاوہ مسلم عوام کی نظریں بھی اورنگ زیب پر مرکوز ہو گئیں۔

خصُوصاً علما و مشائخ کے اس طبقہ نے جو اکبر جیسے مذہبی حالات کے پھر عود کرنے کے خدشہ کا اظہار کرتا رہتا تھا اس جنگ میں کھل کر اورنگ زیب کی حمایت کی۔ یہ سوچ غلط ہے کہ اس مذہبی کش مکش میں اورنگ زیب کو صرف سرہند کے چند نقشبندی بزرگوں کی ہی حمایت حاصل تھی بلکہ ہر سلسلہ کے صوفیہ و علماً نے اورنگ زیب کی حمایت عملی طور پر کی تھی۔

مشہور محدث اور مجمع بحار الانوار کے مولف کے پوتے قاضی عبدالوہاب نے بھی اورنگ زیب کی بھرپور حمایت کی تھی اور قاضی القضات کو شاہ جہان کے حین حیات اورنگ زیب کے نام کا خطبہ پڑھنے کے لیے قائل کر لیا تھا۔[3]

اورنگ زیب کو جب شاہ جہان کی بیماری کی اطلاع ملی تو اس نے کسی قسم کی جنگی کارروائی کرنے سے پہلے بُرہانپور میں پورا ماہ اس انتظار میں گزارا کہ شاید شاہجہان

---

[1] Qureshi, I. H. Ulama in Politics, p. 104.

[2] Ghauri, I. A. War of Succession, Lahore, 1964.

[3] Ishwardas Nagar: Futuhat-i-Alamgiri, Translated by Tasneem Ahmad, Dehli, 1978, p. 55.

Marfat.com

تندرست ہوکر سلطنت خود سنبھال لے۔ اس دوران وہ بُرہانپور میں کئی علماء و مشائخ سے ملا اور ان کی ہمدردیاں حاصل کیں۔ شیخ بُرہان الدین شطاری سے اورنگ زیب کی ملاقات کا حال ہم درج کر چکے ہیں۔ منوچی کے بیان کے مطابق اورنگ زیب کے اُستاد شیخ میر بھی اس جنگ میں بہ حیثیت سپاہی دارا کے خلاف لڑے تھے[1]۔ اسی طرح کئی علماء کی اولاد بھی اورنگزیب کی حمایت میں حتی الامکان کام کرتی رہی۔

لیکن سب سے زیادہ جس سلسلۂ سلوک کے بزرگوں کی اس جنگ میں اورنگ زیب کی کامیابی کے لیے کوششوں کا ذکر ملتا ہے وہ سلسلہ نقشبندیہ کے افراد ہیں۔ ہمارے خیال میں اسی حمایت کی وجہ سے داراشکوہ اس سلسلہ کے افراد کا مخالف ہوگیا تھا۔ روضۃ القیومیہ کے ایک اندراج سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ حضرت خواجہ محمد معصومؒ اور آپ کے سارے خانوادے کو تکلیف پہنچانے کے درپے بھی ہوا تھا۔ عین انہی ایّام میں جب کہ اس جنگ کے لیے فضا مکدر ہو رہی تھی، حضرت خواجہ ذی الحجہ ۱۰۶۷ھ/۱۶۵۷ء میں حج کے لیے روانہ ہو جاتے ہیں، دکن میں بھی کئی مقامات پر قیام فرمایا، بُرہانپور میں خصوصی قیام کا ذکر ملتا ہے[2]۔ اس دوران حضرات مجدّدیہ سے اورنگ زیب کی ملاقاتیں ہو چکی تھیں۔ اور ہمارے خیال کے مطابق حج کے لیے روانہ ہونے سے پیشتر حضرات کا برہانپور جانا مصلحت سے خالی نہیں تھا[3]۔ کیونکہ وہاں اورنگ زیب عرصہ سے مقیم اور جنگی تیاری میں مصروف تھا۔ اس کے وہاں ایک ماہ تک اسی سلسلہ میں قیام کا ذکر اس کے درباری مورخ

---

[1] Manucci, N: Travels through Mughal India, Translated by Irvine, Lahore, 1976. p. 64, 104.

(شیخ میر کے امیر لشکر مقرر ہونے کا ذکر روضۃ القیومیہ ۲/۱۱۲ میں بھی ہے)

[2] تفصیل کے لیے دیکھئے مقدمہ ہذا تحت "حضرات کا سفرِ حرمین"

[3] وحدت، عبدالاحد: لطائف المدینہ قلمی تفصیل کے لیے دیکھئے "حضرات کا سفرِ حرمین"

Marfat.com

محمد کاظم شیرازی نے بھی کیا ہے[1]۔ یوں بھی یہ شہر حضرت مجدّد الف ثانی اور حضرت خواجہ محمد معصوم کی توجہ کا مرکز رہا ہے اور وہاں بڑے بڑے نقشبندی حضرات مدفون و مقیم تھے اور یہیں اورنگ زیب نے حضرات کی موجودگی میں ہی دارا کے خلاف جنگ کا پورا پروگرام مرتب کر لیا تھا۔ ہمارا قیاس ہے کہ حالات چونکہ نقشبندی حضرات کے لیے نہایت ناموافق ہو گئے تھے اس لیے اورنگ زیب کے مشورہ پر حضرات نے یہ سفر مبارک اختیار کیا ہوگا۔ ورنہ جیسا کہ ہم حضرت خواجہ محمد سعید و خواجہ محمد معصوم کے حالات کے تحت لکھ آئے ہیں کہ ان ایّام میں حضرت مجدّد کے یہ دونوں صاحبزادے انتہائی بیمار تھے۔ اس لیے ایسی حالت میں یہ طویل سفر ان کے لیے بظاہر ممکن نہیں تھا، اس لیے ایک طرح سے ان کا یہ سفر ہجرت کے مترادف تھا[2]۔

حضرت مجدّد کے فرزند گرامی حضرت خواجہ محمد سعید سفر حج پر روانہ ہونے سے پیشتر اورنگ زیب کو بذریعہ خط اطلاع دیتے ہیں کہ ہم ۱۶ ربیع الاوّل کو سرونج پہنچیں گے اور حرمین الشریفین جا کر تمہاری سلامتی و کامیابی کے لیے دُعا کریں گے کہ تمہاری کامیابی دراصل "صلاح عام اور تقویتِ اسلام" کا باعث ہو سکتی ہے۔ فرماتے ہیں:

> روز سہ شنبہ شانزدہم شہر ربیع الاوّل بہ سرونج رسیدیم، امید است کہ بعد از وصول بآن اماکن شریفہ وظیفہ دعا سلامتی و مزید ابہت و اقبال آن عالی حضرت کہ متضمن صلاح عام و تقویت اسلام است[3]۔۔۔۔۔

---

[1] محمد کاظم شیرازی: عالمگیر نامہ ۴۸ (طبع کلکتہ)

[2] حسنات الحرمین کے یہ فقرات "جب حضرت خواجہ اس سفر پر روانہ ہو گئے تو "تقاتلِ عام بہ سبب اختلافِ سلطنت و تغیر و تبدل امور عظام روی نمود" (یہ اشارہ واضح طور پر شاہ جہان کے حین حیات دارا کا امور مملکت پر حاوی ہونے کی طرف ہے)

[3] محمد سعید، خواجہ: مکتوباتِ سعیدیہ ۸۴/۱۴۵

Marfat.com

اورنگ زیب کی استدعا پر حضرتِ خواجہ محمد معصوم نے اپنے بھتیجے شیخ سعد الدین بن حضرت خواجہ محمد سعید اور اپنے فرزند شیخ محمد اشرف کو سفر حرمین اختیار کرنے سے پہلے ہی اورنگ زیب کے پاس بھیج دیا تھا اور شیخ محمد اشرف کو اورنگ زیب کا رفیق کار بننے کا حکم دیا۔[1]

رخصت کے وقت اورنگ زیب بھی زیارت کے لیے حاضر ہوا تو آپ نے اُسے ہندوستان کی بادشاہت کی بشارت دی۔ اورنگ زیب نے دس جہاز اس سفر کے لیے پیش کیے۔[2] روضۃ القیومیہ ہی کی روایت کے مطابق یہی شیخ محمد اشرف میدان جنگ میں بھی اورنگ زیب کے ہمراہ اور فتح و نصرت کے لیے دُعا میں مصروف بتائے گئے ہیں۔[3] شیخ سعد الدین مذکور تو حق و باطل کی جنگ میں ہمہ وقت اورنگ زیب کے ساتھ میدان میں ہی مصروف نظر آتے ہیں۔[4]

جیسا کہ ہم وضاحت کر چکے ہیں دارا شکوہ اپنے ابتدائی دَور میں سلسلۂ قادریہ میں بیعت ہوا تھا اور پھر جب اس کا دل اس تصوفِ اسلامی سے اچاٹ ہو کر فلسفۂ ہنود کی طرف راغب ہوا تو اس نے اپنے نام کے ساتھ نسبت "حنفی و قادری" لکھنا ترک کر دی تھی گویا وہ اس سلسلۂ عالیہ سے خارج ہو چکا تھا اور اب وہ جن افکار کا مالک تھا، تصوفِ اسلامی کے کسی سلسلہ میں ان کی گنجائش نکلنا ممکن نہیں تھی۔ حضرت خواجہ محمد معصوم قدس سرہ

---

[1] کمال الدین محمد احسان : روضۃ القیومیہ ۹۱/۲
(جنگ کے خاتمہ اور اورنگ زیب کی کامیابی کے بعد ان کے حرمین الشریفین پہنچنے کا ذکر بھی ملتا ہے۔ ایضاً ۹۱/۲)

[2] ایضاً (حضرت خواجہ کے نواسے میر صفر احمد نے مقاماتِ معصومیہ (قلمی ۳۵۳) میں اس بشارت کا تفصیلی ذکر کیا ہے کہ آپ نے اورنگ زیب کی تسلی کے لیے اسے تحریری بشارت دی تھی۔ جس سے روضۃ القیومیہ کے مذکورہ بالا بیان کی تصدیق ہو جاتی ہے)

[3] ایضاً ۱۰۷/۲ [4] ایضاً ۱۱۰/۲-۱۱۱

Marfat.com

بھی اس حقیقت سے بخوبی واقف تھے اس لیے حج کے لیے روانہ ہونے کے دوران ہی آپ نے اپنے فرزند کلاں حضرت خواجہ صبغت اللہ کو بغداد روانہ کیا کہ روضۂ مبارک حضرت غوث الثقلینؒ پر حاضر ہو کر عرض کرو کہ دارا شکوہ کی حمایت ترک فرما دیں، چنانچہ صاحبزادۂ بزرگ بغداد میں حاضر ہوئے تو حضرت غوثِ اعظم نے ان کی یہ استدعا منظور فرمالی۔ قریب العہد ماخذ معدن الجواہر اور زبدۃ المقامات وحضرات القدس کی طرح معتبر تذکرہ عمدۃ المقامات میں اس واقعہ کی تفصیلات درج ہیں[1]۔

اس کے بعد حضرت خواجہ مع اعزہ وخلفا حرمین الشریفین کے لیے روانہ ہو جاتے ہیں اور پھر اس جنگ کی کش مکش اور تیز ہو جاتی ہے۔ اورنگ زیب کے لیے علما و صوفیہ کی دعائیں بدستور جاری رہتی ہیں۔

جب شاہ جہاں شدید بیمار ہوا تو امور سلطنت بالکلیہ دارا نے اپنے ہاتھ میں لے لیے تو جانشینی کے لیے انتخاب کی کش مکش بھی خاصی بے چینی کی کیفیت اختیار کر جاتی ہے ان ایام میں حضرت مجدد الف ثانی کے خلیفہ بزرگ حضرت شیخ آدم بنوڑی جو اس جنگ سے پندرہ سال پہلے (۱۰۵۳ھ/۱۶۴۳ء) حرمین میں وصال فرما گئے تھے۔ عالم رویا میں بامرِ حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے خلفاء پر ظاہر ہوئے اور اس جنگ میں انہیں اورنگ زیب کی حمایت کرنے کا حکم دیا۔ معاصر ماخذ نتائج الحرمین میں ہے:

"چوں شاہ جہان عنانِ سلطنت خود را در دست دارا شکوہ پسر کلان خود داد، او قابلیت این امر نداشت، حضرت سیّدنا و مولانا (شیخ آدم) قدس سرہ بامر حضرت افضل مخلوقات علیہ وعلیٰ آلہ الصلوٰت والتسلیمات، بر خلفائے خود ظہور نمودہ فرمودند اورنگ زیب را در حمایت دارید[2]۔"

---

[1] محمد فضل اللہ مجددی: عمدۃ المقامات۔ طبع ٹنڈو سائیں داد۔ سندھ ۳۱۸-۳۱۹

[2] محمد امین بدخشی: نتائج الحرمین۔ خطی نسخہ، کتب خانہ انڈیا آفس۔ ورق ۲۰۲-۱

Marfat.com

اور خاص طور پر آپ نے اپنے ایک خلیفہ کو حکم دیا کہ میدان جنگ میں اورنگ زیب کے ساتھ جاکر شریکِ معرکہ ہو جاؤ:

امر کردند کہ در جنگ با اورنگ زیب ہمراہ باشید حضرت ایشان بر فیل اورنگ زیب ہمراہ بودند تو پخانہ، داراشکوہ را مہر کردند[1]....

جنگ تخت نشینی کے ایام میں اورنگ زیب کا ایک حامی امیر، نواب قطب الدین خان[2] حضرت شیخ آدم بنوڑی کے خلیفہ شیخ عبدالخالق قصوری کی خدمت میں حاضر ہوا اور اورنگزیب کی کامیابی کے لیے دُعا کی درخواست کی۔ چنانچہ انہوں نے اس کی کامیابی کے لیے دُعا کی۔ فتح مندی کے بعد ان سے کہا گیا کہ بطور امداد کچھ قبول کریں تو انہوں نے یہ کہتے ہوئے ردّ کر دیا کہ:

"قطب خان..... آمد و گفت کہ مراد ما حاصل شد یک دہ نذرِ شما کردہ ام ایشان قبول نہ کردہ و گفتند ما برائے خدائے تعالیٰ مدد کردہ ایم نہ برائے طمعِ دنیا"[3]

قادریہ سلسلہ کے کئی متقی بزرگ بھی اورنگ زیب کی حمایت پر کمربستہ ہو گئے تھے چنانچہ سید شیر محمد قادری بُرہانپوری اورنگ زیب کے زمانہ شہزادگی سے اس پر نظرِ عنایت فرماتے اور اُسے اپنی خلوت میں بھی آنے کی اجازت دیتے تھے اور بعض دفعہ سفر کے دوران بھی وہ اورنگ زیب کے ہمرکاب رہے۔ انہوں نے بھی اس جنگ میں اورنگ زیب کی کامیابی کے لیے دُعا کی تھی۔[4]

---

[1] ایضاً ورق ۲۰۲-ا

[2] نواب قطب الدین خان خویشگی بن نظر بہادر خویشگی قصوری نے اس جنگ میں اعلانیہ اورنگزیب کی حمایت کی تھی۔ تفصیلی حالات کے لیے ملاحظہ ہو:
صمصام الدولہ شاہنواز خان: مآثر الامراء ۳/۸۷-۹۶

[3] محمد امین بدخشی: نتائج الحرمین۔ قلمی نسخہ۔ ا، جلد سوم ۱۷۹

[4] بختاور خان: مراۃ العالم طبع لاہور ۲/۴۰۹

Marfat.com

تخت نشینی کی اس نظریاتی جنگ میں صرف علماء و صوفیہ ہی اورنگ زیب کے حامی نہیں تھے بلکہ راسخ العقیدہ سنی امراء جو سلطنت مغلیہ کے طول و عرض میں پھیلے ہوئے تھے، دل و جان سے اورنگ زیب کے حامی بن گئے۔[1] اس جنگ میں اورنگ زیب کی کامیابی کے لیے حرمین الشریفین میں بھی علماء و مشائخ نے دُعائیں کی تھیں جو اس امر کا واضح ثبوت ہے کہ ہندوستان سے باہر بھی دیندار طبقے اس "شہزادۂ دین پناہ" کے طرف دار تھے۔

حسنات الحرمین اور اس سلسلہ کی دوسری معتبر کتابوں میں حضرت خواجہ محمد معصومؒ کا یہ مکاشفہ اور کرامت بھی درج ہے کہ جب حضرتِ خواجہ سفر حرمین الشریفین کے لیے روانہ ہوئے تو دارا کی اسلام دشمنی، سلسلہ نقشبندیہ سے عداوت اور دیگر سیاسی امور کے بارے میں خاصے متردد تھے، اس لیے مدینہ منورہ سے ہندوستان کے لیے روانہ ہونے سے پیشتر بھی روضۂ پاک حضرت رسولِ خُدا صلی اللہ علیہ وسلم پر حاضری کے وقت یہی خیال آیا —— واقعہ یوں ہے۔

جب حضرتِ خواجہ مواجہۂ کریمہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر حاضر ہوئے کہ واپسی کے سلسلہ میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی مرضیٔ مبارک معلوم کریں، تو انہیں واپس

---

[1] بعض محققین نے بڑی محنت سے تخت نشینی کی جنگ میں جانشینی کے اُمیدواروں کے حامی امراء کی فہرستیں چارٹوں کے ذریعہ بنا کر وضاحت کرنے کی کوشش کی ہے۔ اطہر علی نے اپنے پی ایچ ڈی کے مقالہ میں چاروں بھائیوں کے حامی امرا کا چارٹ مرتب کیا ہے ملاحظہ ہو:

Athar Ali: The Mughal Nobility under Aurangzeb, Aligarh, 1970, p. 96.

اسی طرح ڈاکٹر افتخار احمد غوری نے بھی دو الگ الگ چارٹوں کے ذریعہ سمجھانے کی کوشش کی ہے دیکھئے کتاب مذکور ۸۸، ۹۶

ان مرتبہ خاکوں کی مدد سے بآسانی معلوم ہو جاتا ہے کہ درجہ اوّل کے تمام سنی امراء (بڑے عہدہ دار) اورنگزیب کے حامی تھے۔

Marfat.com

جانے کا واضح اشارہ ہوا تو ان کے دل میں داراشکوہ کی شریعت دشمنی اور اس سلسلہ سے اس کی عداوت و انتقامی جذبات کے بارے میں گمان گزرا تو حضرت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وسلم ظاہر ہوئے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے دستِ مبارک میں ننگی تلوار تھی۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے دارا کے قتل کا اشارہ فرمایا تو حضرت خواجہ سمجھ گئے کہ حضرت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے طفیل یہ دشمنِ اسلام قتل ہو چکا ہے[1]۔

حسنات الحرمین کے مولف نے اپنے ایک مکتوب بنام مخدوم زادہ خواجہ محمد پارسا مجدّدی، یہ واقعہ دردانگیز عربی الفاظ میں تحریر کیا ہے[2]۔ اسی نوعیت کا مکاشفہ حضرت خواجہ محمد سعید کے مکاشفاتِ حرمین میں بھی مذکورہ ہے[3]۔ اور اس سلسلہ کی دیگر معتبر کتب میں بھی اس کی تفصیلات ملتی ہیں[4]۔ اور دارا کے قتل کو حضرت خواجہ کی کرامت کے ساتھ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا معجزہ بھی قرار دیا ہے:

"فانہ کرامتہ لہ و معجزۃ للنبی علیہ الصلوٰۃ والسلام"

اس بشارت کے ملتے ہی حضرتِ خواجہ اپنے اعزہ سمیت واپس ہندوستان تشریف لے آئے۔ اس جنگ کے واقعات[5] بیان کرنا ہمارا مقصود نہیں ہے ہم نے

---

[1] مروج الشریعت: حسنات الحرمین (کتاب حاضر) آخری فصل

[2] ایضاً: خزینۃ المعارف ۱۴۱/۱۵۶

[3] وحدت، عبدالاحد: لطائف المدینہ۔ قلمی۔ ورق ۲۴-۱، ب

[4] ملاحظہ ہو:
محمد امین بدخشی: نتائج الحرمین۔ قلمی۔ نسخہ ا، ورق ۲۷۵-۱، ب
ایضاً: مقامات احمدیہ و ملفوظات معصومیہ۔ (اردو ترجمہ طبع لاہور میں اس واقعہ کا ترجمہ بالکل غلط ہو کر رہ گیا ہے)
صفر احمد: مقامات معصومیہ۔ قلمی ۳۵۴
کمال الدین محمد احسان: روضۃ القیومیہ ۱۰۴/۲

[5] یہ حاشیہ اگلے صفحہ پر ملاحظہ کریں۔ ←

Marfat.com

صرف اس کے مذہبی پہلو پر ہی بحث کی ہے۔ اس سے بخوبی اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ کس طرح ہندوستان کے سارے دیندار طبقات اور خصوصاً حضرت مجدّد الف ثانی قدس سرہٗ کے جانشین و خلفاؔ نے اورنگ زیب کی حمایت کی۔

جب حضراتِ سرہند واپس ہندوستان پہنچے تو دارا شکوہ کو شکست ہو چکی تھی، چونکہ حضرات مخدوم زادگان بے چینی سے اس فتح و نصرت حق کی خوش خبری سننے کے منتظر تھے[1] اس لیے اورنگ زیب نے دارا پر قابو پاتے ہی جب اس کا تعاقب شروع کیا تو اس کی اطلاع کے لیے اس نے نہایت ہی مسرت کے ساتھ جو خط حضرات کو لکھا تھا وہ ہم نے دریافت کر لیا ہے۔ جس کا متن مع عکس یہاں دیا جا رہا ہے :

فرمان عالی شاہ بادشاہ عالمگیر بعد از منہزم شدن دارا شکوہ ـــــ کہ بشیخ محمد سعید و شیخ محمد معصوم نوشتہ۔ نحمدہ و نصلی از جانب این نیاز مند ترین خلائق بدرگاہ حضرت واہب العطیات بہ حقائق معارف آگاہ فضائل و کمالات دستگاہ شیخ محمد سعید سلامِ عافیت انجام برسد۔ آنچہ از مجد و نصرت یافتن آن لشکرِ اسلام بر اعداء دین بظہور آمدہ بہ سمع شریف رسیدہ باشد ؎

از دست زبان کہ برآمد
کز عہدہ شکرش بدر آمد

---

[1] اس جنگ کے مفصل واقعات عصر حاضر کے محققین نے معاصر مآخذ کی بنیادوں پر اپنی کتابوں میں درج کئے ہیں ملاحظہ ہو :

نجیب اشرف ندوی : مقدمہ رقعاتِ عالمگیر ۳۳۴-۴۸۷

Ghauri: War of Succession between the sons of Shah Jihan, Lahore, 1964.

Sarkar, J. N: History of Aurangzeb, Vol: I, pp. 265 612.

[1] صاحبزادگان کے مکاتیب بنام اورنگ زیب میں اس خواہش کا اظہار کیا گیا ہے۔

Marfat.com



۹۔ اورنگ زیب کا ایک غیر مطبوعہ خط جو اس نے داراشکوہ کو شکست دینے کے بعد خوشخبری کے طور پر حضرت خواجہ محمد سعید اور خواجہ محمد معصوم سرہندیؒ کے نام سرہند ارسال کیا (خط کے متن کے لیے دیکھیے مقدمہ ہذا صفحہ ۱۳۱) ماخوذ از قلمی نسخہ مکتوباتِ حضرتِ مجدّد (آخری ورق) مخزونہ کتابخانۂ گنج بخش۔ راولپنڈی۔ پاکستان۔ نمبر ۱۴۲۹۔ بتحقیق محمد اقبال مجددی

Marfat.com

کہ چوں ظلمتِ شب بہ میان جان آن سیہ روی در آمد نیم جان بہ ہزار نکبت از معرکہ بیروں برد لشکر گرانی بہ تعاقبت آں بے عاقبت تعین گشتہ امیداز فضل بخشندہ بے منت آنست کہ بہ زودی اسیر گردد، توقع کہ ایں خیر خواہ عباداللہ را بدُعا سلامت دارین وخیریت نشاتین در مظانّ اجابت یادمی نمودہ باشند۔ والسلام و بہ غضبت پناہ شیخ محمد معصوم و شیخ محمد یحییٰ اسلام عافیت انجام رسد، والسلام والاکرام۔[1]"

چنانچہ اورنگ زیب دارا شکوہ کو گرفتار کرنے میں کامیاب ہوگیا۔ ان دنوں شاہ جہاں بقید حیات تھا اس لیے اورنگ زیب نے شاہ جہان کو خط لکھا کہ چونکہ اس افتاد کی ذمہ داری شاہ جہان کی دارا سے کورانہ محبّت تھی، اس لیے اس حقیقتِ حال کا اظہار بھی کیا گیا :

خدانخواستہ اگر بہ حمایت آنحضرت اندیشۂ آن بدکیش از قوت بہ فعل می آمد و عالم از ظلمتِ کفر و عدوان تاریک گشتہ کار شرع شریف از رونق می افتاد، روز جزا از عہدۂ جواب برآمدن بغایت صعب و دشوار باشد۔[2] ..... الخ

(ترجمہ) خدانخواستہ اگر آپ (شاہ جہان) کی حمایت سے وہ بدکیش کامیاب ہوجاتا تو سارا عالم کفر کی ظلمت اور ظلم و ستم سے تاریک ہوجاتا، شرع شریف سے رونق جاتی رہتی، اور قیامت کے دن آپ سے اس کا جواب دینا بہت ہی دشوار ہوجاتا۔

---

[1] اورنگ زیب کا یہ خط کتب خانہ گنج بخش مرکز تحقیقاتِ فارسی ایران و پاکستان (راولپنڈی، پاکستان) کے ایک قلمی مجموعہ رسائل نمبر ۱۴۲۹ میں شامل مکتوبات حضرت مجدد الف ثانی کے آخری ورق ۱۲۱ پر منقول ہے جو تا حال ہمیں اورنگ زیب کے خطوط کے مطبوعہ مجموعوں میں نہیں مل سکا۔ ہمارے خیال میں حضرت خواجہ محمد سعید کا مکتوب نمبر ۴۰ بنام اورنگ زیب، اس کے اسی خط کا جواب ہے۔

[2] نجیب اشرف ندوی (مرتب)، رقعاتِ عالمگیر ۲۱۲

Marfat.com

اس لیے گرفتار کرنے کے بعد اس فتنہ پرور کو اورنگ زیب نے ۱۰۶۹ھ/۱۶۵۹ء میں قتل کروا دیا۔[1] نیز اورنگ زیب نے داراشکوہ کے حامیوں، شرعِ اسلامی سے بیزاری کا اظہار کرنے والوں اور دارا کے سہارے غیر اسلامی تحریکوں کو چلانے والوں کے خلاف باقاعدہ کارروائی کی۔

اورنگ زیب نے دارا کے سب سے بڑے حامی ملاشاہ بدخشی کو دربار میں حاضر ہونے کا حکم دیا۔ وہ کشمیر سے نکلنا نہیں چاہتے تھے لیکن کشمیر کے گورنر نے انہیں زبردستی روانہ کیا تو انہوں نے راستے میں ہی اورنگ زیب کی تخت نشینی پر مبارک باد کی یہ رباعی لکھ کر دربار میں روانہ کر دی ؎

صبحی دل من چوں گل خورشید شگفت　　حق ظاہر شد، غبارِ باطل رفت
تاریخِ جلوسِ شاہِ اورنگ مرا　　ظل الحق گفت این را حق گفت[2]

کس قدر افسوس کی بات ہے کہ ملاشاہ بدخشی جو ساری زندگی داراشکوہ کو تحریری طور پر "بادشاہِ ظاہر و باطن" کہتے رہے اور اپنے خطوط میں اُسے :

خوشوقتا، محظوظا، محفوظا، کامیابا، آفتابا، جہانتابا، حل مشکلا، صاحبدلا، عاقلا، کاملا[3] ..... الخ

لکھتے رہے، اب اس کارروائی سے ان کی درویشی و فقیری کو کیا ہوا تھا کہ انہوں نے

---

[1] دارا کے قتل کے مفصل واقعات اور معاصر شہادتوں کے علاوہ یورپین سیاحوں کے بے ہنگم بیانات اور اس قتل کو علماء کی ذمہ داری کے الزام کی تردید کے لیے ملاحظہ ہو :
نجیب اشرف ندوی : مقدمہ رقعات عالمگیر ۴۸۱ - ۴۸۵
Ghauri: War of Succession, pp 157–159.

[2] ملاشاہ کی یہ رُباعی معاصر تذکرہ شعرا مراۃ الخیال میں درج ہے ۱۴۴

[3] ملاشاہ کے مکتوبات کا قلمی نسخہ کتب خانہ دانش گاہ پنجاب لاہور میں موجود ہے جس میں کئی خطوط داراشکوہ کے نام ہیں جن میں یہ القاب درج کیے گئے ہیں۔ (پاکستان میں فارسی ادب ۲/۱۶۱)

Marfat.com

اس رباعی میں داراکو "غبارِ باطل" کہہ دیا اور اورنگ زیب کو "ظل الحق" کیا وہ ساری زندگی اسی "غبار باطل" کو ظاہری و باطنی بشارتیں دیتے رہے؟

بعض تذکرہ نویسوں نے ملّا شاہ کی اسی رُباعی کو دوسرے معنے پہنانے کی کوشش کی ہے، لیکن خوش قسمتی سے ملا شاہ کے رقعات میں ان کا ایک خط اورنگ زیب کے نام بھی مل گیا ہے جس میں انہوں نے اورنگ زیب کو تخت نشینی کی نہ صرف مبارک باد دی ہے بلکہ اسے دُعا دیتے ہوئے لکھا ہے:

دولتِ دیدار نصیب ..... حق سبحانہ وتعالیٰ آن برگزیدۂ خالق وخلائق را برطبق مراد الی یوم المیعاد داراد۔ آمین! بسیار بسیار بیش از بیش ایں درویش خیر اندیش بجہت جلوس ذات راس الرؤس در احسن اوقات..
..... ظلِ آن ظل الحق ممدود الی الموعود۔[1]

لیکن اورنگ زیب نے ان سے مواخذہ ومحاسبہ نہیں کیا بلکہ انہیں لاہور میں قیام کا حکم دیا۔[2] جہاں وہ اپنی وفات ۱۰۷۲ھ/ ۱۶۶۲ء تک مقیم رہے اور وہیں اپنے مرشد حضرت میاں میرؒ کے قریب دفن ہوئے۔

ان کے علاوہ بھی دیگر مصاحبین دارا کے خلاف کارروائی کی گئی، مثلاً چندر بھان برہمن اور محسن فانی کشمیری وغیرہ لیکن ان میں سے سرمد کے سوا باقی تمام نے مصلحت کو ترجیح دی اور اورنگ زیب کی ملازمت میں داخل رہے۔ سرمد کو دربار میں طلب کیا گیا اس کے خلافِ شرع عقائد پر گرفت ہوئی، اس نے انہیں تسلیم کر لیا اور قتل کر دیا گیا۔[3]

شاہ محب اللہ الہ آبادی کا انتقال تو عہد شاہ جہان میں ہی ہو چکا تھا لیکن ان کے

---

[1] ایضاً ۲/ ۱۶۱-۱۶۲

[2] شیر خان لودھی: مرآۃ الخیال ۱۴۵

[3] ان کارروائیوں کے واقعات معاصر کتب تاریخ میں مفصل درج ہوئے ہیں۔

Marfat.com

افکار پر جیسا کہ ہم تفصیل سے لکھ چکے ہیں ان کی زندگی میں بھی شورش برپا ہوئی اور ان کی وفات کے بعد اورنگ زیب نے ان کے رسالہ تسویہ کو جلانے کا جو حکم دیا تھا ہم اس طرف اشارہ کر چکے ہیں۔

اسی طرح قادری سلسلہ کے عظیم بزرگ اور مصنف حضرت سلطان باہوؒ نے بھی اپنی تصانیف میں جس شاندار طریقے پر اورنگ زیب کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ اور اپنی کتابوں میں اس کے لیے جو طویل القاب لکھے ہیں[1] وہ کسی طرح بھی اُن القاب سے کم نہیں ہیں جو مجددی حضرات نے اس کے لیے استعمال کیے تھے۔ قادری شطاری سلسلہ کے ایک اور بزرگ مصنف شیخ محمد اشرف بن محمد مرید شاہدری لاہوری نے عہد عالمگیر میں اہلِ تشیع کے خلاف ایک معرکۃ الآرا کتاب تحفۃ الحسینی[2] کے نام سے لکھی تو اس کے آغاز میں اورنگ زیب کے لیے تقریباً ایک ورق کے بقدر القاب تحریر کئے۔

ایسی بہت سی مثالیں دی جا سکتی ہیں لیکن قادری سلسلہ کے ان دو عظیم بزرگوں اور سید شیر محمد قادری جن کا ہم نے پہلے ذکر کیا کی مثالوں سے روز روشن کی طرح واضح ہو جاتا ہے کہ دارا شکوہ کا سلسلہ قادریہ سے کوئی تعلق نہیں رہا تھا۔

مشہور عالم دین اور شیخ طریقت حضرت خواجہ خاوند محمود لاہوری کے فرزند خواجہ معین الدین کشمیری[3] جو بیس سال سے ہندوستان میں پیدا شدہ بدعات کی وجہ سے پریشان تھے جب اورنگ زیب کا دور آیا تو انہوں نے شکر خداوندی کے اظہار کے طور پر کلام پاک کی ایک تفسیر لکھی اس کے دیباچہ میں لکھتے ہیں:

---

[1] سلطان باہو: کلید التوحید۔ قلمی مخزونہ کتب خانہ مرکز تحقیقاتِ فارسی ایران و پاکستان۔ راولپنڈی

[2] محمد اشرف شطاری لاہوری: تحفۃ الحسینی۔ خطی نسخہ۔ نیشنل میوزیم۔ کراچی

[3] مولانا خواجہ معین کشمیری کئی اہم اور قابل توجہ کتابوں کے مصنف تھے۔ حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی سے تلمذ تھا۔ حالات کے لیے ملاحظہ ہو حدیقۃ الاولیا طبع لاہور ۱۲۴-۱۲۶

Marfat.com

"میں عرصہ دراز سے ان "بدعات و ہوا" کی وجہ سے پریشان تھا جو اس ملک میں رائج ہیں، بیس سال کے بعد عالمگیر کا دَور آیا اور مجھے اور اہل ملک کو اطمینان حاصل ہوا تو بطور تشکر یہ میں نے یہ تفسیر لکھی اور بادشاہ (اورنگ زیب) کے حضور میں پیش کی..... شاہ اورنگ زیب عادلے عالمگیر" تاریخ تالیف ہے[1]۔

اسی طرح حضرت خواجہ خاوند محمود لاہوری کے ایک اور فرزند خواجہ احمد نے بھی اورنگ زیب کو مبارکباد کا خط لکھا[2]۔

اورنگ زیب کے نقشبندی مشائخ سے روابط

یوں تو اورنگ زیب کے تقریباً ہر سلسلۂ تصوّف کے صوفیہ سے روابط کا سراغ ملتا ہے لیکن سلسلہ نقشبندیہ مجددیہ کے مشائخ سے اس کے گہرے تعلقات کے ہمارے پاس ٹھوس ثبوت موجود ہیں، داراشکوہ کی آزاد مشربی کے باعث صوفیہ میں شرعی قیود سے جو آزادی کا رجحان پیدا ہو گیا تھا اورنگ زیب اُسے ختم کرنے کے لیے ہمہ تن مصروف رہا اور مہمات کے سلسلہ میں آتے جاتے اُسے جہاں کہیں کسی آزاد مشرب صوفی کے بارے میں پتہ چلتا تھا وہ فوراً اُسے حاضر ہونے کا حکم دیتا تھا۔ تحفۃ السالکین ایک ہم عصر کتاب ہے جو حضرت شیخ آدم بنوڑی کے خلیفہ حضرت حاجی بہادر کوہاٹی کے حالات پر مشتمل ہے اس کتاب میں ان جنید علما کی ایک فہرست موجود ہے جو ان مہمات کے دوران اس کے

---

[1] معین خاوندی کشمیری : زبدۃ التفاسیر۔ قلمی مخزونہ کتب خانہ سعیدیہ ٹونک (ہندوستان) بحوالہ قاضی محمد عمران : معین بن محمود کشمیری اور ان کی تصانیف۔ مقالہ مشمولہ معارف اعظم گڑھ۔ مارچ ۱۹۶۷ء ۲۳۰

[2] محمد کاظم شیرازی : عالمگیر نامہ ۶۲۹

Marfat.com

ہمراہ رہتے تھے۔ان میں مشہور فقیہہ مولانا نور محمد مدقق لاہوری کا نام بھی ملتا ہے۔اس احتسابی مہم کے بڑے مثبت نتائج برآمد ہوئے۔

یہاں نہ تو اورنگ زیب کی مذہبی پالیسی سے بحث کرنے کا موقع ہے اور نہ ہی تمام سلاسلِ تصوّف کے صوفیہ کے اورنگ زیب سے تعلقات کی تفصیلات بیان کی جاسکتی ہیں البتہ کتاب حاضر (حسنات الحرمین) کی مناسبت سے فقط "مجددی حضرات" کے روابط کا نہایت مختصر سا خاکہ پیش کیا جارہا ہے :

پاک و ہند کے نقشبندی مشائخ نے سیاسی معاملات اور سلاطین سے میل جول کے سلسلہ میں اپنے متقدمین مشائخ کے طریق کار کو اپنائے رکھا۔[1] حضرت مجدّد الف ثانی سیاسی امور کے سلسلہ میں حضرت خواجہ عبیداللہ احرار کے اقوال نقل کرتے ہیں اور آپ کا اس معاملہ میں نقطۂ نظر یہ ہے :

"بادشاہ کا صالح ہونا دُنیا کا صالح ہونا ہے اور بادشاہ کا مفسد ہونا دُنیا کو فساد میں مبتلا کرنا ہے۔"

لیکن بلاضرورت بادشاہ سے ربط رکھنے سے منع فرمایا۔آپ نے اپنے فرزند گرامی خواجہ محمد معصومؒ کو نصیحت فرمائی تھی کہ بادشاہ کی صحبت اختیار نہ کرنا۔ اورنگ زیب جس کے ساتھ اس کے زمانۂ شہزادگی سے آپ کے بہت اچھے روابط تھے اور اس نے بارہا خواہش کی تھی کہ حضرت خواجہ اس کی صحبت اختیار فرمالیں لیکن آپ نے اسے قبول نہ فرمایا۔

---

[1] نقشبندی حضرات کے سیاسی امور کی تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو :

احمد طاہری عراقی : رسالۂ قدسیہ (تالیف خواجہ محمد پارسا) مقدمہ ۱۰-۲۷

Nizami, K. A: Naqshbandi Influence on Mughal Rulers and Politics, Islamic Culture, Vol 39 (No. 1) January, 1965.

Marfat.com

صرف اصلاحِ احوال و ترویج شریعت کی تلقین کے لیے اُسے شرفِ ملاقات بخشتے رہے[1]۔ حضرت مجدد کے اس طریقِ کار سے حضرت خواجہ نے اپنے فرزندان گرامی کو بھی آگاہ فرماتے ہوئے اپنے فرزندِ بزرگ خواجہ صبغۃ اللہ کو اس سلسلہ میں وصیت فرمائی :

"صحبتِ سلاطین "بے ضرورتِ کلی" اختیار نخواہد نمود[2]۔"

حضرتِ خواجہ نے اپنے فرزندِ پنجم خواجہ سیف الدین کو اورنگزیب کی استدعا پر دربار میں بھیج دیا تھا اور وہ محل کے جوار میں رہتے تھے ان کی بھی بادشاہوں سے روابط کے معاملہ میں یہی پالیسی تھی، فرماتے ہیں کہ نیتِ حسنہ سے دفع بدعت اور ترویجِ سنت" کے لیے بادشاہ سے ملنا بہتر ہے :

"بہ نیتِ ارتفاع بدعت و ترویج سنت می تواں سلطان را دید الخیر فیما صنع اللہ سبحانہ[3]۔"

جس طرح حضرت مجدد الف ثانی قدس سرہ نے رہائی کے بعد "اصلاح بادشاہ، دفع بدعت اور ترویجِ سنت" کے لیے احکام جاری کروانے کے لیے جہانگیر کے ساتھ

---

[1] محمد امین بدخشی : نتائج الحرمین۔ نسخہ ا، ورق ۲۶۴ - ب
(پروفیسر حبیب سکول آف تھوٹ کے سلسلۂ نقشبندیہ کی سیاسی سرگرمیوں کے بارے میں آرا۔ تو ڈاکٹر اطہر عباس رضوی کی تالیفات کے ذریعہ ہم تک پہنچ چکی تھیں، حال ہی میں ان کے زیرِ اثر منتخب اللباب کے حصۂ عہد اورنگ زیب کے انگریزی ترجمے پر پی ایچ ڈی دی گئی ہے جس کے مقدمہ میں تحریر ہے کہ حضرت خواجہ محمد معصوم، اورنگ زیب کے دربار میں رہتے تھے اور اس سے مدد معاش لے کر اس کے حق میں پروپیگنڈہ جاری رکھا" (xxix) یہ مسلمہ حقیقت ہے کہ حضرت خواجہ نے کبھی بھی دربار میں قیام نہیں فرمایا۔ کیا پی ایچ ڈی کے مقالہ کے لیے مقالہ نگار کے گرو (موصوف نے اس کے انتساب میں پروفیسر حبیب کے لیے گرو کا خطاب خود ہی تحریر کیا ہے) کی اپنے طلبہ کے لیے یہ تعلیم تھی؟
Anees Jahan Syed: Aurangzeb in Muntakhab-ul-Lubab, Delhi, 1977, p xxix.

[2] صفر احمد : مقاماتِ معصومیہ ۴۲۶ [3] سیف الدین خواجہ : مکتوباتِ سیفیہ ۱۶۲/۱۸۹

Marfat.com

اس کے لشکر میں رہنا پسند فرمایا تھا اسی طرح حضرات مجدّدیہ نے بھی اورنگ زیب کی صحبت اختیار کی ہوگی۔

شہزادگی کے زمانے میں اورنگ زیب کی ان حضرات سے عقیدت اور ان بزرگوں نے جس طرح اُسے دارا کے مقابلہ میں "پاسداریٔ شرع شریف" کی تلقین کی تھی۔ ہم تفصیل سے اس کا ذکر کر چکے ہیں۔ اب صرف بادشاہ بننے کے بعد ان حضرات نے اس کی مذہبی پالیسی کو جس طرح اسلامی رنگ دینے کی کوشش کی، اس کا ذکر کیا جا رہا ہے۔

اس کے بادشاہ بننے کے بعد بھی حضرت خواجہ محمد معصومؒ نے اُسے کئی خطوط لکھے تھے جب اس نے امن و امان کے قیام کے بعد بدعتوں کے ازالہ کی طرف توجہ شروع کی تو حضرتِ خواجہ نے اُسے ان اقدامات پر مبارک باد دیتے ہوئے لکھا:

حضرت سلطان الاسلام..... امیر المومنین.....

اظہارِ نیازمندی و خاکساری و ادائے شکر و ثناء نعمتِ امن و امان و رونق اسلام و قوت شعائر آں می نماید و بہ وظیفۂ دعائے از دیادِ عمر و اُبہت و ظفر و نصرت کہ از مدتِ مدید بآن آنس و الفت یافتہ است..... باجمعے از درویشان اشتغال دارد.....

یہ خط اس دُعا پر ختم فرماتے ہیں:

آفتابِ دولت و سلطنت بر اُفقِ مجد و علیٰ تابان باد۔[1]

اورنگ زیب بھی وقتاً فوقتاً حضرت خواجہ کو خطوط ارسال کیا کرتا تھا۔ حضرت نے اس کے ایک مکتوب کے بدست خواجہ محمد شریف بخاری موصول ہونے کا ذکر کرتے ہوئے اس کے جواب میں اسے بہت سی بیش قیمت نصیحتوں سے نوازا ہے۔[2]

---

[1] محمد معصوم خواجہ: مکتوبات ۶/۳ (اس خط میں اورنگ زیب کے لیے جو القاب لکھے گئے ہیں وہ بہت ہی قابل توجہ ہیں۔ ہم نے دیگر القاب بھی دوسرے مقام پر یکجا کر دیے ہیں)

[2] ایضاً ۲۲۱/۳

Marfat.com

اسی طرح آپ کے برادر بزرگ حضرت خواجہ محمد سعید قدس سرہ نے بھی اورنگ زیب کو نہایت مؤثر طریقے پر خطوط کے ذریعہ احیائے دین کی ترغیب دی ہے۔

تخت نشینی کے چند سال بعد ہی حضرت خواجہ محمد سعید نے اُسے جو خط لکھا ہے وہ القاب سمیت اس قابل ہے کہ یہاں نقل کیا جائے لیکن طوالت کے خوف سے ہم صرف اس کا خلاصہ یہاں دے رہے ہیں:

اُسے دعا دینے کے بعد نہایت مؤثر الفاظ میں لکھا ہے کہ

الحمدللہ کہ تمہاری کامیابی دراصل "آفتابِ ہدایت" کا طلوع ہے اور اس سے "کفر و ضلالت" کی "ظلمت معدوم" ہوگئی ہے اور "الحاد و بدعت" کو جڑوں سے اکھاڑ ڈالا ہے اور عدل و انصاف جس مقام کا مستحق ہے وہ اُسے مل گیا ہے..... اس لیے دین پروری کا تقاضا یہی ہے کہ باقی فحش اور منکرات کے سدباب کے لیے بھی کوشش کی جائے۔ مساجد کی تعمیر و مرمت اور معطل شدہ مدرسے جاری کیے جائیں۔ علماً، فضلاً، زہاد کی تکریم کی (بحالی) کے لیے احکام صادر کیے جائیں[1]۔.....

ایک اور مکتوب میں حضرت خواجہ محمد سعید نے اُسے کامیابی پر جس طرح مبارکباد دی ہے اور خوشی کا اظہار فرمایا ہے اس سے قیاس ہوتا ہے کہ اس نے دارا شکوہ کو شکست دینے کے بعد اس کے تعاقب کے دوران اطلاع کے طور پر جو خط حضرت خواجہ محمد سعید کے نام ارسال کیا تھا[2]، یہ مکتوب گرامی اسی کا جواب ہے۔ آپ فرماتے ہیں:

این مسکین شکرانۂ احسان و عنایت بے غایت حضرت صمدیت..... نماید کہ بموہب و فضل خویش فتح و نصرت شکرِ اسلام کرامت فرمود و رفع و ہدم ارکان کفر و بدعت و قمع رسوم الحاد و زندقہ نمود..... چہ عرض نماید کہ از

---

[1] محمد سعید خواجہ: مکتوباتِ سعیدیہ طبع لاہور ۳۷، ۹۲

[2] اورنگ زیب کا یہ خط ہم پہلے نقل کر چکے ہیں۔

Marfat.com

استماع ایں بشارت عظمیٰ برین شکستہ زدانہ خمول چہ قدر شادی رو داد.....[1]

اس کے بعد اسی خط میں اوّل الذکر مکتوب سے بھی زیادہ پُرزور الفاظ میں احیائے دین متین اور دفع بدعت کی تلقین کی ہے۔

ایک مکتوب جو آپ نے اُسے شہزادگی کے زمانہ میں ارسال فرمایا تھا شرع شریف کے رائج کرنے کی ضرورت اور اس دَور میں جو "ظلمات اور بدعات" رواج پاگئی تھیں کے خاتمہ کے لیے اورنگ زیب کی ذات کو :

"شاہسوارِ مضمار استقامت ذات اشرف است"[2]

قرار دینے کے بعد لکھا ہے کہ تمہارا خط ملا جس سے "خوشحالی عظیم" میسر آئی اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ اورنگ زیب تخت نشینی سے بہت پہلے ان حضرات سے نہ صرف بیعت تھا بلکہ مراسلت بھی کرتا رہتا تھا۔

ایک خط کے ذریعہ اُسے صحابہ کرام و اہلِ بیت کے فضائل سے متعلق بہت سی احادیث مستند کتب سے نقل کر کے ارسال کی تھیں[3]۔

اورنگ زیب کی زمانۂ شہزادگی کی مہم گولکنڈہ کو آپ نے جس طرح جہاد قرار دیتے ہوئے اس جہاد میں خود شرکت کی خواہش کی تھی اس کی تفصیل ہم سابقہ اوراق میں تحریر کر چکے ہیں۔

اس کے نام شہزادگی کے زمانے میں ایک مکتوب میں اس کے ساتھ عدم ملاقات کو جس کرب کے ساتھ "ہجران و دُوری" فرمایا تھا[4] وہ اللہ تعالیٰ نے پوری فرمادی۔ معلوم ہوتا ہے کہ اورنگ زیب کو حضرت مجدّد کے ان صاحبزادوں کے ساتھ کمال درجہ انس تھا، حضرت خواجہ محمد سعید کی آخری عمر اور انتہائی ضعف کی حالت میں بھی وہ خواہش کرتا ہے کہ

---

[1] محمد سعید خواجہ : مکتوبات ۹۵/۴۰ [2] ایضاً ۹۹/۴۵
[3] ایضاً ۶۶/ ۱۲۲ - ۱۲۶ [4] ایضاً ۱۰۲/۴۶

Marfat.com

اس کے ساتھ رہ کر اس کی تربیّت کریں۔

میر صفر احمد معصومی لکھتے ہیں :

حضرت خازن الرحمت رضی اللہ تعالیٰ عنہ در آخر عُمر مبارک خویش سفر دار الخلافہ شاہ جہان آباد بموجب طلب بادشاہ خلد مکان بمقتضائے الہام حضرت رحمٰن تعالیٰ اختیار فرمودہ بودند[1]۔۔۔۔۔

اورنگ زیب بھی ان دونوں حضرات کی بہت ہی تکریم کرتا تھا اور کئی مرتبہ ان دونوں صاحبزادوں کو تحائف بھی دیے۔ معاصر ماخذ عالمگیر نامہ میں ہے کہ ان دونوں صاحبزادوں کو تین سو اشرفیاں نذر پیش کی گئیں[2]۔ اسی طرح خواجہ محمد سعید کو "خلعت اور دو ہزار روپے ملنے کا ذکر بھی محمد کاظم شیرازی نے کیا ہے[3]۔

حضرت مجدّد کے فرزند اصغر حضرت خواجہ محمد یحییٰ کی بھی اورنگ زیب بہت تعظیم کرتا تھا۔ معاصر مورخ بختاور خان نے لکھا ہے :

"مکرر بدرگاہ سلاطین پناہ رسیدہ، مورد مراحم و اعطاف شاہنشاہی شد"[4]

---

[1] صفر احمد: مقاماتِ معصومیہ ۳۷۱

(حضرت خواجہ محمد سعید کا وصال بھی راستے میں ہی دہلی سے سرہند جاتے ہوئے ہوا تھا۔ مراۃ العالم ۴۱۳/۲ میں حضرت خواجہ محمد سعید کی دربار میں تشریف آوری اور اورنگ زیب کا ان کی تعظیم کرنے کا ذکر کیا گیا ہے۔)

[2] محمد کاظم شیرازی : عالمگیر نامہ (طبع کلکتہ) ۲۹۳

بختاور خان : مراۃ العالم ۱/۱۲۲، قابل خان ابو الفتح : آداب عالمگیری ۱۰۸۰/۲

(مراۃ العالم اور آداب عالمگیری میں "سی صد اشرفی" درج ہوا ہے لیکن سب سے قدیم ماخذ عالمگیر نامہ میں "سہ صد اشرفی" ہے۔ اس لیے ہم نے موخر الذکر ماخذ کو ترجیح دی ہے۔ یوں بھی اول الذکر دونوں مآخذ نے عالمگیر نامہ کی عبارت کی لفظی نقل ہی کر دی ہے۔)

[3] محمد کاظم : عالمگیر نامہ ۵۹۵ [4] بختاور خان ۴۱۴/۲

Marfat.com

نبائرِ حضرت مجدد الف ثانی اورنگ زیب کی مصاحبت میں

جیساکہ ہم حضرات سرہند کے سیاسی معاملات کے سلسلہ میں حضرت خواجہ کی وصیّت نقل کر آئے ہیں کہ "بلا ضرورتِ کلی" سلاطین سے میل جول نہ رکھا جائے لیکن اس مقام پر صاحبزادگان نے عین "ضرورت کلی" کے احساس کے تحت دارا شکوہ کے بے دینی و الحاد کے اثرات کو زائل کرنے کے لیے اورنگ زیب کی صحبت اختیار کر لی تھی۔

ہم پہلے لکھ چکے ہیں کہ حضرت مجدد کے دو نواسوں نے اورنگ زیب کے ہاں مستقل ملازمت اختیار کر لی تھی۔ ان میں سے خواجہ محی الدین کو تو خود حضرت شیخ محمد سعید نے سفارشی رقعہ دے کر اورنگ زیب کے پاس بھیجا تھا کہ انہیں :

"محرمِ بارگاہِ سلطنت گردید"[1]

اسی طرح دوسرے نواسے شیخ عبداللطیف کی مالی حیثیت بہت اچھی تھی لیکن اس کے باوجود انہوں نے اورنگ زیب کی مصاحبت اختیار کرنے کو ترجیح دی[2]۔

حضرت خواجہ محمد معصوم کے فرزندِ پنجم حضرت خواجہ سیف الدین کے ساتھ تعلقات کے سب سے نمایاں ثبوت ملتے ہیں۔ جیساکہ ہم پہلے لکھ چکے ہیں کہ اورنگ زیب نے حضرتِ خواجہ سے کہا تھا کہ وہ سفر و حضر میں اس کے ساتھ رہا کریں لیکن آپ نے قبول نہیں فرمایا تھا اور بادشاہ کی مکرر خواہش پر آپ نے اپنے اس صاحبزادے کو بادشاہ کی تربیت کے لیے دہلی بھیج دیا تھا اور بقول صاحبِ مآثر عالمگیری صاحبزادے نے شاہی محل کے قریب ہی قیام فرمایا۔ بادشاہ رات کو امورِ سلطنت سے فراغت کے بعد آپ کی صحبت

---

[1] محمد سعید خواجہ : مکتوبات ۴۵ / ۱۰۱

[2] صفر احمد معصومی : مقاماتِ معصومیہ ۴۰، ۷ اس کی تصدیق حضرت خواجہ سیف الدین کے ان مکتوبات سے بھی ہوتی ہے نمبر ۲۶، ۵۷، ۵۸

Marfat.com

کے انوار و برکات کے حصول، تبادلہ خیال اور کلمات عالی سننے کے لیے ان کے پاس جاتا تھا :

"بعد مرورِ یک پاسِ شب از راہ باغ حیات بخش باتش خانہ کہ مسکنِ حقائق و معرفت آگاہ شیخ سیف الدین سہرندی مقرر بود بنزولِ فیض شمولِ بادشاہ غربا نواز فقیر دوست، منظر انوارِ برکات گردید ساعتے بتذکارِ کلمات افادت آثار صحبت داشتہ و شیخ مذکور را در اقرانش باکرام برداشتہ بدولت خانہ تشریف آوردند۔"[1]

حضرت خواجہ محمد معصوم کے مکتوبات میں واضح طور پر تحریر ہوا کہ آپ نے اورنگ زیب کی مکرر خواہش پر اپنے اس صاحبزادے کو ملہمہ طور پر استخارہ کے بعد دارالخلافہ روانہ کیا۔[2]

حضرتِ خواجہ اپنے ایک مکتوب بنام اورنگ زیب میں لکھتے ہیں کہ صاحبزادہ جو کمالات صوری و معنوی سے آراستہ ہے اس کا مزاج انتہائی عزلت پسند اور میل جول کا عادی نہیں ہے محض تمہاری خواہش اور "خیر خواہی" کے لیے اسے تمہارے پاس بھیجا گیا ہے، فرماتے ہیں

فقیر زادہ ..... بعزلت و عدم اختلاط خو کردہ و بصحبت چندانے سرے نداشت لیکن محض خیر خواہی او را بریں معنی آوردہ است۔[3]"

ایک اور مکتوب میں صاحبزادے کے وہاں قیام کی حیثیت و مقصد کی وضاحت یوں فرمائی ہے :

فقیر زادہ منظورِ نظر قبول گشتہ و اثر صحبت بحصول انجامیدہ و از امر معروف و نہی منکر کہ شیوۂ فقیر زادہ است اظہار شکر و رضامندی نمودہ است۔[4]

---

[1] محمد ساقی مستعد خان : مآثر عالمگیری۔ کلکتہ ۱۸۷۱ء ۸۴۸ [2] صفر احمد : مقاماتِ معصومیہ۔ ۶۰۹

[3] محمد معصوم خواجہ : مکتوبات ۲۲۷/۳

[4] ایضاً : ۲۲۱/۳

Marfat.com

حضرت خواجہ سیف الدین کمال توجہ اور ہمت سے بادشاہ کی ظاہری و باطنی تربیّت کرنے میں مصروف رہے۔ انہوں نے بادشاہ کے سلوک و معرفت سے میلان اور اس میں ترقی کا حال اپنے کئی عریضوں میں حضرت خواجہ کو خوشی کے ساتھ لکھا ہے جو ان کے مجموعہ مکتوبات میں موجود ہیں۔ ان عریضوں کے جواب بھی حضرت خواجہ کے مکتوبات میں شامل ہیں۔

اپنے ایک مکتوب بنام صاحبزادۂ مذکور میں "احوال بادشاہ دین پناہ سلمہ ربہ" کا بھی ذکر ہے۔ بادشاہ کی منازل سلوک کا ذکر کرتے ہوئے لکھا ہے کہ بادشاہ کو "رفع بعضے منکرات" کے لیے بھی کہا جائے اور بادشاہ کے اس رویہ پر آپ نے خداوند کریم کا شکر بھی ادا کیا۔[1]

ایک اور مکتوب میں خواجہ سیف الدین نے بادشاہ کے مراتب سلوک تیزی سے طے کرنے کا ذکر کیا ہے اور اس کے جواب میں حضرت خواجہ نے انہیں مشورہ بھی دیا ہے۔[2]

اورنگ زیب نے حضرت خواجہ سیف الدین سے کہا کہ وہ حضرت خواجہ سے میرے لیے "توجۂ غائبانہ" کی استدعا کریں تو اس کے جواب میں آپ نے براہِ راست اورنگ زیب کو خط لکھا، اس میں فرماتے ہیں کہ جو باطنی اسباق ہم نے صاحبزادے کے خط میں تمہارے لیے لکھے ہیں وہ تمہاری نظر سے گزرے ہوں گے اور پھر غائبانہ توجہ کے بارے میں وضاحت فرمائی ہے۔ اس سے مترشح ہوتا ہے کہ حضرت خواجہ خود ہی اس کی باطنی تعلیم و تربیت کے لیے بذریعہ خط اسباق لکھتے تھے اور صاحبزادگان محض اس کی مشق کے لیے مقرر تھے۔ حضرت خواجہ کے ایک مکتوب سے معلوم ہوتا ہے کہ صاحبزادے کے ہمراہ حضرت خواجہ کے ایک خلیفہ شیخ عبدالعلیم بھی دارالخلافہ میں بادشاہ کی تربیت کے لیے بھیجے گئے تھے اور وہ بھی بادشاہ کے "احوال باطنی" کی اطلاع حضرت خواجہ کو دیتے رہتے تھے۔[3]

حضرت خواجہ سیف الدین اپنے والد بزرگ کی وفات ۱۰۷۹ھ/۱۶۶۹ء کے بعد بھی دہلی میں مقیم رہے اور اسی خدمت پر مامور رہ کر اپنے مشن کو تاحیات جاری رکھا۔

---

[1] ایضاً ۳/۲۲۰ [2] ایضاً ۳/۲۴۲ [3] ایضاً ۳/۱۲۲

Marfat.com

حضرت خواجہ سیف الدین کی بادشاہ کے ساتھ جن صحبتوں کا حال تذکروں میں درج ہے وہاں بعض مجلسوں میں ان کے برادر گرامی شیخ محمد اشرف کا ذکر بھی آیا ہے[1]۔ یہ شیخ محمد اشرف وہی ہیں جو جنگ تخت نشینی میں حضرتِ خواجہ کی نیابت کے لیے اورنگ زیب کے ساتھ تھے اور جن کے اس جنگ میں باقاعدہ میدان میں اورنگ زیب کے ہمراہ رہنے کی تفصیلات ہم درج کر چکے ہیں۔

خواجہ سیف الدین تاحیات دفع بدعات میں مصروف رہے۔ موسیقی جو مغلوں کے دربار کے لوازمات میں شامل ہو گئی تھی اس سے اورنگ زیب کو متنفر کروایا۔ اور اُسے کئی خطوط میں بھی احیائے سنت کی برابر ترغیب دیتے رہے۔ ایک خط میں اسے لکھتے ہیں کہ :

یہ حدیث ہے کہ جو میری ایک مردہ سنت کو زندہ کرے گا اُسے سو شہیدوں کے برابر ثواب ملے گا[2]۔

داراشکوہ نے شیخ اکبر ابنِ عربی کے افکار کو جس رنگ میں پیش کیا تھا اس کے اثرات اس وقت تک موجود تھے اس لیے اُن کو زائل کرنے کی بھی اشد ضرورت محسوس ہوئی۔ انہوں نے اپنے کئی خطوط میں اورنگ زیب کو حضرت مجدد الف ثانی کا یہ قول لکھا :

"مارا بہ نص کار است نہ بہ فص، فتوحاتِ مدینہ از فتوحاتِ مکیہ مستغنی ساخت[3]۔"

ایک اور خط میں اس کی بہت ہی خوبصورت وضاحت کی ہے :

"از نص بہ فص نمی گرانید واز فتوحاتِ مدینہ بہ فتوحاتِ مکیہ التفات

---

[1] صفر احمد : مقاماتِ معصومیہ ۶۱۱ [2] سیف الدین خواجہ : مکتوبات ۱۶۱/۱۸۸

[3] ایضاً ۲۳/۳۹

Marfat.com

نمی نمایند۔"[1]

اورنگ زیب کی کئی مہمات کو خصوصاً اس کی دکن کی طرف پیش قدمی کو انہوں نے واضح طور پر "جہاد" قرار دیا۔ بلادِ کفار کی فتح اور ان پر اس جزیہ کے از سر نو نافذ کرنے کے لیے کہا جو دارا نے اپنے سیاسی مقاصد کے حصول کے لیے شاہ جہان سے معاف کروا لیا تھا اور کئی مہمات میں اورنگ زیب کے ہمراہ شریکِ جہاد ہونے کی بھی آرزو کی تھی۔[2]

قریب العہد ماخذ مقاماتِ معصومیہ کے ایک بیان سے معلوم ہوتا ہے کہ خواجہ سیف الدین، اورنگ زیب کے ہمراہ ایک لشکر میں موجود تھے۔[3]

اورنگ زیب نے ۱۰۷۹ھ/۱۶۶۹ء میں شہزادہ اعظم کی شادی کی تو جن عظیم علما[4] نے نکاح پڑھایا ان میں حضرت خواجہ سیف الدین کا نام بھی شامل ہے[5]۔ اورنگ زیب بھی حضرت خواجہ کو خطوط لکھا کرتا تھا، ان میں سے بعض کے جواب حضرت خواجہ کے مجموعۂ مکتوبات میں شامل ہیں، یہاں اورنگ زیب کے غیر مطبوعہ ایک مکتوب بنام حضرت خواجہ سیف الدین کا عکس دیا جا رہا ہے۔

حضرت خواجہ محمد معصوم کے فرزند ثانی حضرت شیخ محمد نقشبند ثانی حجۃ اللہ (۱۰۳۴-۱۱۱۵ھ/۱۶۲۴-۱۷۰۳ء) کے اورنگ زیب کے ساتھ بہت ہی مشفقانہ مراسم تھے۔ ان کے اپنے بیانات سے یہ نتیجہ اخذ ہوتا ہے کہ وہ اورنگ زیب کی مصاحبت میں

---

[1] ایضاً ۸۲/۵۸ [2] ایضاً ۱۱۳/۷۶

[3] صفر احمد : مقاماتِ معصومیہ ۴۷۹

[4] علمائے کرام کے نام یہ ہیں : قاضی عبدالوہاب، قدوۃ اصفیا میر سید محمد قنوجی، اسوۂ فضلاء ملا عوض وجیہ آنحسیکتی (مآثر عالمگیری ۷۸)

[5] محمد ساقی مستعد خان : مآثر عالمگیری ۷۸



۱۰- اورنگ زیب کا ایک غیر مطبوعہ خط حضرت خواجہ سیف الدین سرہندی کے نام۔ عکس مبنی بر خطی نسخہ مکتوباتِ حضرتِ مجدّد (آخری ورق) مخزونہ کتابخانۂ گنج بخش، مرکزِ تحقیقاتِ فارسی ایران و پاکستان۔ راولپنڈی۔ نمبر ۱۴۲۹۔ بتحقیق محمد اقبال مجددی

Marfat.com

رہتے تھے۔ان کے مکتوبات کا مجموعہ وسیلۃ القبول الی اللہ والرسول کے نام سے طبع ہو چکا ہے جس میں "بادشاہ دین پرور" اورنگ زیب کے نام ان کے بہت سے خطوط موجود ہیں۔

ایک مکتوب میں اورنگ زیب سے اپنی ملاقات کا اشتیاق ظاہر کیا ہے[1]۔آپ کے چھوٹے بھائی حضرت خواجہ سیف الدین تو اورنگ زیب کی تربیت کے لیے پہلے ہی دارالخلافہ میں مقیم تھے یہ بھی تشریف لے گئے اور اورنگ زیب کو اُن سے آنا انس ہوا کہ جدائی برداشت کرنا مشکل ہوگیا خود فرماتے ہیں :

"باوجودے کہ بادشاہِ دین پناہ از کمالِ اخلاص وعنایت از خود جُدا نمی فرمودند[2]"۔۔۔۔۔

انہوں نے بھی اپنے والد اور برادر اصغر کی طرح بادشاہ کو جو خطوط لکھے ہیں ان میں ترویجِ شریعت پر بہت زور دیا ہے۔اس کی کئی مہمات مثلاً دکن کی مہمات کو جہاد قرار دیتے ہوتے مہمات میں کامیابی پر کئی مرتبہ مبارک باد دی ہے۔

حضرتِ حجۃ اللہ کے کئی صاحبزادے بھی اورنگ زیب کے ساتھ رہتے تھے، ایک خط میں اُسے لکھا ہے کہ میرے فرزندوں نے تمہاری ملازمت کا عزم کیا ہے[3]۔برادر زادہ محمد پارسا بھی اورنگ زیب کے ساتھ رہتے تھے[4]۔

اورنگ زیب کی دکن پالیسی سے حضراتِ نقشبندیہ کو پورا اتفاق تھا اور اس کے مذہبی اسباب کی بنا پر جن کا ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں اسے جہاد قرار دیا تھا۔۱۰۹۶ھ/۱۶۸۴ء میں جب حضرت حجۃ اللہ اورنگ زیب سے ملے تو اس کے عزم بیجاپور کا حال معلوم

---

[1] حجۃ اللہ محمد نقشبند : وسیلۃ القبول الی اللہ والرسول - مرتبہ غلام مصطفیٰ خان - طبع حیدرآباد سندھ ۱۹۶۳ء ۷۱/۸۸

[2] ایضاً ۱۲۴/۱۳۹ [3] ایضاً [4] ایضاً ۳۱/۴۲ ، ۲۳/۴۳

Marfat.com

کیا[1]۔ پھر بیجاپور کی فتح پر اُسے مبارکباد پیش کی[2]۔ ان کے فرزند گرامی شیخ عزالدین احمد اس مہم بیجاپور میں اورنگ زیب کے لشکر میں شامل تھے[3]۔ حضرت خواجہ محمد معصوم کے پوتے شیخ محمد ہادی کی اس لشکر میں شمولیت کا پہلے ذکر کیا جا چکا ہے۔

۱۰۹۸ھ/۱۶۸۷ء میں حیدرآباد کی فتح ہوئی تو حضرت حجۃ اللہ نے اُسے پھر مبارکباد دی[4] اور اگلے سال اورنگ زیب کے حکم سے اس کے آخری والی ابوالحسن کی دُوسری بیٹی سے حضرت حجۃ اللہ کے صاحبزادے شیخ محمد عمر کی شادی کی گئی[5]۔

اسی طرح حضرت خواجہ محمد معصوم کے فرزند مروج الشریعت شیخ محمد عبید اللہ[6] (مؤلف حسنات الحرمین) کے بھی اورنگ زیب کے ساتھ تعلقات کا علم ہوا ہے اور انہوں نے اورنگ زیب کی دین داری و دین پروری کے ساتھ اس کی صاحبزادگان سرہند کے ساتھ محبّت والفت کے عجیب واقعات بھی تحریر کیے ہیں[7]۔ ایک مکتوب میں اُسے حالاتِ حاضرہ پر خبردار کرتے ہیں:

"وقت تراکم ظلمات است وشیوع بدعات وہنگام قرب قیامت است وظہور رفتن کہ اجل مسمّٰی ہر ساعت نزدیک تر می گردد[8]۔"

وہ ایک سفر کے بعد پشاور سے سرہند پہنچے تو مزاراتِ مقدسہ پر جا کر اورنگ زیب کی مہماتِ ملکی میں کامیابی کے لیے دُعا کی[9]۔ ایک اور خط میں اورنگ زیب کے لیے طویل القاب لکھنے کے بعد ترویجِ اسلام کے لیے اس کی خدمات کا تذکرہ کرتے ہوئے اُسے ان

---

[1] محمد ساقی مستعدخان: مآثر عالمگیری ۲۷۶ [2] صفر احمد: مقاماتِ معصومیہ ۵۳۲
[3] ایضاً ۵۴۱ [4] ایضاً ۵۳۱ [5] محمد ساقی مستعدخان: مآثر عالمگیری ۳۱۲
[6] حضرت مروج الشریعت کے تفصیلی حالات اسی مقدمہ میں درج کیے جا چکے ہیں۔
[7] مروج الشریعۃ: خزینۃ المعارف ۱۲۸/۱۴۴-۱۴۵
[8] ایضاً ۹۵/۱۲۱ [9] ایضاً ۱۱۹/۱۳۷

Marfat.com

الفاظ میں دعا دی :

"آفتاب سلطنت و عدالت ہمواره درخشان و تابان باد[1]"

خلفائے حضرات مجدّدیہ اور اورنگ زیب

اورنگ زیب جس طرح حضرت مجدّد الف ثانی قدس سرہ کی اولادِ مبارک کا احترام کرتا تھا اور انہیں اپنے سے جُدا کرنا کسی طرح بھی پسند نہیں کرتا تھا اسی طرح ان حضرات کے خلفاؔ کے ساتھ بھی اس کے تعلقات اور مذہبی معاملات میں ان سے مشورت کے کئی واقعات ملتے ہیں۔ اس کی مختلف مہماتِ مُلکی میں بھی کئی خلفاء و معتقدین سلسلہ لشکر میں موجود رہتے تھے۔

مشہور مورخ خواجہ محمد اعظم دیدہ مری نے لکھا ہے کہ اس کے لشکر میں حضرت خواجہ محمد معصوم کے کئی خلفاؔ موجود تھے۔[2] ان حضرات کے خلفاؔ کی کثیر تعداد تھی جن میں سے بعض کے حالات و کمالات کتابوں میں درج ہیں۔[3] معاصر مورخ بختاور خان نے حضرت خواجہ محمد معصوم کا ذکر کرتے ہوئے لکھا ہے :

"خلفاؔ و مریدان ایں سلسلہ در اقطار و اکنافِ عالم از حیطہ شمار بیرون اند"[4]

حضرت خواجہ سلمہ اللہ سبحانہ و دامت برکاتہ مکہ معظمہ میں اقامت کے دوران اکثر طواف میں مشغول رہتے تھے اور ان ایام میں آپ اس عبادت کو دوسری عبادات سے زیادہ اہم شمار کرتے تھے۔ فرماتے تھے کہ عجیب امور اور نادر چیزیں مشاہدہ میں آئی ہیں۔ اکثر اوقات یہ دیکھا گیا کہ "کعبۂ حسناء" ہم سے معانقہ کر رہا ہے اور کامل اشتیاق سے بوسے لیے گئے۔ ان ایام میں ایک روز مشاہدہ ہوا کہ وہ انوار و برکات جو مجھ سے نکل رہے ہیں وہ اس قدر زیادہ ہیں کہ انہوں نے تمام اشیاء کو ڈھانپ لیا ہے اور فضا ان سے بھر

---

[1] عیدالاضحیٰ کے بعد تین دن جن میں گوشت خشک کیا جاتا ہے (المنجد۔ شرق ۳۸۴، دستور العلماء ۲۹۶/۱)

Marfat.com

گئی ہے اور اس کے پہلو میں دوسروں کے انوار معدوم (لاشی) ہو گئے۔ جب میں نے اس معاملہ پر غور کیا۔ تو یہ ظہور ہوا کہ میں اپنی اصلیت سے ماوراء ہو کر حقیقتِ "کعبۂ حسناء" ہو گیا ہوں۔ یہی وجہ ہے کہ وہ تمام انوار مجھ سے ظاہر ہوئے اور میں نے دیکھا کہ بہت سے صاحبِ باطن حاضر ہیں اور کعبۂ حسناء کا طواف کر رہے ہیں۔

چنانچہ بادشاہوں کے خدام وہاں ہر وقت حاضر رہتے ہیں۔

یاقوتیہ

حضرت خواجہ سلمہ اللہ سبحانہ و دامت برکاتہ نے ۳ محرم الحرام کو اہل معلیٰ کی زیارت کی، فرماتے تھے کہ یہ مقبرہ اپنے مدفونین کے اعتبار سے اعلیٰ مقام اور کثرِ انوار کے لحاظ سے تمام مقابر سے مستثنیٰ ہے۔ جب آپ عبدالرحمن بن ابی بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہما جن کی تربت وہاں ہے، پر پہنچے تو وہاں توقف کیا اور فرمایا کہ گویا بحرِ انوار موجزن ہے اور ان (حضرت عبدالرحمٰن) سے حضرت خیر البشر صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبتِ مبارک کے کمالات تاباں و درخشاں ہیں۔

اس کے بعد ام المومنین حضرت خدیجۃ الکبریٰ کے روضۂ منورہ پر اپنے اصحاب کے ساتھ دیر تک مراقبہ کیا اور فرمایا کہ ـــــ امہات المومنین میں سے سب سے بڑی ام المومنین نے اس قدر الطاف و عنایات و عطیات فرمائے کہ ابھی تک کسی سے، اس قسم کے "الطاف" کا ظہور نہیں ہوا۔ اور میں نے محسوس کیا یہ عفت مآب کمال درجہ کے اہتمام اور کثرتِ اعتنا کے باوجود حجاب سے باہر تشریف لا کر کھڑی ہو گئی ہیں، انعام و عطاء میں مصروف ہیں اور فرمایا کہ فلاں فلاں کو بھی یہ نعمت دے دینا۔ اس طرح بہت کچھ فرمایا۔

ان تمام عجیب امور اور نادر نعمتوں میں سے جو مجھے انہوں نے عطا کیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی نسبتِ شریفہ اپنی انتہائی "علو، غایتِ رفعت اور اصالت" سے اس طرح محسوس کروائی کہ گویا کمالاتِ نبوی علی مصدرہا الصلوٰت والسلام میں لپٹی ہوئی ہے۔

Marfat.com

فرماتے تھے کہ جب میں فاتحہ سے فارغ ہوا تو حضرت ام المومنین حجاب سے پھر باہر تشریف لائیں گویا وہی فاتحہ اور اجازتِ رخصت تھی، اس کے بعد میں نے ہر چند ان کے ظہور کے لیے توجہ کی لیکن ظاہر نہ ہوئیں۔

اس کے بعد اُس احاطہ میں جہاں حضرت فضیل بن عیاض اور حضرت سفیان بن عُیینہ اور دیگر بہت سے جلیل القدر مشائخ کے مزار ہیں، میں گئے اور حضرت فضیل کی شان میں بہت سے تعریفی کلمات فرمائے اور کہا امت مرحومہ کے بڑے مشائخ میں میں سے چند ایک ایسے ہیں جو سب سے مستثنیٰ اور علیحدہ شان کے مالک ہیں، اس جماعت میں حضرت فضیل بھی شامل ہیں۔

اس کے بعد آپ اس شخص کی قبر پر گئے جو ہندوستان میں حضرت مجدّد الف ثانی قدس سرہ سے اخذ طریقہ میں مصروف ہوا تھا، لیکن عقل کوتاہ نے دھوکہ دیا اور وہ دوسری جماعت میں شامل ہوگیا، تو وہاں (قبر پر) توقف کیا اور فرمایا کہ وہ خوف زدہ، مغموم اور ندامت سے سر جھکائے ہوئے ایسی عجیب حالت میں ظاہر ہوا کہ کیا بیان کیا جائے۔ میں نے اس کے حال پر ہر چند توجہ کی لیکن اس پر اس کا بہت کم اثر ہوا، فرمایا کہ غیب کا علم اللہ سبحانہ کو ہے جو اس کی طرف گیا اس نے سعادت پائی، اور جس نے اس کے سامنے التجا کی وہ کامیاب ہوا (مراد پائی)۔

یاقوتیہ

حضرت خواجہ دامت برکاتہ بعض ان مشائخ (کے مزارات کی) زیارت کے لیے بھی گئے جنہوں نے حضرت خواجہ اور حضرت مجدّد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ سے معرفت حاصل کی اور آپ سے خصوصی تعلق رکھتے تھے۔ (ان میں سے) ایک کی قبر پر کچھ دیر اپنے اصحاب سمیت مراقبہ کیا اور واپس پہنچ کر فرمایا کہ وہ بڑی عجیب حالت میں ظاہر ہوا تھا۔ وہ اس قدر شرمندہ تھا کہ سر اٹھا کر ہمارے ساتھ نظریں بھی نہ ملا سکا۔ اس کا سبب جب اس سے

Marfat.com

پوچھا تو اس نے جواب دیا کہ یہ ساری حالت حضرتِ مجدد الف ثانی کی اتباع سے روگردانی کے باعث ہوئی ہے کہ اس حقیقتِ حال کو جاننے کے باوجود کہ آپ اپنے وقت کے امام تھے، میں نے ایسا نہ کیا۔

یاقوتیہ

چونکہ حضرتِ مجدّد الف ثانی قدس سرہ کی تحریرات میں "حقیقتِ کعبہ حسناء" کی تحقیق کے سلسلہ میں مختلف عبارتیں پائی جاتی ہیں۔ اس لیے حضرت خواجہ دامت برکاتہ نے ایک دوسرے پر منطبق کرنے کی کوشش کی اور انہیں جمع کرنا چاہا۔ عالمِ غیب سے اس کی حقیقت کے ظہور کے لیے التجا کی اور وہ طالبانِ یقین جو آپ سے وابستہ تھے وہ ان معارف (کے نتائج) سُننے کے اُمیدوار و منتظر تھے۔ یہاں تک کہ ایک روز مکۂ معظمہ میں قیام کے دوران آپ نے نہایت مسرت و انبساط کے ساتھ عالی مرتبہ مخدوم زادوں سے جو خلوت میں آپ سے استفادہ کر رہے تھے، فرمایا جب میں نے اس معاملہ پر غور کیا تو اس عجوبہ منش حقیقت کی اصل الاصل مل گئی یعنی (حقیقتِ کعبہ کو) تمام حقائق پر فائق دیکھا اور محسوس ہوا کہ تمام اشیاء کے حقائق اُسے (حقیقتِ کعبہ) سجدہ کرتے ہیں اور مقامِ عبودیت سے متعلق تمام مراتب حتیٰ کہ نبوّت اور رسالت بھی اس عالی ترین حقیقتِ (کعبہ) سے نازل ہوتے ہیں۔ جس مقام پر امکان کا اثر اور عابدیت کا شائبہ ہے۔ اسی حقیقت پر اس کی انتہا ہے۔ اس کے ماوراء صرف عبودیت رہ جاتی ہے۔ پس ناچار یہ حقائق (جو بیان کئے گئے ہیں) ملکی و بشری ہیں۔ کیونکہ وہ حقیقت اور حقیقت" مجرد اعتباری[1]" ہے، ذاتِ بحت پر یہی چیزیں حجاب بن گئی ہیں۔ ان معنی میں نہیں بلکہ جو سرادقات ہیں وہ اللہ تعالیٰ پر زائد نہیں بلکہ عظمت ذاتیہ کے معنوں میں۔ یہ تو اس کی کبریائی کے لوازم میں ہے۔ اور یہی کیفیت اس کا ایک حجاب بن گئی ہے —— پس اس کی حقیقت کچھ نہیں،

[1] یعنی اعتبار کر لیا جائے کہ اس کے اندر بھی ایک تجرد ہے۔

Marfat.com

صرف اللہ تعالیٰ کی ذات پر اعتبار ——

جب دوبارہ نظر کی گئی اور فکر کی گہرائی میں گئے تو ایک بہت "دقیق سر" منکشف ہوا اور وہ یہ کہ آگاہ کیا گیا کہ" حقیقتِ کعبہ حسناء" تمام قرب اور بیان شدہ منزلت کے باوجود یعنی عبور کرنا اور ان سر ادقات کے ماوراء چڑھنا، حقیقت یہ ہے جیسا کہ عبارت میں واضح کیا گیا ہے، دراصل ترقی یا عروج تو انسان کا خاصلہ ہے —— کوئی بھی اس امر میں اس کے ساتھ شرکت نہیں رکھتا۔ پس کعبہ کی جو اپنی حقیقت ہے۔ اس کے ماوراء اس کا کوئی نصیب نہیں، اور یہ بھی محسوس ہوا کہ انسانی افراد میں جو کامل ترین ہیں خصوصاً حبیب، خلیل اور کلیم علیہم الصلوٰت والتسلیمات کا طبعی احیاء حقیقتِ کعبہ سے متاخر ہے —— ترقی اور عروج کی وجہ سے ان کی عظمت کے سرادقات کے ماوراء سے ان کو" نصیب" ملا اور گزر ہوا۔ یہ متحقق ہے۔ پس کعبہ مکرمہ ہر چند اپنے اصلی مقام کے اعتبار سے تمام عالم کے افراد کے حقائق پر فوقیت رکھتا ہے۔ مگر" ترقی اور عروج" جو کہ انسان کا خاصلہ ہے، کے ذریعہ بعض کامل ترین افراد کو اس حقیقت کے بھی اُوپر" تحقق" میسر ہے۔ اس لحاظ سے کعبہ ان کے انوار کی طرف نگاہ رکھتا ہے۔ کعبہ اور بعض کامل افراد میں ایک اور فرق واضح ہوا (اور وہ فرق) مکان اور مرتبہ کے اعتبار سے ہے اور روحانیات میں سے بعض جیسا کہ فرشتے وغیرہ جو ہر چند انسان سے بلند ہیں۔ اس امر کو جو مناسب مکان ہے مگر وہ منزلت اور درجہ جس پر فضیلت کا مدار ہے، آدمی کو معلوم ہو گیا۔ جیسا کہ عالم مجاز میں حقیقت کا مرتبہ مشاہدہ میں آجاتا ہے۔ ہر چند غلام، سلطنت کے خادم وزیروں کی نسبت بادشاہوں سے زیادہ قریب ہوتے ہیں، لیکن وہ درجہ جو وزیروں کو حاصل ہوتا ہے وہ غلاموں کے نصیب میں نہیں۔

یاقوتیہ

حضرت خواجہ دامت برکاتہ پہلی مرتبہ عاشورہ کے روز جب بیت اللہ میں داخل ہوئے تو فرمایا، کہ اس بیت شریف کے اندر وہ نادر اسرار اور عجیب مطالب معائنہ میں

Marfat.com

آئے کہ ان کا اثر باہر محسوس نہیں ہوتا، چنانچہ "عالمِ مجاز" میں اندر اور باہر کا فرق واضح ہے۔ یہ حقیقت دلیل کی محتاج نہیں ہے کہ "خلوتِ خاص" اور "خاص مجلس" کا تعلق "اندرون" سے ہوتا ہے اور "باہر" ایسے امور بہت ہی کم ہوتے ہیں۔

یاقوتیہ

مخدوم زادہ عالی درجہ حضرتِ خواجہ محمد نقشبند سلمہ اللہ سبحانہ سے منقول ہے کہ مکہ معظمہ میں اقامت کے دوران حضرتِ خواجہ محمد معصوم نے اپنے برادرِ کلاں قدوۃ المحققین زبدۃ العارفین حضرتِ خواجہ محمد سعید قدس سرہ جوان دنوں شدید قسم کے مرض میں مبتلا تھے، دفع مرض کے لیے توجہ کی، اور گڑگڑا کر حضور خداوندی میں التجا کی، دُعا کے لیے ہاتھ مبارک اُٹھائے، فرمایا حدِ امکان تک خضوع و خشوع کیا گیا تو مشاہدہ ہوا کہ مختلف اقسام کی مخلوق نے ہزاروں ہاتھ اٹھا کر میری موافقت کی اور دُعا میں میری اتباع کی، بلکہ تمام حقائق اسماء و صفات الٰہی جل شانہ اور اس کے اصول و ضلال بھی اس مراد کے حصول کے لیے میرے ساتھ شرکت کر رہے ہیں۔ حتیٰ کہ میں ذات بحت کی طرف رجوع ہوا جو پاک اور مقدس ہے۔ یہاں تک کہ اس کے قبولیت کے آثار ظاہر ہوئے اور وہ (برادرِ بزرگ) صحتیاب ہو گئے۔

یاقوتیہ

حضرتِ خواجہ دامت برکاتہ فرماتے تھے کہ ایک روز میں طواف کر رہا تھا کہ "کعبۂ حسنا" نے میرے ساتھ معانقہ کیا اور عجیب قسم کے شوق سے مجھے اپنی گرفتِ سخت میں لے لیا۔

یاقوتیہ

مخدوم زادۂ گرامی مرتبہ خواجہ محمد سیف الدین سلمہ اللہ سبحانہ سے منقول ہے کہ ایک رات حضرتِ خواجہ طواف سے فارغ ہو کر رکنِ یمانی کے سامنے اس مقام پر جہاں سرورِ انبیاء صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھتے تھے، نمازِ وتر میں مصروف ہوئے، فرماتے ہیں کہ (وہاں)

Marfat.com

ایسا محسوس ہوا کہ فرشتوں کی کثیر تعداد رکن یمانی کے نزدیک حاضر ہے۔ جو اس حدیثِ نبوی علی مصدرہا الصلوٰت والتسلیمات کی تائید ہے کہ رکن یمانی کے نزدیک ستر ہزار فرشتے حاضر ہوتے ہیں اور یہ معائنہ بھی کیا کہ وہ جماعت اپنی جگہ سے منتقل ہو کر میرے اردگرد جمع ہو گئی ہے اور اُن کے ہاتھوں میں قلم و دوات ہے۔ انہوں نے مجھ سے "حقیقتِ معاملہ" کے بارے میں کچھ لکھوایا اور چلے گئے۔

یاقوتیہ

فرماتے تھے کہ پنجشنبہ کو سحر کے وقت بعض کمالات کے حصول کے لیے تضرع و التجا کی ایک ساعت کے بعد اس آہ و زاری کا پھر غلبہ ہوا اور میں نے کہا بندہ کے لیے اس کے سوا کچھ نہیں ہے کہ وہ ارادت رکھے اور یہ خطرہ ایسے انشراح صدر میں تبدیل ہوا کہ "بسطِ عظم" پیدا ہو گیا۔ نماز کے بعد حلقۂ ذکر میں دیکھا کہ مجھے ایک عالی شان خلعت عطا ہوا ہے۔ ناگاہ، مجھے خیال ہوا کہ یہ کیسا خلعت ہے۔ تو معلوم ہوا کہ یہ خلعتِ عبودیت ہے۔ الحمد للہ علیٰ ذلک۔

یاقوتیہ

حضرتِ خواجہ دامت برکاتہ ایک روز "مصلائے مالکی" پر حلقۂ ذکر میں بیٹھے ہوئے تھے اور استغراق، توجہ اور مراقبہ میں مصروف تھے، فراغت کے بعد ایک حلقہ منعقد کیا، اس میں فرمایا کہ آج "مجلسِ سکوت" کے دوران "خلعتِ ارشاد" کمال درجہ کی شان کے ساتھ اپنے اُوپر دیکھا اور خود کو اس وقت مرتبۂ ارشاد کے اتنا مطابق پایا کہ اس سے زیادہ کا تصور ممکن نہیں ہے۔ وقت کا تقاضا اور قیامت کے قرب کی وجہ سے اس کا ظہور جیسا کہ وہ (مرتبۂ ارشاد) ہے، جلوہ گر نہیں ہوتا۔ نیز اس مجلسِ سکوت میں محسوس ہوا کہ مجھے قلم و دوات عنایت کیا گیا ہے۔ چنانچہ منصبِ وزارت بھی دیا گیا۔ اس لیے عالمِ ملک و ملکوت کے دفاتر کے ظاہری و باطنی احکام حضرت خواجہ کو تفویض ہوئے اور آپ عالم پناہ

Marfat.com

ہوگئے اور امور کی تجویز و تصحیح کے لیے آپ کی شخصیت مسلّم ہوگئی۔

یاقوتیہ

حضرت خواجہ جب دُوسری مرتبہ خانہ کعبہ میں داخل ہوئے تو فرمایا کہ بیتِ شریف کے اندر اس قدر "اسرارِ خفیہ" کا ظہور ہوا کہ وہ کبھی باہر محسوس نہیں ہوتے تھے۔ اور وہاں مجھے سبز رنگ کا خاص خلعت بھی عطا ہوا۔

یاقوتیہ

فرماتے تھے کہ بیت اللہ شریف کے گرد روحوں کو میں حاضر اور طواف کرتے ہوئے دیکھتا ہوں۔ اکثر حضرت مجدد الف ثانی قدس سرہ اور میرے بڑے بھائی عالم ربّانی عارف سُبحانی شیخ محمد صادق ان رُوحوں کے ساتھ طواف کرتے ہُوئے پائے گئے اور بعض انبیاء علیہم الصلوات والتسلیمات کو وہاں حاضر اور طواف کرتے ہوئے مشاہدہ کیا۔ لیکن ان کا طواف تکلفاً نہیں ہوتا تھا بلکہ یہ صرف شوق کے تحت تھا۔ چنانچہ حدیثِ نبوی علی مصدرہا الصلوٰت والتسلیمات میں ہے کہ معراج کی رات جب حضرت سرورِ انبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کا گزر حضرت موسیٰ علیہ السلام کی قبر سے ہوا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھا کہ حضرت مُوسیٰ علیہ السلام اپنی قبر میں نماز پڑھ رہے ہیں۔ صلی اللہ علیٰ نبینا وعلیٰ آلہم وسائر الصالحین۔

یاقوتیہ

۷ صفر کو مکہ معظمہ میں اقامت کے دوران ارکانِ حج سے فراغت کے بعد حضرت خواجہ محمد معصومؒ اپنی اقامت میں جو بابِ ابراہیم اور باب وداع کے درمیان مسجد سے باہر واقع ہے، بیٹھے ہوئے تھے اور "بلند درجات مخدوم زادے" بھی خدمت عالی میں حاضر تھے۔ حضرتِ خواجہ "تحقیقِ فنا راتم، نفی معالم اور انتفاء شرکِ خفی" کے بارے میں عالی شان کلمات القا فرما رہے تھے ——— اس اثنا میں حضرت امام ہمام قبلۃ الاولیا مجدد الف ثانی قدس سرہ کے ایک قول کا بیان ہوا کہ ایک روز آپ نے ایک تقریب میں عارفِ کامل

Marfat.com

شیخ محی الدین ابن عربی کا یہ واقع بیان کیا کہ شیخ قدس سرہ اس آیت کریمہ و ان من شی الا یسبح بحمدہٖ کی تاویل میں لکھتے ہیں کہ ہو سکتا ہے بحمدہ کی ضمیر خود شی ہی کی طرف راجع ہو یعنی اس ضمیر کا مرجع خود شی ہو۔ یعنی اس کی رُو سے "شرکِ خفی کے دقائق" سے مکمل طور پر باہر نہیں آئے اور اس کی اپنی ذات درمیان ہے، ایسی حمد اللہ تعالیٰ کی جناب کے لائق نہیں ہے اور اس مقدس جناب تک نہیں پہنچتی بلکہ حمد کرنے والے کی طرف لوٹتی ہے۔ حضرت مجدد الف ثانی رضی اللہ عنہ اس معرفت کو پسند کرتے اور فرماتے تھے کہ اس وقت جب میں نے نظرِ کشف سے اس پر توجہ کی تو تمام عالم میں سے کسی کو "دائرۂ نفی و انتفا" کو تمام کرنے والا اور شرکِ خفی کے دقائق سے باہر آیا ہوا نہیں پایا۔ اور ایسا محسوس کیا کہ اس وقت ہر ایک اللہ جل شانہ کا ذکر کرنے والا اور کلمۂ توحید پڑھنے والا جب تک شرک کی تنگ وادی سے باہر نہیں آتا، وہ جو کچھ کر رہا ہوتا ہے وہ اللہ تعالیٰ تک نہیں پہنچتا بلکہ کہنے والے کی ذات کی طرف لوٹتا ہے تو کلمۂ طیبہ لا الہ اس کے حق میں اِلّا انا (مگر ہم) ہو جاتا ہے اور کلمہ طیبہ سے اس کے حق میں "الا انا" حاصل ہوتا ہے[1]۔ فرماتے تھے کہ خود کو اس حکم سے مستثنیٰ پایا اور اللہ جل شانہ کے کرم اور عنایت سے میں نے دیکھا کہ وہ "اثبات" جو مجھ سے واقع ہوا وہ جناب قدس حضرت وہاب جل شانہ تک پہنچ گیا ہے اور اس کے مرتبہ عالیہ کے لائق ہے۔

یہ نقل کرنے کے بعد حضرت (خواجہ محمد معصوم) دامت برکاتہ فرماتے تھے اللہ سبحانہ و تعالیٰ نے کمال مہربانی و کرم سے وہ مقام مجھے عنایت فرمایا اور (اس مقامِ اثبات میں) مجھے حضرت مجدد الف ثانی قدس سرہ کا شریک بنایا اور محسوس ہوتا ہے کہ وجود کے تمام مرتبوں میں سے کسی مرتبہ (خلق اور امر) جو عالم خلق اور امر کے لطائف ہیں، شرک کا شائبہ تک نہیں رہا۔

یہاں متحقق ہو گیا اور جب نفی کا مقام بتمام و کمال منتہی ہوا تو مرتبۂ اثبات میں سے

---

[1] یعنی لا الہ (نفی) الا اللہ (اثبات)

Marfat.com

حظ وافر اور نصیبِ کامل کا حصول ہوا۔ اس وقت عارف مُخلَص[1] ہو جاتا ہے چونکہ اس کی تمام ذات وصفات اللہ سبحانہ کے لیے ہوتی ہیں اس لیے اس کا کوئی عمل تصحیحِ نیّت کا محتاج نہیں ہوتا، اگرچہ اس کی نیّت پر احتمال ہی کیوں نہ کیا گیا ہو، پھر بھی وہ تعین کی محتاج نہیں ہوتی۔ اس وقت وہ اپنے میں کوئی آرزو نہیں پاتا وہ اور اس کے لطائف یہی ہوتے ہیں کہ اُسے (تمام حاجتوں سے) مبرّا کر دیا جاتا ہے۔

اس کے بعد آپ نے فرمایا اس مدعا پر یہ شاہد ہے کہ میں ایک روز مسجد حرام میں باب الوداع کے قریب کلمۂ طیبہ کے ذکر میں مشغول تھا۔ ذکر لسانی ختم کرنے کے بعد جب مراقبہ میں مصروف ہوا تو محسوس کیا کہ "کعبۂ حسناء" اپنے مقام سے منتقل ہو کر اپنی صورت اور حقیقت کے ساتھ میری طرف متوجہ ہوا ہے، اس وقت یہ محسوس ہوا کہ اس کا کوئی اثر باقی نہیں رہا حتّٰی کہ دیواریں اور چھت بھی اس سے خالی ہے۔ اور اپنی لطافت و محاسن کے اظہار کے طور پر مجھے اپنی آغوش میں لے لیا۔ اس وقت میں ذکر لسانی کا مراقبہ بھی کر رہا تھا۔ میں دیکھتا تھا کہ جب بھی میں کلمۂ طیبہ پڑھتا تھا کعبہ میرے بوسے لیتا تھا۔ چونکہ کعبہ اس وقت اپنے "اصل الاصل" مقام سے ہٹا ہوا تھا اس لیے جب تک کلمۂ مبارکہ کا اثبات (الا اللہ) اس مقام تک واصل نہ ہو اس بارگاہ میں مقبول نہیں ہوگا، اس امر کے مشاہدہ سے اس عالی مقام کے حاصل ہونے کی پوری اُمید ہو گئی ہے۔

یاقوتیہ

بڑے مخدوم زادوں سے منقول ہے کہ ماہِ شعبان کے نصف میں حضرت خواجہ بیت اللہ میں داخل ہوئے۔ اسوقت حرمِ محترم سے وداع کا وقت بھی قریب آ رہا تھا، فرمایا کہ اسوقت "عظیم الطاف وعطیات" مرحمت ہوئے اور انکشاف ہوا کہ وہ جواہر سے آراستہ سبز رنگ کا

---

[1] مخلَص (فتح لام)، یعنی وہ طالب جس کو خُدا نے شرک سے پاک کر دیا ہو۔ اور مخلِص یعنی جس کی عبادت خالص اللہ ہی کے لیے ہو۔ (یہاں اول الذکر کا مفہوم ذہن میں رہے)

Marfat.com

خلعت جو عطا ہوا ہے دراصل وداعی خلعت ہے۔ اس کے بعد اجازتِ رخصت اور اس سفر میں ہمراہی صاحبزادگان کے لیے عنایات کے حصول کے لیے متوجہ ہوا تو دیکھا کہ ان سب کے لیے الگ الگ خلعت عنایت کئے گئے۔ الحمدللہ علی ذلک اور فرماتے تھے کہ مقامِ حضرت ابراہیم علی نبینا وعلیہ السلام کے نزدیک "مناسبت" غریبہ کا ظہور ہوتا ہے۔ اس لیے وہ مقام "اسرارِ خلعت" سے مملو ہے۔

یاقوتیہ

حضرت خواجہ دامت برکاتہ گیارہ ربیع الاوّل کو، جو کہ آنحضرت علیہ وعلیٰ آلہ الف الف صلوٰۃ وسلام کا "شبِ مولود" ہے۔ فرمایا آج ہم نے اپنے (منصبِ) ارشاد کے بارے میں اللہ جل جلالہ کے حضور تضرع کے ساتھ التجا کی کہ اسے ترک کر دینا چاہیئے یا اللہ تعالیٰ کی کیا مرضی ہے؟ پس ہمیں اس جلیل القدر امر پر مامور رکھا گیا۔ اس کے اہتمام کے لیے کامل رضا کا ظہور ہوا، اور اس کے ترک کرنے کے بارے میں کوئی اشارہ نہ ہوا۔

یاقوتیہ

جب آپ مکہ معظمہ سے جدّہ پہنچے، تو فرمانے لگے۔ حرم شریف سے باہر بھی انوار د اسرار ان انوار سے زیادہ نظر آتے ہیں جو حرم کے اندر دیکھنے میں آتے ہیں۔ حضور میں انوار کی شعاعوں کے غلبہ کے دوران دیکھنے کے سوا چارہ نہیں ہے اور انسانی فہم انکا احاطہ نہیں کر سکتا۔ اجتماع خاطر (ہنگام قلب) میں "انوار" فہم و ادراک کے قریب آجاتے ہیں۔

یاقوتیہ

حضرت خواجہ سلمہ اللہ سبحانہ ودامت برکاتہ ۱۸ رجب المرجب بروز شنبہ کو "مکہ مشرفہ" میں روانگی کے وقت مصلائے مالکی پر اپنے اصحاب کے ساتھ "حلقہ ذکر"، "مراقبہ وسکوت" میں بیٹھے ہوئے تھے کہ فرمانے لگے۔ کہ اس مجلس میں ایسی "غیبت" و "ربودگی" کی حالت تھی کہ اس میں کسی نے مجھے "عظیم عنایات وعطایاتِ الہیہ" کے ورود سے

Marfat.com

آگاہ کیا۔ میں نے دیکھا کہ ایسا "فاخرہ لباس"، جلیل القدر خلعت اور اس سے ضیا اور انوار کی اس قدر شعاعیں ظاہر ہو رہی تھیں کہ ان کی کوئی مثال نہیں بلکہ صرف نور ہی نظر آتا تھا، جو مجھے پہنا دیا گیا۔ اس کے بعد وہ بقعۂ نور برخاست ہو گیا اور میں مسجد سے باہر آ کر لیٹ[1] گیا تو مذکورہ خلعت کو اپنے اوپر پایا۔ اس کے بعد پھر وہی "غیبت" کی کیفیت طاری ہو گئی۔ اسی اثنار میں یہ ندا آئی کہ حضرتِ حق سبحانہ وتعالیٰ یہی لباس پہنتا ہے جو اس کے شایانِ شان نہیں ہے چنانچہ حدیثِ قدسی میں اس طرح آیا ہے۔ کبریائی اور عظمت میری دو چادریں ہیں (یعنی دو صفات ہیں)

جان لینا چاہیئے کہ اس قسم کے معاملات اسرار میں داخل ہیں اور ظاہری معنی بیان کرتے وقت ان کا مفہوم بدل جاتا ہے۔ (ظاہر مصروف)

فصلِ سوم

آپ کے ان مکاشفات اور الہامات کا بیان جو مدینۂ رسول صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ الف الف صلوٰۃ والسلام میں اور وہاں سے مراجعت کے دوران اور مکہ معظمہ پہنچنے تک (وارد ہوئے)

یہ فصل ۲۶ یواقیت پر مشتمل ہے۔

یاقوتیہ

حضرت خواجہ دامت برکاتہ مکہ سے مدینہ منورہ جاتے ہوئے راستے بھر مقاماتِ مقدسہ (مشاہد) کی دریافت اور تجسس کرتے رہے خواہ وہ آثار ہوں یا مساجد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم

---

[1] "دراز کشیدن" کا یہ مفہوم فرہنگ معین سے ماخوذ ہے۔

Marfat.com

جہاں تک ممکن ہوتا تھا اپنے آپ کو وہاں تک پہنچاتے تھے، اسی طرح صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے مزارات کی زیارت کے لیے بھی بہت کوشش کی، مگر یہ کہ اللہ تعالیٰ کوئی چیز چاہے۔ جب وادیٔ بدر سے صفرا کے لیے روانہ ہوئے تو راستے سے ورے آپ حضرت عبیدہ بن حارث جو کہ غزوۂ بدر میں زخمی ہوکر شہید ہوئے تھے اور صفرا میں مدفون ہیں کے مزار کی زیارت کیلئے گئے ـــــ آپ نے کچھ دیر اپنے ساتھیوں سمیت وہاں مراقبہ کیا اس کے بعد آپ اپنے قافلہ میں واپس آگئے، تو فرمایا میں نے ان کی قبر پر توجہ کی، انہیں اس میں نہیں پایا لیکن ایک ساعت کے بعد ہی کمال شان و مرتبہ سے ظاہر ہوئے اور ہماری طرف آئے اور بڑی خندہ پیشانی سے ملاقات کی۔ تھوڑی دیر ہمارے ساتھ ٹھہرے پھر چلے گئے۔ گویا کسی امر الٰہی میں مصروف تھے یعنی مہمان نوازی کے لیے آئے تھے اور پھر اسی کام کے لیے چلے گئے ـــــ جوں جوں مدینۂ معطرہ نزدیک آرہا تھا "کثرتِ شوق" اور انوار کی شعاعوں کے "شدتِ ظہور" سے غالباً بیدار رہے، علی الصبح مدینۂ رسول علیہ وعلیٰ آلہٖ الف الف صلوٰۃ والسلام میں پہنچے، "روضۂ منورہ" اور مسجد شریف کی زیارت کے آداب بجالائے۔ "روضۂ معطرۂ شریفہ" سے انتہائی مہربانی اور عنایات ہوئیں، غیر حاضری کا سبب دریافت فرمایا اور انعامات و عطیات کا ظہور ہوا۔

تین چار روز کے بعد مدینۂ منورہ کے چند لوگوں نے آپ سے بیعت ہونے کی استدعا کی، آپ نے کمالِ ادب سے ان جلیل القدر امور کے بارے میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اجازت چاہی اور مواجہہ کریمہ پر اس سلسلہ میں مراقبہ کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی اس امر عظیم کے لیے کامل رضامندی اور اس کام کے لیے "انتہائی اہتمام" کا ظہور ہوا، چنانچہ اسی طرح کعبۂ حسنا میں ہوا تھا۔ نہایت عالی شان خلعتِ ارشاد حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہِ مقدس سے عنایت ہوا۔ اسی طرح حضرات شیخین (حضرت سیدنا ابوبکر صدیق و سیدنا عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہما) کے "انوار و عنایات" بھی ـــــ ان اصحاب کا قرب

Marfat.com

سرورِ انبیاء علیہ وعلیہم الصلوٰت والبرکات کے کمالات سے مزیّن ہوکر ظاہر ہوا۔ اور اکثر مشاہد و مقاماتِ مقدسہ خصوصاً مسجد نبوی علی صاحبہ الصلوٰت والتحیۃ، مواجہہ شریفہ اور حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی جائے سکونت پر "ظہورِ انوار" کا ورود اور ان مقامات پر "اسرارِ مکنونہ" جس کمالِ ظہور کے ساتھ موجزن ہوتے، بیان فرماتے رہتے تھے اور حضرتِ امامِ اجل مجدد الف ثانی قدس سرہ کے کمالات اور حضرت خواجہ محمد معصوم کا مرتبہ ان مقاماتِ مقدسہ پر معلوم ہوگیا۔

اس کے بعد آپ جنت البقیع کے مزارات پر گئے، حضرت امیر المومنین عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی عنایات اور الطاف، اہلِ بیت اور امہات مومنات نے مہربانیاں کیں۔ اسی طرح حضرت صدیقہ حبیبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے کمالات نے لامحدود کمالات کا اظہار فرمایا، فرماتے تھے اگرچہ حضرت صدیقہ کا مدفن بقیع ہے لیکن حجرۂ شریفہ جو آپ کا گھر ہے اور اکثر اوقات ام المومنین کو حجرۂ شریفہ نبوی میں پایا اور "مسجد شریف" کو بھی ان کے انوار سے مملو دیکھا۔ فرماتے تھے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے اس قدر الطاف محسوس کئے اور میرے حال پر ان عنایات کا اتنا اہتمام فرمایا کہ کیا بیان کیا جائے؟

حضرتِ صدیقہ نے حضرتِ خواجہ کی جتنی "امداد و اعانت" فرمائی اس میں سے ایک یہ بھی ہے کہ حضرتِ خواجہ نے حضرات شیخین رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے توسل سے حضرت خیر البریہ علیہ الصلوٰت والسلام والتحیۃ کے حضور "شفاعت" کی درخواست کی، جب شفاعت کا اثر بہت جلد ظاہر ہوگیا تو یہ راز معلوم ہوا کہ وہ "توسل" بہ عجلت تمام خود حضرت صدیقہ حبیبہ نے اپنی طرف منتقل کرلیا تھا اور ام المومنین فوراً یہ التماس لے کر جناب مطہرِ رسول اللہ علیہ وعلی آلہ الف الف صلوۃ والسلام کے حضور پہنچ گئیں۔ اور خود آنحضرت علیہ الصلوٰۃ والسلام کے پہلو مبارک میں جلوہ افروز ہوئیں۔ "لوازم محبّت اور موانست کے آثار" کا ظہور ہوا، اور حضرتِ خواجہ کی التماس جنابِ مقدس نبوی علیہ وعلی آلہ الصلوٰت

Marfat.com

والبرکات کے حضور عرض کر دی۔ آپ نے جو کچھ چاہا اس "درگاہِ معلیٰ" سے حاصل کر لیا۔

حضرت فاطمۂ زہرا علی ابیہا و علیہا السلام کے کمالات بھی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے "شب مولد" میں ظاہر ہوتے اور اس شب کو "حجرۂ شریفہ" میں اہلِ بیت کا "اجتماع عظیم" اور بے پایان سرور کا معائنہ کیا۔

یاقوتیہ

ان جملہ عنایات الٰہی جل شانہ میں سے ایک یہ بھی ہے کہ حضرت خواجہ کو اپنے مریدین کی کثیر تعداد کے ساتھ حضرت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے "حجرۂ مقصورہ منورہ" کے اندر داخل ہونے کی سعادت حاصل ہوئی۔ جب آپ اس عالی شان مقام کے اندر داخل ہوئے تو آپ اور آپ کے ساتھیوں پر عجیب رقت اور بہت ہی "فرو رفتگی" طاری ہوئی۔ دیر تک مراقبہ کی حالت میں کھڑے رہے اور سر اور چہرے کو خاص پردے اور حجاب کے اندر ہی رکھ کر نہایت عاجزی سے اس خاکِ پاک کو پیشانی پر لگایا اور اسے اپنے لیے عزت اور اپنی انتہائی معراج خیال کیا۔ اس کے بعد اس "مقام عالی" سے باہر آ گئے۔

کچھ دیر حضرت فاطمہ زہرا کے روضہ جو کہ "حجرۂ شریفہ" کے متصل ہے، کھڑے رہے۔ فرماتے تھے کہ جب میں اس مقام پر پہنچا تو محسوس کیا کہ حضرت رسالت خاتمیت علیہ و علیٰ آلہ الف الف صلوٰۃ والسلام نے نہایت ہی شان و شکوہ والا خلعت جس پر سونے اور چاندی کا کام کیا ہوا تھا اور جواہرات و یواقیت سے مرصع تھا، عطا کیا۔

فرماتے تھے اگرچہ میں "روضۂ منورہ" سے دُور سے دُور تر جا رہا تھا لیکن اس خلعت کے "ضیاء و انوار" زیادہ ہوتے جاتے تھے۔ گویا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے قُرب کے وقت وہ "انوارِ کریمہ" مستور و مغلوب تھے۔

یاقوتیہ

ایک روز مدینہ منورہ کے قیام کے دوران حضرتِ خواجہ کے اصحاب میں سے ایک

Marfat.com

نے آپ کی خدمت میں اس وقت کے دوسرے مشائخ کے "احوال ومقامات" بیان کئے بتقاضای غیرت آپ کے مبارک دل میں خطرہ گزرا ہوگا، اس لیے نسبتوں کا اندازہ لگانے کے لیے توجہ کی، تو آپ کی نسبت کی تجلی ظاہر ہوئی جس کے انوار سے تمام عالم پُر ہو گیا۔ اور اس "قربِ خاص اور منزلتِ مخصوص" سے جس سے "جناب مقدس معلی عرشانہ" نے آپ کو ممتاز کیا ہے ظہور فرمایا۔ اور افرادِ عالم کی نسبت، ان کا جس قدر انکسار و احتیاج اس عارفِ کامل (خواجہ محمد معصوم) کے ساتھ ہے ظاہر ہوا۔ اور محسوس ہوا کہ وقت کے امام و عالم حضرتِ خواجہ ہی ہیں اور "افراد عالم" آپ کے گرد اگرد صف بستہ کھڑے فیض کے منتظر ہیں۔

اسی اثناء میں یہ القا ہوا کہ ایسی عالی مقام ہستی کو یہ حق حاصل ہے (ایسے مواقع پر) کہ دوسروں پر غیرت کھائے۔

یاقوتیہ

ایک روز حضرتِ خواجہ نے عشاء کی نماز "شافعی طریقہ" پر پڑھی، فرماتے ہیں کہ اس وقت امام اجل محی السنۃ محمد بن ادریس شافعی تشریف لائے تو کمال خندہ پیشانی اور سرور سے ملاقات فرمائی۔ اور اس "موافقت" پر خوشی و فرحت کا اظہار کیا۔

یاقوتیہ

وہ عظیم عطیات جن سے آپ کو وہاں ممتاز کیا گیا ایک یہ بھی تھا کہ آپ کو اپنے تمام اصحاب سمیت مسجد نبوی علی صاحبہ الصلوٰت والسلام میں دو دن اور ایک رات اعتکاف کرنے کی اجازت مل گئی۔ جب عشاء کی نماز سے فارغ ہوئے اور ہر کس و ناکس مسجد سے باہر آیا، اس طرح آپ کو اس "بقعۂ شریفہ" میں خلوتِ خاص حاصل ہو گئی۔ حضرت خواجہ مواجہہ شریفہ پر حاضر ہوئے دیر تک مراقبہ کیا۔ اسی طرح آخرِ شب میں تہجد کے وقت بھی حاضر ہوئے اور مراقبہ میں بیٹھے، فرماتے تھے کہ حضرت رسالت خاتمیت

Marfat.com

علیہ وعلیٰ آلہ الصلوٰت والتسلیمات کمال بندہ نوازی اور نہایت کرم سے "حجرۂ خاص" اور "حجابِ مخصوص" سے باہر تشریف لائے اور مجھ پر "نزول" فرمایا اور آنجناب معلیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا اس قدر "شرف" حاصل ہوا کہ اس طرح کسی اور چیز کا ظہور نہیں ہوا تھا، اسی طرح تہجد کے وقت محسوس ہوا کہ آنحضرت علیہ وعلیٰ آلہ الف الف صلوۃ والسلام اپنے "مقصورۂ منورہ" سے باہر تشریف لائے ہیں اور کمال درجہ کی "عنایت ولطف" سے اس "کمترین" کے ساتھ معانقہ فرمایا کہ اس حقیر کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی حقیقتِ مبارک کے ساتھ "خاص الحاق" میسر آیا۔ والحمد للہ علیٰ ذلک۔

یاقوتیہ

جمادی الاوّل کے آغاز میں جب حضرت خواجہ جنت البقیع کی زیارت کے لیے گئے تو حضرت امیر المومنین عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی نسبتِ علیہ "کمالِ شان اور نہایت لطافت" کے ساتھ متجلی ہوئی۔ اور حضرتِ عباس رضؓ کثیر عنایات اور الطافِ وافرہ کے ساتھ اس اہتمام سے حضرتِ خواجہ پر جلوہ گر ہوئے کہ اُسی طرح آپ کے "الطاف" کو محسوس بھی کیا جاسکتا تھا۔

جب حضرتِ فاطمۂ زہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے مزار کی زیارت کے لیے پہنچے تو معلوم ہوا کہ "نسبتِ علیہ" کا تلاطم موجزن ہے اور "بے شمار لطف وکرم" کا احساس ہوا اور ایسا محسوس ہوا کہ حضرت زہرا خود توجہ فرما رہی ہیں گویا فرماتی ہیں کہ تو ہم میں سے ہے اور ہمارا مہمان ہے اور اس سے قبل کثرتِ عنایات کے اعتبار سے ایسا ہی معاملہ حضرت صدیقۂ حبیبہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضری کے وقت پیش آیا تھا۔

جب جنت البقیع سے فارغ ہو کر مسجدِ نبوی علیٰ صاحبہ الصلوٰۃ والسلام میں پہنچے اور حضرت فاطمۂ زہرا کے بحرِ نسبت میں مستغرق تھے کہ حضرت صدیقۂ حبیبہ کی "نسبتِ علیہ" نے ظہور کا شرف فرمایا، اور وہ چھا گئی اور "تحقیق واستہلاک" اور پہلی حالت کے باوجود

Marfat.com

حضرت صدیقہ حبیبہ کی نسبتِ شریفہ کا استغراق بھی حاصل ہوگیا اور پھر ہر مقام پر یہ دونوں بزرگ امہات المومنین رضی اللہ عنہما بہ نفسِ نفیس ظہور فرماتی رہیں اور خود ہی متوجہ کرتی رہیں، حضرت فاطمہ زہرا دائیں طرف سے اور حضرت صدیقہ بائیں جانب سے ظہور فرماتیں اور نمازِ مغرب سے عشا تک یہی معاملہ رہا۔ اس کے بعد "مسجدِ شریف" میں ایسا معلوم ہوا کہ نسبتِ حضرتِ زہرا بتول غالب آگئی ہے اور ان کی نسبت کو "بیاض" کی مانند اور نسبتِ صدیقہ حبیبہ "حجرہ" کی صورت میں نظر آئی۔ اس کے بعد حضرت رسالت خاتمیت علیہ الصلوۃ والسلام کے "مواجہہ شریفہ" پر حاضر ہوئے تو یہی معاملہ وہاں بھی ظاہر ہوا۔ کہ دونوں میں سے ہر ایک کی نسبت مجھے اپنی طرف کھینچتی تھی، آنحضرت علیہ الصلوۃ والسلام کے حضور شریف میں حضرت صدیقہ کی نسبت نے قوت اور غلبہ پیدا کر لیا، گویا دونوں نسبتوں کی بُنیاد ایک ہی ہوگئی ہو۔

عشا کے بعد حضرت خواجہ محمد معصوم واپس اپنے مسکن میں آئے تو مخدوم زادگانِ کبار کے ساتھ ان حکایات کا بیان ہوا۔ فرمانے لگے کہ اس وقت تک وہی معاملہ ہے۔ اس مسکین ضعیف پر ان دونوں رُوحانی بادشاہوں کی کثرتِ عنایات کے باعث اس وقت میں ایسی فرحت اور سرور میں ہوں کہ اس سے اعلیٰ کا ہرگز تصور نہیں کیا جا سکتا۔

یاقوتیہ

حضرتِ خواجہ طالت حیوٰۃ و دامت برکاتہ ۱۶ جمادی الاوّل کو نماز جمعہ سے فراغت کے بعد آنحضرت علیہ الصلوۃ والتحیۃ کی خدمت میں سلام عرض کرنے کے لیے گئے اور "مواجہہ کریمہ" کے قریب کھڑے ہو کر فرمانے لگے جب میں صلوٰۃ و سلام سے فارغ ہوا تو مجھے ایک خلعت عنایت ہوا، اور ایسا محسوس کیا کہ یہ خلعت حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی عنایات میں سے ہے۔ اس کے بعد اسی مجلس اور مقام پر اپنے اوپر دُوسرے خلعت کو پاکر سمجھا کہ حضرت فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی مہربانیوں میں سے ہے، ان دونوں خلعتوں

Marfat.com

کے الگ الگ رنگ تھے۔ اوّل سُرخ اور دوم زرد فام تھا اور اس مقامِ متبرکہ سے واپسی کے وقت سبز رنگ کے تیسرے خلعت نے مجھ پر نزول فرمایا تو القا ہوا کہ یہ حضرت خیرالبریہ علیہ وعلی آلہٖ الف الف صلوٰۃ والسلام وتحیۃ کا عطیہ ہے۔

یاقوتیہ

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی عظمت، "استغناء محبوبی" اور آپ کی رحمت عامہ کے بیان میں حضرت خواجہ نے فرمایا کہ ایسا محسُوس ہوتا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا "وجود شریف" "تمام عالمیان" کا مرکز ہے اور "دورۂ عرش" سے لے کر مرکزِ فرش (زمین) تک تمام مخلوقات فرشتے، حوریں، انسان، جن اور اللہ جل شانہ کی مخلوق کے تمام طبقات آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے محتاج ہیں اور یہیں سے فیض پاتے ہیں، بیشک حقیقی فیض رساں وہابِ مطلق (اللہ تعالیٰ) ہے، لیکن تمام قسم کے فیوض جو لوگوں کو پہنچتے ہیں وہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ہی کے "توسل شریف" سے ہوتے ہیں، ملک و ملکوت کی تمام مہمات آپ کے اہتمام سے انجام پذیر ہوتی ہیں اور اس امر کا مشاہدہ کیا گیا ہے کہ روضۂ مطہرۂ حضرت نبی اکرم علی ساکنہا الصلوٰۃ والسلام والتحیۃ سے شب و روز تمام مخلوقات پر انعام رسانی کا عمل اس طرح جاری ہے گویا آپ کے ساتھ ان کا دائمی رابطہ (سبیل الاتصال) ہے (کہ انوار و فیوض کی ایک سبیل یا سیلِ رواں ہو) جیسے مشکیزوں کے منہ کھول دیئے گئے ہوں، اللہ تعالیٰ فرماتا ہے "ہم نے تمہیں تمام جہانوں کے لیے رحمت بنا کر بھیجا"۔ فرماتے تھے کہ یہ "رحمتِ عامہ" "شمولِ شفقت"، "استغناء و عظمتِ محبوبیت" کے مقامِ خاصہ کا لازمہ ہے جو بہ تحقیق ثابت ہے۔ لہٰذا جناب کے حضور اپنی حاجات کا عرض کرنا دراصل احتیاج میں وسیلہ کے طور پر ہے اور کسی مشکل میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے توسل کے بغیر امور کے حل کے لیے التجا کرنا نافرمانبرداری و گستاخی[1] ہے۔

---

[1] لفظ "صعب" کا یہ بہترین ترجمہ سٹائن گاس کے مرتبہ عربی لغت سے ماخوذ ہے۔

Marfat.com

یاقوتیہ

۲۱ر جمادی الاوّل شنبہ کی رات کو عشا کی نماز سے فراغت کے بعد عالی مقام مخدوم زادے (اللہ ان کی عمر دراز کرے) خلوت میں حضرت خواجہ سلمہ سُبحانہ سے مصروفِ افادہ ہُوئے۔ گزشتہ شب جو کہ جمعہ کی رات تھی گویا ظہورِ اسرار اور بحرِ انوار میں موجوں کا تلاطم تھا۔ آج مجھ پہ جو اسرار وا ہوئے جن کی طرف میں نے اشارہ بھی نہیں کیا اور اگر ان میں سے کچھ ظاہر ہو جائے تو حلق میں لقمہ اٹک جائے اور گلے کٹ جائیں۔ ہاں اگر اس میں سے کچھ اشارہ کیا جا سکتا ہے تو وہ یہ ہے کہ شیخ کامل اور مستعد مرید کے مابین اثبات کیا جا سکتا ہے یعنی جب شیخ کامل چاہے کہ اپنے کمالات کو ایک مرید صادق میں منتقل کر دے تو ایسا ممکن ہے اور وہ خود غائب ہو کر مرید میں ظاہر ہو جائے گا اور اس دوران مرید پہ مرشد کا مکمل "رنگ" چڑھ جاتا ہے، اور اس پر دقائق و حقائق متحقق ہو جاتے ہیں۔

فرماتے تھے کہ حضرت امامِ ربانی مجدد الف ثانی قدس سرہ نے اس معاملہ میں حضرت خیر البریہ علیہ الصلوٰۃ والسلام سے اپنی نسبت کا اثبات کیا تھا۔ اس وقت اس فقیر کے ساتھ بھی یہی عظیم معاملہ درپیش ہوا کہ جناب عالی کی نسبت کو اپنے میں محسوس کیا۔ اور "معاملہ" یہاں تک پہنچا کہ نہ میں اپنی آنکھوں سے کچھ دیکھتا تھا اور نہ ہی اپنے کانوں سے سُنتا تھا۔ فرماتے تھے کہ اس وقت جو نعتیہ اشعار اور مدحیہ قصیدے قدیم طریقے پہ پڑھے جاتے تھے وہ میں سب اپنی طرف منسوب کرتا تھا۔ اس اثنا میں مخدوم زادہ عالی درجہ خواجہ محمد نقشبند سلمہ اللہ سبحانہ نے حضرت خواجہ کی خدمت میں سوال کیا کہ آیا یہ "کون" وہی اس طبقہ صوفیہ میں متعارف "فنا و بقا" ہے یا اس سے بالاتر "امر" ہے؟ فرمایا کہ یہ "معاملہ" فنا و بقا کے علاوہ ہے اور وہ ایسے "خصائص" سے ممتاز ہے جو وہاں نہیں پائے جا سکتے۔ حضرتِ خواجہ دامت برکاتہ فرماتے تھے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے روضۂ مقدس پہ اکثر روحوں اور آسمانی مخلوقات وغیرہ کی حاضری کا مشاہدہ ہوتا ہے ——

Marfat.com

خاص طور پر قبۂ مبارکہ کے اُوپر اور مسجدِ شریف کے باہر "جنود اللہ" (عساکرِ الٰہی) کا اتنا اجتماع ہوتا ہے کہ اندر اس طرح دیکھنے میں نہیں آتا۔

اس راز کے معنی یہ ہیں کہ (مقاماتِ مقدسہ کے) اندرونی انوار میں جو تلاطم ہوتا ہے انسان ان کے ادراک سے قاصر ہے لیکن اس کے برعکس باہر یہ انوار اندر کی نسبت بہت کم ظاہر ہوتے ہیں۔

یاقوتیہ

فرماتے تھے کہ قبلۃ الاولیاؒ امام ربانی مجدد الف ثانی قدس سرہ نے مجھے اسرارِ خفیہ سے آگاہ کیا تھا اور میں اپنے میں ہر چند ان معاملات کو پاتا تھا اور ان اسرار و معاملات کے انتہائی بلند ہونے کی وجہ سے کبھی کبھی ندامت ہوتی تھی اور تردد بھی ہوتا تھا۔ اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ "حجرۂ منورۂ مطہرہ" میں ان اسرار سے نقاب ہٹا دیا گیا اور ظاہر کر دیا گیا کہ "مطلوب" تک پہنچنے کے لیے میرے لیے دو طریقے ہیں۔ اوّل وہ طریقہ ہے کہ اصالت کے اعتبار سے جس کا حصول ممکن ہے اور وہ "طریقۂ احسار[1]" ہے۔ دُوسرا طریقہ یہ ہے کہ کسی کے "توسط اور ضمنیت" سے سلوک کی منازل طے کی جائیں۔ اسے "طریقۂ انابت" کہتے ہیں، لیکن پہلا طریقہ جیسا کہ ظاہر ہے وصول کے قریب ترین ہے اور طریقۂ ثانی میں حضرت خیر البریہ صلی اللہ علیہ وسلم کے الطاف و عنایات حد سے زیادہ ہیں۔

یاقوتیہ

۶ جمادی الاخریٰ بروز دوشنبہ حضرتِ خواجہ اہلِ بقیع کی زیارت کے لیے گئے، واپس آکر فرمایا کہ قبورِ متبرکہ میں سے ہر اُس قبر پر جہاں میں بیٹھا صاحبِ قبر کی عنایات کا اپنے اندر مشاہدہ کیا۔ اسی طرح دیگر اہلِ قبور جن کی زیارت کا ارادہ تھا، کو منتظر پایا اور میری

---

[1] احسار کے لغوی معنی "پینا" ہیں۔ چونکہ کسی بھی چیز کے پینے کے لیے صرف ذاتی حرکت درکار ہوتی ہے۔ گویا اس میں توسط اور ضمنیت نہیں ہوتی۔

Marfat.com

ملاقات کے لیے ان کا اجتماع بالکل اسی طرح تھا جس طرح ایک مہمانِ عزیز کے لیے کیا جاتا ہے اور ان حضرات کی غایت درجہ عنایات کے مسلسل ورود کو محسوس کیا۔

جب امیر المومنین حضرت عثمان علیہ الرضوان کے مزار کی زیارت سے فارغ ہوا تو اپنے اُوپر ایک تازہ خلعت کو پایا، معلوم ہوا کہ یہ حضرت عثمان رضؓ کا عطیہ ہے۔ جب سیّدنا ابراہیم علی ابیہ وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کے روضۂ منورہ پر حاضر ہوا تو دیکھا کہ میری طرف تشریف لاکر مجھے اپنے ساتھ منسلک کرلیا۔ کبھی میرے پہلو میں آتے اور کبھی بہت مہربانی کرتے ہوئے مجھ سے معانقہ فرماتے اور آپ مجھے خالص نور نظر آتے، اور ایسا کیوں نہ ہو کہ اس جگر گوشہ کے حق میں آنحضرت علیہ وعلیٰ آلہ الف الف صلوۃ والسلام نے فرمایا ہے: اگر ابراہیم زندہ رہتے تو نبی ہوتے۔

فرماتے تھے حضرت ابراہیم (جگر گوشہ رسولِ خُدا صلی اللہ علیہ وسلم) کی نسبت کے ظہور اور عنایات کی جو لذّت میں نے پائی ہے اور ان کے القاء نسبت کی جو لذّت ہے وہ مجھ سے جُدا ہونے والی نہیں ہے۔ اسی طرح وہ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم جو اس روضۂ منورہ میں مدفون ہیں مثلاً حضرت عبداللہ بن مسعود وغیرہ سبھی تشریف لائے اور بیشمار عنایات و مہربانیوں کے ساتھ میرا احاطہ کرلیا۔ اس کے بعد امام اجل مالک بن انس کے مرقد پر پہنچا تو آپ بعجلت تمام میری طرف تشریف لائے اور عرب کی رسم ملاقات کے مطابق انتہائی بشاشت اور فرحت سے ملاقات کی کیونکہ ان کی ملاقات انتہائی مسرت میں ہے اور یہ طریقہ ملاقات کسی اور میں نہیں، اس کے بعد ازواجِ مطہرات کی بے حد عنایات و مہربانیوں کو محسوس کیا۔ بالکل اسی طرح جیسا کہ ماں کی شفقت اپنے بیٹے کے لیے ہوتی ہے۔ خصوصاً حضرت صدیقہؓ جیسا کہ جن کی عنایات محض مخصوص وقت کے لیے نہیں تھیں بلکہ میں نے خود کو اُن کے ساتھ منسلک پایا، حضرت زہرا بتول علیٰ ابیہا و علیہا الصلوٰت والسلام کے کثیر الطاف کا ظہور، اہلِ بیت کی بنات مطہرات کی شفقتیں،

Marfat.com

امیرالمومنین حضرت عباس اور حضرت حسن اسی طرح آئمہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی عنایاتِ لاتعداد کا علم ہوا۔

جب میں عارف ربانی خواجہ محمد پارسا قدس سرہ کے مزار مبارک پہ پہنچا تو وہ انتہائی خندہ پیشانی اور "خصوصیت" سے باہر آئے اور نہایت گرمجوشی و کرم فرمایا، اس وقت میں نے ان کی نسبت کو کمال درجہ "صفا اور لطافت" کے ساتھ "فوقِ ظلال" پر پایا۔

جب بقیع سے باہر آئے تو کچھ دیر قلعہ کے دروازے کے باہر کھڑے ہو کر امام اسمٰعیل بن امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہما جو کہ قلعہ کے اندر دفن ہیں، کی روحانیت پر متوجہ ہوئے۔ حضرتِ امام بڑی شان اور نہایت لطف و احسان کے ساتھ حضرت خواجہ پر ظاہر ہوئے۔

یہ مخفی نہ رہے کہ جامع رسالہ ہذا (حضرت مخدوم زادہ محمد عبیداللہ) نے حقائق آگاہ شیخ آدم (بنوڑی) کے احوال اصل (عربی) رسالہ (ہذا) میں اس طرح لکھے ہیں، جن کا میں (مترجم) اقتدار کرتے ہوئے اُنہیں الفاظ میں نقل کر رہا ہوں:

اگرچہ شیخ آدم کے بعض احوال انشاء اللہ الگ ورق پر لکھے جائیں گے لیکن اتنا سُنا ہے کہ حضرت خواجہ جب کبھی بقیع جاتے تو شیخ مذکور کی "تربت" پر ضرور جاتے اور مراقبہ بھی کرتے مگر یہ کہ اللہ تعالیٰ کوئی چیز چاہے اور اس سلسلہ میں بہت غور فرمایا ہے۔

ذیلِ (یاقوتیہ ہذا): ان کلمات کے القاء کے بعد حضرت خواجہ دامت برکاتہ نے فرمایا کہ بقیع کے بقعاتِ مبارک اور مزاراتِ متبرک کی زیارت نے میری نسبت میں "عجب ظہور" اور انوکھی جلاء پیدا کر دی ہے اور اللہ تعالیٰ کے حضور میں اپنے قرب و منزلت کا مشاہدہ کیا تو محسوس ہوا کہ سارا عالم میری اس نسبت سے پُر ہو گیا ہے۔ اور مخلوقات عالم میرے سامنے صف بستہ کھڑی ہے کبھی لباس میں اور کبھی میرے گرداگرد نمودار ہوتے ہیں اور میں ان کے درمیان امام ہوں۔ اور ایسا نظر آیا کہ حضرت حق سبحانہ تعالیٰ کے گوناگوں

Marfat.com

فیوض و برکات جو تمام خلائق تک پہنچتے ہیں، وہ تمام اس درویش (حضرت خواجہ) کے توسط سے بھیجے جاتے ہیں اور تمام مخلوق خواہ اولیاء ہوں یا عام لوگ حصولِ برکات اور ترقیاتِ (باطنی) کے لیے اس ضعیف کے منتظر ہیں۔ ملکی مہمات کی تصحیح کے لیے قلم و دوات کو اکثر اپنے نزدیک حاضر پایا، گویا ایک سلطان ذی شان کے دربار میں وزیرِ اعظم کا جو تعلق اور اختیار ہوتا ہے، اپنی یہی کیفیت میں نے اس مقام پر محسوس کی۔ یہ جلیل القدر خدمت جو مجھے مرحمت کی گئی، اس سے بھی عجیب اسرار کے ظہور کے باوجود "اصالت و محبوبیت" کے اسرار جو اس سے بلند تر ہیں عطا ہوئے۔

اس کے بعد فرمایا کہ اگرچہ اس نسبت نے مجھ پر ظہور و غلبہ کر لیا تھا تو میں متعجب و نادم تھا کہ صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کے حضور اس دوسری نسبت کے ظہور کی کیا گنجائش تھی؟ (تو معلوم ہوا کہ) یہ حالت بھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی عنایات کا اثر اور برکات کا جزو ہے اور یہ سب کچھ ان اکابر کے طفیل ہوا۔ اس طرح مجھے تسلی و خوشی ہوئی۔

یاقوتیہ

ایک مرتبہ حضرتِ خواجہ بقیع کے مزارات کی زیارت سے فارغ ہوئے تو فرمایا کہ ان مزاراتِ متبرکہ سے جو بکثرت خلعت حاصل ہوئے ہیں وہ دراصل ان صاحبِ مزارات کی نسبتوں کا حصول مراد ہے، متعجب ہوں کہ مختلف نوع کے رنگا رنگ خلعت جو ایک دوسرے سے ممتاز بھی تھے، کو اپنے اُوپر پایا اور ان کے انوار کی درخشندگی سے فرحت ہوئی، اس کے بعد زبان گوہر فشاں سے فرمایا کہ حضرات شیخین (سیدنا ابوبکر و سیدنا عمر فاروق) رضی اللہ تعالیٰ عنہما و افاض علینا برکاتہما نے جناب سروری علیہ و علیٰ آلہ الصلوٰت والتسلیمات میں اس قدر "فنا و الحاق" کر لیا ہے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے "حضور شریف" میں اپنا درجہ آناکم کر لیا ہے کہ عام زائرین کے لیے حضرات شیخین رضی اللہ عنہما کے ظہورِ عنایات

Marfat.com

اور اخذِ فیوض کی درخواست کرنا بہت دشوار ہے۔ مگر وہ شخص جس پر آنحضرت کا بہت زیادہ الطاف ہو وہ بہت ہی غور کے بعد حصول عنایات کا امیدوار ہوتا ہے چنانچہ نہایت ہی کمال و کرم سے اپنے خاص خلعت اس حقیر (حضرتِ خواجہ) کو مرحمت کیے بخلاف حضرت امیر المومنین عثمان رضی اللہ عنہ جو کہ حضرت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کچھ فاصلے پر مدفون ہیں، کا ظہور جُدا ہے۔ لہٰذا میں جب بھی آپ کی زیارت کے لیے گیا تو "معاملات و اسرار" کا ذکر ضرور رہا۔

یاقوتیہ

۱۶ جمادی الاخریٰ بروز پنجشنبہ کو حضرت خواجہ مدفونین بقیع کی زیارت اور اس مقام کے اکابر (مدفونین) سے رخصت کی اجازت لینے گئے، اور امیر المومنین حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے مزار پُر انوار کے قریب جا بیٹھے اور معدنِ حیا حضرت عثمان سے وداع ہونے کے بعد دوسرے مزارات پر بھی گئے، فرمایا کہ امیر المومنین رضؓ کمالِ الطاف و مہربانی سے الوداع کہنے کے لیے باہر تشریف لائے، مجھے بوسہ دیا اور مختلف قسم کے خلعت پہنائے اور رخصت فرمایا۔ اسی طرح ہر مزار سے بہت ہی "عنایات" اور بے شمار "الطاف" کا مشاہدہ کیا۔

اس کے بعد بروز دوشنبہ اہلِ بقیع سے اجازتِ رخصت کے لیے دوسری مرتبہ گئے، فرمایا کہ حضرت امیر المومنین عثمان رضی اللہ عنہ سے رخصت لینے کے بعد میں بڑا مغموم و نادم ہوا اور معدن حلم کے مزار پُر انوار پر بیٹھ کر دل میں خیال آیا کہ اس سے قبل تو رخصت کے وقت "خلعت" حاصل ہوا تھا لیکن آج فقط "صحبتِ حضور" ہی کا نصیب ہوا ہے، لیکن "برخواست صحبت" کے بعد دُوسرا خلعت مرحمت ہوا جو "لطافت" میں پہلے خلعتوں سے بہت بہتر تھا۔ فرمانے لگے کہ مزاراتِ متبرکہ میں سے حضرت امیر المومنین کا "معاملہ" سب سے جُداگانہ ہے اور اپنی منزلت و مرتبہ کے اعتبار سے دوسروں سے ممتاز ہیں۔ اگرچہ بعض اُمہات المومنین بزرگی اور انوار میں آپ کے برابر ہیں لیکن اس قسم کے افاضات و عطیات اور کثرتِ عنایات

Marfat.com

جو کہ خلافتِ نبوی کا ثمرہ ہے اور جداگانہ حقیقت بھی۔

یاقوتیہ

حضرتِ خواجہ سید الشہدا۔ امیر المومنین حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ جن کا مرقد شریف جبلِ اُحد کے قریب مدینہ منورہ سے تین منزل کے فاصلہ پر ہے، کی زیارت کے لیے دو مرتبہ گئے۔ آپ جناب سرورِ علیہ الصلوٰت والسلام والتحیات کی "نسبتِ شریف" اور "قربِ منزلت" کے ساتھ حضرتِ خواجہ پر ظاہر ہوتے اور ان کی عنایات والطاف کو محسوس کیا۔

فرماتے تھے کہ بعض اصحاب کبار رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کی اس قدر "عنایات" اور الطاف و دلجوئی کا احساس و مشاہدہ ہوا کہ کیا بیان کیا جائے؟ اور بقیعِ متبرک میں حضرت امیر المومنین عثمان، صدیقہ حبیبہ، سیدنا ابراہیم، عبدالرحمٰن بن عوف، عبداللہ بن مسعود جو کہ روضہ سیدنا ابراہیم میں مدفون ہیں، امام اسمٰعیل بن امام جعفر صادق اور محمد زکی رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین نے اس حقیر کو اس قدر الطاف سے فائز کیا جو دوسروں کے مقابلہ میں بہت زیادہ تھے۔

یاقوتیہ

حضرت خواجہ سلمہ اللہ سبحانہ و دامت برکاتہ نے اپنے دونوں عالی درجہ مخدوم زادوں یعنی حضرت خواجہ محمد نقشبند اور حضرت محمد عبید اللہ (مولف کتاب ہذا) سلمہما اللہ سبحانہ سے خطاب کرتے ہوئے فرمایا کہ تم دونوں کے لیے جناب سرورِ کائنات علیہ وعلیٰ آلہ الف الف صلوات والسلام کی طرف سے "سیم وزر" سے مرصع دو دستار مرحمت ہوئی ہیں، چونکہ ان دونوں مخدوم زادوں نے پورے قرآن پاک کا ختم کیا تھا اور اُسے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہِ معلیٰ میں بطور "ہدیہ و تحفہ" پیش کیا تھا جس کے صلہ میں یہ خلعت عطا ہوئے۔

یاقوتیہ

حضرتِ خواجہ سلمہ اللہ سبحانہ فجر کی نماز کے بعد مواجہہ کریمہ آنحضرت علیہ الصلوٰۃ والسلام

Marfat.com

میں حاضر ہوتے۔ محرابِ حضرتِ عثمان میں اپنے اصحاب سمیت قاعدہ کے مطابق "حلقۂ ذکر" منعقد کیا۔ ایک دن نمازِ اشراق سے فراغت کے بعد فرمایا کہ آج مشاہدہ ہوا کہ گویا حضرت رسالت خاتمیت علیہ الصلوٰت والسلام والتحیۃ روضۂ منورہ سے باہر اس حلقہ کی طرف دبدبۂ سلطنت اور خدام و افواج کے ساتھ تشریف لا رہے ہیں اور بعض خواصان جنہیں "منزلت و مکانت" میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا قرب حاصل ہے، بھی ہمراہ باہر آئے ہیں میرے فرزندِ ارجمند محمد عبید اللہ بھی شاندار لباس اور زیور سے آراستہ ان خواص میں شامل ہیں اور نزدیک آگئے ہیں۔ للہ سبحانہ الحمد۔

یاقوتیہ

فرماتے تھے کہ اہلِ بیت رضوان اللہ تعالیٰ علیہم میں خواتین میں سے حضرتِ خدیجۃ کبریٰ، عائشہ صدیقہ اور زہرا بتول رضی اللہ عنہن علیحدہ علیحدہ شان کی مالک ہیں اور حضرت رسالت خاتمیت علیہ وعلیٰ آلہ الصلوٰت والتسلیمات کے قرب و منزلت کے باعث دوسروں کو یہ "شان و منزلت" میسر نہیں ہے، اور یہ تینوں بزرگ مستورات "علوِ شان" میں ایک دوسرے پر سبقت کے لیے کوشاں رہتی ہیں۔ اس قدر مشاہدہ ہوا کہ حضرتِ صدیقہ کو "معاملاتِ واردہ" میں دوسروں سے زیادہ مداخلت کا وصف حاصل ہے اور حضرت خدیجہ و حضرت زہرا کا کمال درجہ کے قرب کی وجہ سے پورے وقار اور مسکنت سے ظہور ہوتا ہے۔ ہر ایک کے لیے ایک وجہ فضیلت ہے۔ حقیقی علم اللہ تعالیٰ کو ہے۔

یاقوتیہ

حضرتِ خواجہ کے مدینہ منورہ میں اقامت کے دوران ایک روز مولانا بدرالدین سلطانپوری سے، جو کہ آپ کے اجل خلفاء اور عظیم علماء میں شمار ہوتے ہیں، خلوت میں متوجہ تھے کہ سیدنا خلیل الرحمٰن علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام حضرت خواجہ پر ظاہر ہوئے اور حضرت

Marfat.com

ابراہیم خلیل علیہ السلام نہایت کرم سے بہت مسرت کے ساتھ مولانا کے عقب سے حجاب سے باہر تشریف لائے اور مولانا کو اپنی گرفت میں لے کر بخشش فرمائی، اس سے پہلے جبکہ مولانا "دائرہ ولایتِ ابراہیمی" میں داخل ہو کر اس ولایت سے بہرہ ور ہوئے تھے، یہی معاملہ پیش آیا تھا۔ نیز ایک روز حضرتِ خواجہ مسجدِ نبوی علیہ الصلوٰۃ والسلام میں اعتکاف کے ایام میں مولانا کے ہمراہ مواجہہ شریف میں "مجلسِ سکوت" میں تھے، مجلس ختم ہونے کے بعد فرمایا کہ انہیں "خُلت" مرحمت ہوگئی ہے۔ الحمد للہ سبحانہ علی ذلک۔

یاقوتیہ

عالی درجات مخدوم زادوں سے منقول ہے کہ بروز دوشنبہ ۲۰ جمادی الاخریٰ کو مدینہ سکینہ سے رخصت کی اجازت کے لیے حضرتِ خواجہ، حضور فخر موجودات و سرورِ کائنات خواجۂ دین و دُنیا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمتِ بابرکات میں گئے، فرمایا کہ نماز ظہر میں ہی محراب نبوی علیہ الصلوٰۃ والسلام کے نزدیک مجھ پر جدائی کے غم سے گریہ طاری تھا۔ اسی غم واندوہ کے عالم میں تھا کہ روضۂ معطرہ سے آفتابِ رسالت کے انوارِ سطوت و حشمت سے طلوع ہوئے اور حضرت رسالت خاتمیت علیہ وعلیٰ آلہ الصلوٰت والتسلیمات کمال شان وعظمت سے حجرۂ کریمہ سے باہر تشریف لائے، مجھ پر نزول فرمایا اور نہایت کرم سے خلعت اور تاج شاہی جو ایسی شان ورفعت والا تھا کہ ہرگز اس سے پہلے دیکھنے میں نہیں آیا تھا، اس حقیر کو پہنایا۔ ایسا محسوس ہوا کہ اس تاج پر طرۂ شاہی ہے اور اس کے اُوپر لعل وجواہر جڑے ہوئے ہیں، معلوم یہ ہوا کہ یہ آنحضرت علیہ الصلوٰۃ والسلام کے "بدنِ شریف" کا خلعتِ خاص ہے، جو (عطا شدہ) خلعتوں کی طرح نہیں ہے۔ اس کے بعد اپنے ان فرزندوں کے لیے بھی جو اس سفر میں ہمرکاب تھے، جناب عالی حضرت میں التجا کی، تو کمال بندہ نوازی سے ہر ایک کے لیے کئی خلعت مرحمت فرمائے۔ اس کے بعد مواجہہ شریف پر حاضر ہوا تو اس معاملہ کا مشاہدہ کیا۔ فرمانے لگے کہ ان دونوں مقامات یعنی محرابِ خاصہ

Marfat.com

اور مواجہۂ کریمہ میں ایک دوست پہلو میں کھڑا اور حصولِ اجازت کے لیے ہمراہ آیا تھا، میں نے اس کے لیے بھی خلعت کی التجا کی تو یہ درخواست قبول نہ ہوئی۔ تو مزید التجا و تضرع کے بعد اس کے لیے بھی خلعت کی قسم کی کوئی چیز عطا ہوئی۔ چنانچہ اس وقت اُسے دستار سے ممتاز کیا گیا۔

یہ حقیر (مترجم محمد شاکر) عفی عنہ کہتا ہے کہ یہ مکاشفہ دراصل اس واقعہ کی تعبیر ہے کہ حضرت خواجہ نے اس سفر کے دوران شاہ جہان آباد کے راستے میں مشاہدہ کیا کہ حضرت مجدّد الف ثانی قدس سرہ نماز میں امامت کر رہے ہیں۔ اور بہت سے لوگ آپ کی اقتدا میں صف بستہ ہیں۔ میرے دونوں بڑے بھائی خواجہ محمد صادق و خواجہ محمد سعید قدس سرہما، صفِ اوّل میں کھڑے ہیں۔ حضرت مجدّد عین نماز کی حالت میں ہی فرمانے لگے کہ ہمیں محمد معصوم کی طرف سے یہ پہنچا اور یہ بھی پہنچا گویا گنتی فرماتے تھے۔

اسی طرح دونوں بڑے بھائیوں نے بھی کہا کہ محمد معصوم سے حضرت مجدّد الف ثانی کو فلاں فلاں ملا۔ اس اثنا میں حضرت وہاب عز شانہ کی طرف سے آپ کو "مجدّد الف ثانی" کا خطاب ملا کہ اس کی آرائش کی جائے گویا حضرت مجدد عرض کر رہے ہیں کہ کس قسم کی آرائش کی جائے؟ حکم ملا کہ لعل و جواہر سے آراستہ تاج ان کے سر پر رکھا جائے اور جو لعل و جواہر اس پر لگے ہوئے ہیں ان کی روشنی سر سے لے کر قدموں تک ہے، گویا نورٌ علیٰ نور ہے۔

یاقوتیہ

فرماتے تھے کہ خلعت کے عطا ہونے سے مراد ہے "نسبت خاصہ" کا افاضہ اور معاملہ مخصوصہ جس کی اوّلین دلیل مشاہدہ ہے۔ جو عطا کرنے والے کی کامل عنایت سے بندہ کی نظرِ کشفی میں اس عطیہ کو خلعت کی صورت میں متمثل کر دیا، وہ عنایات جو اس خصوصیت کی حامل نہیں تھیں وہ خلعت کی صورت میں نمودار نہ ہوئیں، یہی وجہ ہے کہ "مواجہۂ شریفہ" میں اپنے مخصوص مریدین کے لیے حصولِ خلعت کے لیے جو التجا کی تھی اس کا اثر ظاہر نہیں

Marfat.com

ہوا تھا۔ اگرچہ ان اصحاب پر التفات و عنایت کا احساس ہوا تھا مگر بعض فقیر زادوں کو محض اللہ کے فضل و کرم سے خلعت عنایت ہوئے۔

یاقوتیہ

حضرت خواجہ سلمہ اللہ سبحانہ و دامت برکاتہ جب حرمین الشریفین کے متبرک مقامات پر پہنچے تو ان مقامات کی محبت کا آپ پر اتنا غلبہ ہوا کہ دیارِ ہند کی طرف واپس جانے میں خاصا توقف اور تردد فرمایا۔ جب قافلہ کے مدینہ منورہ سے روانہ ہونے کا وقت قریب آیا تو حضرتِ خواجہ مواجہۂ کریمہ و روضۂ منورہ پر حاضر ہوئے کہ حضرت سرورِ کائنات علیہ الصلوات والسلام کی مرضیٔ مبارک معلوم کریں کہ بندہ کی درگاہِ معلیٰ پر اقامت منظور ہے یا وطن واپسی؟ تو کمالِ رضا کے ساتھ واپسی کا امر ہوا اور رخصت کا واضح اشارہ فرما دیا۔

اس اثناء میں حضرتِ خواجہ کے دل میں آیا کہ سلطانِ وقت (شاہ جہان) کا بڑا بیٹا (داراشکوہ) جو شریعت کا دشمن اور متشرع اصحاب خصوصاً سلسلۂ نقشبندیہ سے منسلک اور خاندانِ حضرت مجدد الف ثانی سے خاص عداوت رکھتا ہے، اور اس جماعت کو نقصان پہنچانے کے درپے ہے، تو تردد ہوا۔ اس لیے اس معاملہ میں آپ نے جناب معلی صلی اللہ علیہ وسلم میں التجا کی۔ فرماتے ہیں کہ ایسا محسوس ہوا کہ حضرت رسالت خاتمیت علیہ و علیٰ آلہ الصلوات والتسلیمات دست مبارک میں برہنہ تلوار لیے ہوئے ظاہر ہوئے اور دارا کے قتل کے لیے اشارہ فرمایا۔ چنانچہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو اشارہ فرمایا تھا، ایسا ہی ہوا۔

اس واقعہ سے چند سال قبل حضرت خواجہ سلمہ اللہ تعالیٰ نے نہایت مسرت و شادمانی کے ساتھ روضۂ حضرت مجدد الف ثانی قدس سرہ (سرہند شریف) میں اس معاملہ کے ظہور کی امیر المومنین اورنگ زیب کو بشارت دی تھی۔ چنانچہ اب ایسا ہی ہوا جس کا مشاہدہ کیا گیا تھا۔ یہ حضرتِ خواجہ کی کرامت بھی ہے اور حضرت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا معجزہ بھی۔

Marfat.com

یاقوتیہ

